سلسلۂ انجمن ترقی اردو
نمبر ۱

البیرونی

مؤلفہ

سید حسن برنی بی۔ اے (علیگ)

مدارسة اخلاق الحکماء والعلماء تحیی السنة الحسنة وتمیت البدعة

حکما اور علما کے حالات کا مطالعہ عمدہ سیرتوں کو زندہ اور بدعت کو مردہ کرتا ہے۔ (بیرونی)

دار الناظر پریس واقع چوک لکھنؤ طبع یافت

شکر

یہ کتاب عالیجناب مسٹر محمد اکبر حیدری بی - اے -
ہوم سکرٹری دولت آصفیہ کی فیاضانہ امداد سے طبع ہوئی ہے -
آپ نے عام طور پر اور خصوصاً ریاست حیدرآباد کے علمی اور
تعلیمی کامون کی ترقی مین جو حصہ لیا ہی وہ بے انتہا قابل تعریف ہے -
"انجمن ترقی اُردو" پر آپ کی خاص نظر توجہ ہے اور آپ کو
اس کے اصول و مقاصد سے کامل ہمدردی ہے - انجمن کی جو
اعانت آپ نے مختلف طریقون سے وقتاً فوقتاً فرمائی ہے
انجمن اسکی نہایت ممنون ہے -

امید ہی کہ جناب حیدری صاحب کی علمی ہمدردی اور علمی
قدردانی کی یہ مثال ہمارے ہم وطنون کے لیے قابل تقلید ثابت ہوگی -

عبدالحق

آنریری سکرٹری انجمن ترقی اُردو

قابل مؤلف نے اپنی خاص عنایت سے اس کتاب کا پہلا اڈیشن
انجمن کو عطا فرمایا ہے۔ جو درحقیقت انجمن کی بہت بڑی اعانت ہے۔
انجمن اس قابل قدر امداد کی نہایت شکر گذار ہے۔

اس اڈیشن کے فروخت ہونے پر مؤلف کو اختیار ہوگا کہ وہ
خود طبع کا انتظام کریں یا انجمن کو اجازت دیں۔

عبدالحق
سکرٹری انجمن ترقی اُردو

فہرست مضامین

دیباچہ

(۱) (ا) اسلام کی سیاسی حالت چوتھی اور پانچوین صدی ہجری مین
(ب) مسلمانون کی علمی ترقیات چوتھی اور پانچوین صدی ہجری مین

(۲) البیرونی
(ا) تاریخ ولادت۔
(ب) مقام ولادت۔ بحث دربارۂ محل وقوع "بیرون"
(ج) تعلیم و تربیت
(د) حالات قبل از قیام جرجان
(ہ) حالات قیام جرجان
(و) قیام خوارزم
(ز) محمود اور بیرونی
(ح) سفر ہند۔ تحصیل علوم ہند
(ط) قیام غزنی۔ دربار مسعود و مودود
(ی) وفات

(۳) فہرست تصانیف وتالیفات بیرونی

(ا) تمام کتابون کے نام جواب تک معلوم ہو سکے ہین

(ب) کون سی کتابین اب موجود ہین (۱) مطبوعہ (۲) غیر مطبوعہ

(۴) کتاب آثار الباقیہ

(۵) کتاب الہند

(۶) تبصرۂ اختتامی

(ضمیمہ) فہرست ابواب قانون المسعودی

دیباچہ

آج سے پورے تین سال پہلے کا ذکر ہے کہ ابوریحان بیرونی کی دو تصانیف "آثار الباقیہ" اور "کتاب الہند" میری نظر سے گذری تھین۔ ان کتابون کے مطالعہ سے بیرونی کی جو وقعت میرے دل مین پیدا ہوئی اُس کا اندازہ اس بات سے ہوسکتا ہے کہ مین نے باوجود عدیم الفرصتی اور علمی بے بضاعتی کے اُسی وقت سے بیرونی کے مفصل حالات بہم پہونچانے اور اہل ملک کی خدمت مین پیش کرنے کا مصمم قصد کر لیا۔ تقریباً ایک سال کی تلاش و جستجو کے بعد مین اس قابل ہوا کہ مین نے ایک رسالے مین حکیم موصوف کے حالات قلمبند کر دیے۔ بعض وجود سے اُس رسالے کی اشاعت معرض التوا مین رہی اور اب تک اُس کے چھپنے کی نوبت نہ آئی۔

ابتدا مین بیرونی کی ذات سے جو دلبستگی مجھے پیدا ہوگئی تھی وہ ایسی نہ تھی کہ رسالۂ مذکور کی تحریر کے ساتھ ختم ہوجاتی۔ مین اس کے بعد بھی اُس کی تصانیف مین برابر ویسی ہی دلچسپی لیتا رہا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جہان میری معلومات مین روز بروز اضافہ ہوا وہان بیرونی کی عظمت کا نقش میرے دل مین اور بھی گہرا ہوگیا۔ بالآخر مین نے محسوس کیا کہ جو رسالہ مین بیرونی کے حالات مین لکھ چکا تھا وہ نہ صرف نظر ثانی کا محتاج ہے، بلکہ اُس کے اکثر حصے کو دوبارہ لکھنا ضروری ہے۔ اس خیال کا پیدا ہوجانا آسان تھا، لیکن جب دوبارہ قلم ہاتھ مین لیا اور نئے سرے سے بیرونی کا تذکرہ لکھا تو معلوم ہوا کہ اپنی قوت کا اندازہ کرنے مین

اس مرتبہ بھی دھوکا کھایا۔ بہرحال اس کوشش کا اتنا نتیجہ ضرور نکلا کہ دوسرے رسالے کا حجم پہلے سے سہ چند ہو گیا، بہت سی ضروری باتین جو پہلے درج ہونے سے رہ گئی تھین، بڑھ گئین، جو زیادہ ضروری نہ تھین، یا تو بالکل نکال دی گئین یا اختصار سے مندرج ہوئین۔ موجودہ رسالہ اُسی اخیر کوشش کا ماحصل ہے اور اپنی کم علمی کا اعتراف کرتے ہوئے مین بکمال ادب اُسے ناظرین کی خدمت مین پیش کرتا ہون۔

جہان تک مجھے معلوم ہے اُردو مین بیرونی کے حالات مین صرف ایک چھوٹا سا رسالہ لکھا جا چکا ہے جسے مؤلف رسالہ، مولوی محمد عنایت اللہ صاحب بی۔ اے (علیگ) نے محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس ہفتم منعقدہ دہلی (دسمبر ۱۸۹۲ء) مین پڑھ کر سنایا تھا۔ اس کے علاوہ ماسٹر عبداللہ خان صاحب نے اپنی کتاب "مشاہیر عالم" (حصہ اول) مین چند صفحے بیرونی کے حالات مین تحریر کیے ہین۔ افسوس ہے کہ جو کچھ لکھا گیا ہے اُس مین پوری تحقیق اور احتیاط سے کام نہین لیا گیا ہے، اور اس وجہ سے جابجا غلطیان پائی جاتی ہین کیسے تعجب کی بات ہے کہ ہمارے ملک مین اس وقت تک اُس جلیل القدر شخص کے حالات لکھنے کی نہایت معمولی اور سرسری کوششین کی گئی ہین، جس نے آج سے نو صدی پہلے برسون کی لگاتار محنت کے بعد ہند اور اہل ہند کے بارے مین نہایت مستند تصانیف لکھی تھین۔

حاشا میرا یہ دعویٰ نہین ہے کہ مین اُس علامہ اجل کے حالات لکھنے مین بالکل کامیاب ہو گیا ہون۔ مین ایسے دعوے کی اہمیت سے بخوبی واقف ہون۔ ہان اگر مین اپنی کوشش مین بالکل ناکام نہین رہا، اور موجودہ مضمون ناظرین کے دلون مین بیرونی کی سچی عزت پیدا کر سکتا ہے (جو اس کا اصل مقصد ہے)، تو مین بیرونی کے اُس حق سے، جو

اُس کا دلی مداح ہونے کی حیثیت سے مجھ پر واجب ہے بسکدوش ہونے کا ضرور کسی قدر فخر کرسکتا ہون۔

مشہور جرمن مستشرق ایڈورڈ زاخو (Edward Sachau) کے کتاب الہند اور آثار الباقیہ کے انگریزی تراجم، اور اُن دیباچون اور حواشی کا، جو ان کتابون پر فاضل موصوف نے لکھے ہین، مین نہایت زیربار احسان ہون۔ اس رسالے کی تحریر مین اُن سے بہت بڑی مدد ملی ہے۔

سب سے بڑھ کر سپاس گذاری کے مستحق میرے محترم اور شفیق اُستاد شمس العلما مولانا خلیل احمد صاحب مدظلہ ہین، جو ہمارے زمانے مین متقدمین علماے اسلام کے تبحر و فضل کی زندہ مثال ہین۔ جب کبھی مین نے خواہش کی اُستاد موصوف نے اپنی بیش بہا مدد عطا فرمانے سے دریغ نہ کیا۔ نیز مین اپنے اُن احباب کا بیحد شکرگذار ہون جنھون نے رسالۂ ہذا کے غیر مکمل مسودے کو دیکھ کر اُس کی تکمیل پر اصرار کیا تھا، اور فی الحقیقت یہ اُنھین کی ہمت افزائی اور اصرار کا نتیجہ سمجھنا چاہیے کہ مین اس کے شائع کرنے کی جرأت کرتا ہون۔

بلند شہر
نومبر ۱۹۲۷ء

سید حسن برنی

"بیرونی تمام علماء و حکماے اسلام مین سب سے زیادہ ذہین و طباع اور علوم طبیعی اور ہندسہ مین سب سے بڑا محقق اور مدقق تھا"

مستشرق مالی نو (Mallino)

"مسلمانون کی شاہراہِ علم و حکمت کو بیرونی سے بڑھکر شاید ہی کسی کے روشن، قوی اور نکتہ رس دماغ نے منور کیا ہے"

ریمنڈ بیزلے (R. Beazley)

"البیرونی" شاید تاریخ اسلام کے ہر عہد اور ہر قوم مین سب سے بڑا نام ہے"

(ایضاً)

"البیرونی علوم ریاضی و طبیعی کے میدان مین اسلام کا سب سے زیادہ ذہین، باجدت اور عمیق النظر حکیم تھا"

نیلنگ (C. A. Nalling)

(۱)

تاریخ اسلام مین چوتھی اور پانچوین صدی ہجری ترقی علم و حکمت کا ایک بے مثل دور تھا۔ پیروانِ اسلام مین ایک عالمگیر علمی روح پھیلی ہوئی تھی جس کی وجہ سے ہر طرف علمی مستعدی اور مصروفیت کے آثار روشن تھے۔ اس عہد کی تاریخ کو جب نظرِ غائر سے مطالعہ کیا جاتا ہے تو دو مابہ الامتیاز خصوصیتین نظر آتی ہین۔ اول یہ کہ سیاسی حیثیت سے یہ زمانہ ایک نہایت پُر آشوب زمانہ ہے دوم یہ کہ اس زمانے مین مسلمانون کا شغفِ علمی معراجِ کمال کو پہونچا ہوا ہے ایک لحاظ سے اِس وقت کی تاریخ قومی تاریخ کا ایک تیرہ و تار حصہ ہے اور دوسرے لحاظ سے وہ ایک نہایت روشن اور تابناک باب ہے۔

بادی النظر مین ان دونون حالتون کا اجتماع جمع اضداد معلوم ہوتا ہے اس لیے کہ ترقی علوم و فنون کے لیے بدنظمی، رات دن کے انقلابات پیہم، پیکار و جنگ اور فقدان امن سے بڑھ کر کوئی چیز ناموافق نہین ہو سکتی جس کا

امن استمراری اور نظم ونسق مستقل خواب وخیال ہون، اور مطلع سیاست پر آئے دن طوفان بلاخیز آتے رہتے ہون وہان علمی چرچون اور علمی مجلسون کا سان و گمان بھی نہین ہوسکتا۔ خیال ہوتا ہے کہ ایسے زمانے مین سوسائٹی کی تمام تر توجہ فنون حرب اور جنگی آراستگیون مین صرف ہونی چاہیے اور پوری قوتین سیاسی کشمکش کے نذر ہوجانی چاہیین۔

جس زمانے کا ہم یہان ذکر کر رہے ہین یہ وہ زمانہ ہے جب عربون کی مجتمعہ قوت قصۂ ماضی ہوچکی تھی اور اُن کا عصاے جہانبانی تاجدارون کے کمزور ہاتھون مین تھا، جو بوجھ سے کانپ رہے تھے۔ اہل عرب کی شمع اقبال عشرت پسند خلفا اور امرا کے محلات مین ٹمٹما رہی تھی اور چارون سمت سے اُٹھنے والی آندھیون کے جھوکون سے اُس کی ہستی معرض خطر مین تھی۔ عبد الملک اور ولید[1] کے پرشکوہ زمانے داستان پاستان رہ گئے اور ہارون ومامون کے قرون اقبال خواب وخیال ہوچکے تھے۔ مریض عربی بستر سیاست پر دراز، مرض سے گھل رہا تھا، اور نڈھال تھا، اور گو اپنی سخت جانی سے اس حالت مین بھی مدتون پابند حیات رہا، اور کبھی کبھی اُس کی خشم آلود نگاہین اعدا کے قلوب پر بجلیان گراتی رہین، لیکن اُس کی یہ زندگی جیسی زندگی تھی اور جو کچھ ایسی

---

[1] ولید بن عبد الملک کا عہد خلافت (سنہ ۸۶-۹۶ ہجری) عربون کی فتوحات کا نہایت کامیاب دور تھا۔ مشرق مین قتیبہ بن مسلم نے، جو سلطنت چین کی فتح کے لیے روانہ ہوا تھا، سمرقند، خوارزم، فرغانہ، شاش، کاشغر وغیرہ ممالک وسط ایشیا کو فتح کیا، اور ولید کی وفات کی وجہ سے فغفور سے خراج لیکر واپس آیا۔ محمد بن قاسم جو ہند کی فتح کے قصد سے روانہ ہوا تھا ولید کی بیوقت موت کے باعث سندھ فتح کر کے لوٹ گیا، طارق بن زیاد اور موسی بن نصیر نے اسپین و جزائر بحار روم کو فتح کیا، غرض ایک ہی وقت مین عربون کے عساکر مشرق ومغرب مین فتح ونصرت کے پرچم اُڑا رہے تھے اسکے بعد عربونکو ایسا کامیاب زمانہ دیکھنا نصیب نہوا۔

زندگی کا مآل ہونے والا تھا ظاہر ہے۔

ایسا ضرور ہوتا تھا کہ جہاں تہاں آثار امید زندہ ہو جاتے اور اتفاقاً حکمران کی غیر معمولی استعداد سے کچھ دنوں کے لیے توانائی عود کر آتی تھی، لیکن ازالۂ مرض نہونے کی وجہ سے بہ ہیئت مجموعی حالت نہ سدھرنی تھی اور نہ سدھری۔ عربوں کا وسیع رقبۂ حکومت اندلس سے لیکر یا ورلے نہر جیحون تک بیشمار آزاد اور خود مختار حکومتوں اور ریاستوں پر تقسیم ہو گیا تھا جن میں کسی قسم کا سیاسی اتحاد موجود نہ تھا بلکہ[۲] رات دن کے سیاسی تصادم سے ایک حکومت دوسرے کو کمزور کرتی اور غیروں کے لیے راستہ بناتی تھی۔ اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ خیر القرون کے بعد عربوں کی

[۲] مندرجہ ذیل فہرست سے، جو سرسری طور پر طیار کر لی گئی ہے اور نامکمل ہے، اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اس زمانے میں عربوں کی حکومت کی تقسیم کی کیا حالت تھی:—

(۱) افریقیہ و ایشیا: (۱) فاطمیہ (مصر ۳۲۲ھ - ۵۱۷ ہجری (۲) اخشیدیہ (مصر ۲۹۷ھ - ۵۶۷ ہجری (۳) ہمدانیہ (موصل، حلب وغیرہ) ۳۱۷ھ - ۳۹۴ ہجری (۴) مرداشیہ (حلب) ۴۱۴ھ - ۴۷۲ ہجری (۵) عقیلیہ (موصل وغیرہ) ۳۸۶ھ - ۴۸۹ ہجری (۶) مروانیہ (دیاربکر) ۳۸۰ھ - ۴۸۹ ہجری (۷) مزیادیہ (حلہ) ۴۰۳ھ - ۵۴۵ ہجری (۸) کاکویہ (کردستان، اصفہان) ۳۱۸ھ - ۴۴۳ ہجری (۹) حسنویہ (کردستان، ہمدان) ۳۴۸ھ - ۴۰۶ ہجری (۱۰) خوارزمیہ (۱۱) زیاریہ (جرجان، طبرستان) ۳۱۶ھ - ۴۷۰ ہجری (۱۲) بویہ (عراق، اہواز، کرمان) ۳۲۰ھ - ۴۰۳ ہجری (۱۳) بویہ (کرمان) (۱۴) بویہ (عراق) ۴۱۱ھ - ۴۴۷ ہجری (۱۵) بویہ (رے، ہمدان وغیرہ) ۳۲۰ھ - ۴۴۸ھ (۱۶) بویہ (فارس) ۳۲۰ھ - ۴۴۰ ہجری (۱۷) غزنویہ (افغانستان و پنجاب) ۳۵۱ھ - ۵۸۲ ہجری (۱۸) سامانیہ (ماوراءالنہر) ۲۶۱ھ - ۳۸۹ ہجری (۱۹) سلجوقیہ (حکومت مشرقی) ۴۲۹ھ - ۵۵۲ ہجری۔

مشکل سے یکجہتی اور اتفاق قائم رہا، اور سیاسی تخالف و تصادم کو کچھ اسی دور کے لیے مخصوص نہین کیا جا سکتا، لیکن قرون ماسبق اور اس زمانے کی حالت مین یہ بڑا فرق ہے کہ اب زور بہت گھٹ گیا تھا اور مخالفت حد سے زیادہ بڑھ گئی تھی۔

زوال بنوامیہ کے بعد بنوعباس کی حکومت عربون کی سب سے بڑی سلطنت تھی اور لاریب خلافتِ شرقی کے عہدِ زرّین نے خلافت اندلس کے پہلو بہ پہلو، عربون کے پچھلے تزک و احتشام کو بھلا دیا تھا۔ ہارون اور مامون کے یادگار دورِ اقبال مین مطلعِ سیاست صاف تھا اور گو اُسی زمانے مین وہ مواد بھی جمع ہو رہے تھے، جنھون نے بنوعباس کے اقتدار کو گھن لگا دیا، لیکن یہ عہدِ امن علوم و فنون کی ترقی کے لیے ہر طرح موزون تھا اور تمدن کی تاریخ مین سدا زندہ رہنے والے "بیت الحکمت" کی سرپرستی کے لیے سوسائٹی کے ہر طبقے کو کافی اطمینان میسر تھا۔ زمانہ تھا کہ مامون کی عبائے شاہانہ کی آستینین "شکل عروسی" سے مرصّع کی جاتی تھین، خواب مین معلّم اول کی بزرگوار صورت خلیفہ سے ہم کلام ہو کر اُس کے آتشِ شوق کو مشتعل کرتی اور معاً روم، یونان، ہند اور ایران کی پرانی اور نایاب رقعہ کتابین و نوشتے

اس فہرست مین سلجوقیہ افریقیہ کی ریاستین، مراقش، طلمسان وغیرہ شمار نہین کی گئی ہین۔

اسپین مین پانچوین صدی کے آغاز مین جب طوائف الملوکی شروع ہوئی تو بہت سی خود اختیار حکومتین قائم ہو گئی تھین، جن مین سے چند مشہور کے نام لکھے جاتے ہین۔

(۱) قرطبہ (۲) غرناطہ (۳) طلیطلہ (۴) اشبیلیہ (۵) سرقسطہ (۶) مراغہ (۷) المیریہ (۸) دنیہ (۹) بیجاس (۹)

بارہو کر بغداد مین لائی جاتی تھین جہان الکندیؒ، الخوارزمی، حُنینؒ اور اُن کے ہم پیشہ و ہم مشرب علما کا گروہ اُنھین ہاتھون ہاتھ لیکر حکومت اور جمہور کی علمی ...

۱ ابو یعقوب بن اسحٰق الکندی (قبیلۂ کِندہ سے) عربی النسل تھا۔ سلمان بن حنان نے لکھا ہے کہ اسلام مین کندی کے سوا کوئی شخص فلاسفر کے لقب سے ممتاز نہین ہوا۔ بعض حکما نے اُسے ارسطو کا ہم پلّہ مانا ہے۔
مدینۂ کوفہ مین جہان ابو یعقوب کا باپ حاکم تھا، حکیم موصوف (تیسری صدی ہجری کے آغاز مین) پیدا ہوا اور بصرہ و بغداد مین، جو اُس زمانے مین سب سے بڑے علمی مرکز تھے اُس نے تعلیم پائی۔ مامون الرشید نے بیت الحکمت کے مہتممین (مترجمین) مین مقرر کیا لیکن متوکل کے زمانے مین سلسلۂ ملازمت منقطع ہو گیا۔ کندی کی تاریخ ولادت و وفات کا پتہ نہین چلا لیکن ۲۵۶ھ ہجری (۸۷۰ء) مین وہ بقید حیات تھا۔
ابو یعقوب کندی اسلامی تاریخ مین ایک غیر معمولی قابلیت کا شخص گذرا ہے اور اُس کے علمی کارنامون کے پورے تذکرے کے لیے کافی تفحص اور شرح و بسط درکار ہین۔ وہ ریاضی ہیئت، نجوم، منطق، فلسفہ، طبیعیات، طب، موسیقی، ادر تاریخ تمدن و جغرافیہ مین ماہر کامل تھا اور یونانی و سُریانی زبانون مین پوری دستگاہ رکھتا تھا۔ بہت سی یونانی کتابون کا عربی مین ترجمہ کیا۔ چونکہ علوم سے مجتہدانہ واقفیت رکھتا تھا، ترجمے کے ساتھ اصل کتاب کی پیچیدگیان نہایت خوبی سے رفع کی ہین۔ اس کے شاگردون مین بڑے بڑے فاضل علما گذرے ہین جو علمی مشاغل مین اپنے اُستاد کا ہاتھ بٹاتے تھے۔ ابن اصیبعہ نے اپنی کتاب طبقات الحکما مین اُس کی تصانیف کی جو فہرست لکھی ہے اُس مین دو سو بیاسی کتابین ہین۔ طبیعیات اور ریاضی کو جن کا فلسفۂ افلاطون و فیثاغورث پر بڑا اثر ہے۔ کندی کے فلسفے مین بڑا دخل تھا۔ اُس کا قول ہے کہ بغیر ریاضی جانے کوئی شخص حکیم ہونے کا حق نہین رکھتا۔ ابو نصر فارابی نے ... کندی کی ... واقف ... تھین۔

۲ محمد بن موسیٰ ... مشہور ریاضی دان، مہندس اور عالم علم ہیئت تھا۔ وہ منجملہ ان علما کے ہے جنھون نے بیت الحکمت کی طرف ... علم ہیئت مین مشاہدات کیے۔ "زیج خوارزمی" مدتون ہیئت کی ایک ہر دلعزیز کتاب رہی جس کی اشاعت ... سے یورپ مین ہیئت کا ابتدائی شوق پیدا ہوا۔ سندہند (سدھانت) کا خلاصہ بھی لکھا تھا۔ اُس کی تصانیف مین الجبر و المقابلہ ایک نہایت معرکۃ الآرا تصنیف اور عربون کی فن ریاضی مین حیرت انگیز جدت کا بیّن ثبوت ہے۔ اس کا ترجمہ روزن (Rosen) صاحب نے مع حواشی مفیدہ انگریزی زبان مین کیا ہے۔

۵ حُنین بن اسحٰق مامون کے مشاہیر دربار مین سے ہے۔ اور منجملہ اُن چند علماے یہود کے ہے

تشنگی کے بجھانے کا سامان مہیا کرتے تھے۔ کچھ تعجب نہین کہ اُس وقت خلفائے بغداد کے ظلّ عاطفت مین علمی دلچسپیان سوسائٹی کا وظیفہ شبانہ روزی ہوگئی تھین۔ ہان تعجب ہوسکتا ہے چوتھی، پانچوین صدی کی علمی جدوجہد کا جب آب وہوا کے ناسازگار ہونے کا قوی احتمال ہوسکتا ہے۔

مرکزِ خلافت کی یہ حالت تھی کہ خلفار کی دلچسپیان حرم کی چہار دیواری سے باہر بار یاب نہ ہوسکتی تھین اور وہان بھی اُنھین اطمینان یا آزادی میسّر نہ تھی دار السلام مین عناد و فساد کے ہولناک شعلے متواتر مشتعل ہوتے رہتے تھے جن کی وجہ سے امن وامان دنیا سے رخصت ہوگئے تھے۔

مہات سلطنت کا انصرام پورے طور پر قابو طلب عجمیون کے ہاتھون مین منتقل ہوگیا تھا۔ بنوعباس سے اسلامی تاریخ کا جو باب شروع ہوتا ہے اُس کی تمہید عجمیون کا حصول اقتدار ہے، اور خلافت کے انحطاط کے پہلو بہ پہلو عجمیون کی ترقی کی تاریخ نظر آتی ہے۔ اصل یہ ہے کہ بنوامیہ کے مقابلہ مین بنوعباس کو کامیابی عجمیون کی بدولت نصیب ہوئی تھی، جس کا قدرتی نتیجہ یہ ہوا کہ عجمی حکومت مین شریک ہوگئے۔ بنوعباس نے اپنا مرکزِ حکومت عجمیون کے گھر مین قائم کیا تھا اور اسی غرض سے قائم کیا تھا کہ اُن کی مدد ہر وقت بآسانی

(بقیہ حاشیہ ۵) جن کی شہرت اور نام آوری خلافت عباسیہ کی سرپرستی کی رہین منت ہے۔ بہت سی یونانی کتب کا عربی ترجمہ کیا اور اس خدمت کے معاوضہ مین منھ مانگی مال و دولت پائی۔

۶ بغداد کی اس افسوسناک بربادی کی حالت مشہور خطیب اور مورخ ابوبکر خطیب بغدادی (۳۹۲ھ تا ۴۶۳ھ) کی تاریخ بغداد سے معلوم ہوسکتی ہے۔

میسّر آتی رہے۔ اس کا نتیجہ جہان یہ ہوا کہ بنو عباس نصف عجمی ہو گئے وہان عجمیون پر اُن سے بڑھ کر عربی اوضاع واطوار کا اثر پڑا۔ بالخصوص مرکزِ حکومت کے قرب کی بدولت عجمیون کی دماغی وذہنی تربیت کا میلان روز بروز حصولِ فضل وکمال کی طرف بڑھتا گیا اور وہ اس قابل ہو گئے کہ عربون کا ہاتھ علمی مشاغل مین باحسن الوجوہ بٹا سکین۔ ہارون اور مامون کے زمانے مین جو عزت اور رسوخ عجمیون کو نصیب ہوا وہ محتاج بیان نہین، لیکن تیسری صدی ہجری سے عنانِ حکومت بھی بنو عباس کے اختیار سے نکل کر عجمیون کے ہاتھ مین آ گئی۔

سامانیون کے بعد جب دیلمیون یعنے آل بویہ کا ستارۂ اقبال (چوتھی صدی کے خمس اول مین) چمکا تو رہا سہا عباسی یعنے عربی اقتدار بھی خاک مین مل گیا۔ خلفاء آل بویہ کے دست نگر ہو گئے اور میدان عمل سے گویا اُن کی ہستی ہمیشہ کے لیے ناپید ہو گئی۔ اُس وقت سے اُن کی صرف ایک حیثیت رہ گئی یعنی وہ امیر المومنین اور خلیفۃ المسلمین تھے اور ریاست دینی اُن کے لیے مخصوص تھی ازدست رفتہ اراضیِ خلافت مین اکثر جگہ اُن کا خطبہ پڑھا جاتا تھا، سکے مین نام شامل ہوتا تھا اور بارگاہ خلافت سے القاب وخطابات حاصل کرنا شان ریاست کی تکمیل کے لیے بالعموم ضروری متصور ہوتا تھا۔ دربار سے خطابات اس دریا دلی سے عطا کیے جاتے تھے کہ دوست دشمن کی کچھ تمیز نہ تھی اور خطاب والون کی تعداد حد وشمار سے متجاوز ہو چکی تھی۔ ایک دو خطاب مل جانا تو معمولی بات تھی حضرت خلافت سے ملقّبین کو "دولہ"، "امۃ"، اور "ملہ" پر ختم اور "دِین" سے شروع

ہونے والے القاب دیے جاتے تھے اور دباؤ پڑنے پر "شاہنشاہ" کا مفتخر خطاب بھی دستیاب ہوجاتا تھا۔ ایک ہی شخص کو شاہنشاہیت کے سوا ذی الریاستین، ذی الکفایتین، ذی القلمین، ذی السیفین وغیرہ خطابات مین سے کچھ نہ کچھ مل جاتا اور وہی شخص "بہاء الدولہ ضیاء الملۃ اور غیاث الامۃ" بھی ہوسکتا تھا۔ خطابون کا دینا کچھ بارگاہ بغداد کے لیے مخصوص نہ تھا بلکہ ہر ذی اختیار حکمران اگرچہ اُس نے اپنے لیے حضرت خلافت ہی سے خطاب حاصل کیا ہو اپنے حوالی موالی کو ایک سے ایک بڑھ چڑھ کر خطاب دیتا تھا، آلِ بویہ نے اس بارے مین بہت ہی غلو سے کام لیا۔ اُن کے یہان ایک سے ایک جدّت آمیز خطاب گڑھا جاتا تھا۔ "کافی الکفاہ، کافی الاوحد اور اوحد الکفاہ" اور خدا جانے اسی قبیل کے کیا کیا خطابات تھے، جن کو پاکر آلِ بویہ کے حلقہ بگوش اپنے جامون مین پھولے نہ سماتے تھے۔[1]

اُس زمانے کی سیاسی حالت دیکھ کر اپنے ملک کی اٹھارہوین اُنیسوین صدی عیسوی کی تاریخ یاد آتی ہے جب بابر اور اورنگ زیب کے تاج و تخت کے وارث دہلی کے قلعہ معلّی مین تاج شاہنشاہی زیب سر کیے بزعم خود اپنے آپ کو اس عظیم الشان برِّ اعظم کا مالک تصور کرتے تھے اور حالت یہ تھی کہ معمولی انسانی آزادی بھی اُنھین نصیب نہ تھی لیکن ملک کے بشیار مختار کل اور آزاد

[1] چوتھی صدی ہجری کے اخیر مین خلافت عباسیہ کی جو حالت تھی اُس کا تذکرہ بیرونی نے آثار الباقیہ مین کیا ہے۔ القاب کی ایک فہرست دی ہے اور صاف الفاظ مین لکھا ہے کہ خطابات کی اتنی کثرت تھی کہ اُس کی وجہ سے اُن کی توقیر بالکل جاتی رہی تھی۔ دیکھو آثار الباقیہ صفحہ ۱۳۲–۱۳۵ —

حکمران بارگاہِ دہلی سے القابات وخطابات اور فرمان وپروانہ حاصل کرنا سندِ حکومت تصور کرتے تھے!۔

یہان ہمین چوتھی یا پانچوین صدی کی سیاسی تاریخ لکھنا مقصود نہین ہے گو بجاے خود یہ ایک نہایت دلچسپ مشغلہ ہو سکتا ہے اور قومی عروج وزوال کی تاریخ کا ایک عبرت خیز مبحث قرار دیا جا سکتا ہے۔ اوپر جو سیاسی حالت کا ایک عام چربہ اُتارا گیا ہے اُس سے صرف اتنی بات دکھانا مدِ نظر ہے کہ اقتضاے زمانہ علمی روح کی غیر معمولی نشو ونما کے لیے موزون نہ تھا۔ اب یہ دیکھنا باقی ہے کہ اس زمانے مین اس علمی شوق اور انہماک کی وجہ کیا تھی۔

حقیقت الامر یہ ہے کہ جب عربون کی فتوحات کا دور ختم ہوا یعنی کشور ستانی کے اکثر معرکے سر ہو چکے اور فاتح قوم کے سکون وقیام کا وقت آیا تو وہ عہد شروع ہوا جو امن ومدنیت کا لازمی نتیجہ تھا۔ علم وفن کی طرف توجہ شروع ہوئی اور فاتح قوم نے اس میدان مین بھی اپنی فطری مستعدی اور غیر معمولی بیداری کا ثبوت دیا۔ تقدیر نے عربون کو ان ملکون کا مالک کیا تھا جو آفتابِ تمدن کے آسمان رہ چکے تھے اور جہان سے اطراف واکنافِ عالم مین علم وتہذیب کی روشنی پھیلی تھی۔ وادیِ نیل، دوآبہ فرات ودجلہ، ارضِ فلسطین اور علاقۂ فارس یہ وہ اقطاعِ عالم تھے، جنھون نے نوبت بہ نوبت علم وفن اور تہذیب وتمدن کی مشعل لی تھی۔ سرزمین یونان اس وقت تک مسلمانون کے محروسہ رقبہ سے خارج تھی لیکن یونان وہ یونان نہ رہا تھا، جو افلاطون وارسطو کے زمانے مین تھا اور مدتون پہلے رومۃ الصغریٰ کے متعصب عیسائی سلاطین کے مظالم نے

وہان سے نیچے کھچے علم بردارانِ علم وحکمت کو وطن سے خیرباد کہنے اور اراضی کسریٰ مین پناہ گزین ہونے پر مجبور کردیا تھا۔ جب عربون کا زمانہ حکومت شروع ہوا تو یونانی علم وحکمت کے جو کچھ نام لیوا تھے وہ بالعموم عربون کے رقبۂ حکومت مین آباد تھے۔

ان موافق حالات سے مسلمانون نے پورا فائدہ اُٹھایا۔ دورِ فتح ونصرت کے بعد تدوینِ علوم وفنون کا کام تندہی اور دلچسپی سے جاری ہوا۔ سچ یہ ہے کہ علم کا شوق عربون کا ایک مذہبی عنصر تھا۔ اس سے انکار کرنے کی مشکل سے کوئی شخص جراءت کرسکتا ہے کہ جس مذہب کے پیرو ہوکر عرب دنیا مین نکلے تھے وہ مذہب صبحِ ظہور سے علم کا بہت بڑا حامی تھا۔ اور اُس زمانے مین حامی تھا جب ہر جگہ جہالت کی گھنگور گھٹا چھائی ہوئی تھی اور انسان قعرِ جہالت مین پڑا ہوا تھا۔ تقدیر نے عربون کی قسمت مین لکھا تھا کہ اُن کی عالمگیر جہانبانی کے ساتھ آفتابِ علم ازسرِنو طلوع کرے اور اُس کی ایسی روشنی پھیلے کہ اقوامِ عالم بیدار ہوکر ارتقاے تمدن کے مدارجِ اعلیٰ طے کرنے لگین۔ یہی وجہ ہے کہ کم ازکم ایک لحاظ سے تاریخِ اسلامی نہایت شاندار رہی ہے اور اس لحاظ سے اس کا مطالعہ ہمیشہ اپنون اور غیرون کی دلچسپی اور تعجب کا باعث ہوگا۔

ہماری سیاست کی بنیاد خیرالقرون کے تھوڑی مدت بعد ہی ٹیڑھی پڑگئی اور ایسی ٹیڑھی پڑی کہ پھر سیدھا ہونے کا نام نہ لیا۔ جب اسلامی جمہوریت کے صدر نشینون کا عہدِ مسعود ختم ہوگیا اور جہانبانی تاجدارون اور اُن کے وارثون کی ملکیت قرار پاگئی تو پھر اسلامی تاریخ مین سیاستِ ابتدائی کا اعادہ نہوا۔ لیکن

بہر نہج ایک خصوصیت اسلامی تاریخ کا جزو لاینفک رہی - انتقال تاج و تخت انقلاب ملوک و سلاطین، اختلاف نسل و قوم، افتراق امت، غرض کسی تبدل و تغیر کا دیرپا اثر اس خصوصیت پر نہوا - یہ خصوصیت مسلمانون کی علم پرستی اور ہنر پروری ہے [8] دربار کو چھوڑ جہان رات دن زر و جواہر اہل علم کے قدمون پر نثار ہوتے تھے، بزم کو جانے دو، جہان علمی دلچسپیان سوسائٹی کا عام مشغلہ تھین رزم کو لو جہان ہر شخص شمشیر بکف ہے اور گمان بھی نہین ہوسکتا کہ جو ہاتھ تلوار پکڑے ہوے ہین اُنھون نے کبھی قلم بھی چھوا ہوگا - لیکن اسلامی تاریخ کی ورق گردانی کرتے چلے جاؤ جا بجا جہان جدال و قتال کا نقشہ جما پاؤ گے وہان سیکڑون بلکہ ہزارون ایسی صورتین نظر آئینگی جو قلم کی بھی ویسی ہی دھنی ہین جیسی تلوار کی -

[8] تاکہ غلط فہمی کا موقع پیدا نہو جائے یہان اتنا بتا دینا ضروری ہے کہ میری مراد اس فقرے سے نہین ہے کہ آفتاب اسلام کے طلوع سے آج تک ہمیشہ مسلمانون کا مذاق علمی صحیح ڈگر پر رہا ہے اور اُس مین لغزش پیدا نہین ہوئی - در اصل میرا یہ منشا ہے کہ اگرچہ بہت سے اوقات مین، بالخصوص چھٹی صدی ہجری کے بعد مسلمان صحیح مذاق علمی سے ادہر ادہر ہو گئے اور ایسی حالتون مین عام طور سے اس قسم کی نظیرین جیسی ہماری پیش نظر ہین تلاش کرنا بے سود ہین لیکن علم بمناسبت مذاق اہل زمانہ، بہ نسبت دنیا کی کسی قوم کے مسلمانون مین سب سے زیادہ شائع و رائج رہا - یہ سچ ہے کہ بعض اوقات مذاق علمی بہت نیچے درجے تک آ پہونچا - جیسا کہ ہندوستان کے مسلمانون کا جن کا منتہائے فضل و کمال ایک وقت مین فارسی ادب کی چند کتابین قرار پا گئی تھین، لیکن باوجود اس اختلاف مذاق کے جو مختلف زمانون مین مختلف رہا مسلمانون مین علم ایک عام چیز رہی - اس کی یہ وجہ ہے کہ برخلاف اکثر اقوام عالم کے مسلمانون مین علم کسی مخصوص طبقے کے ساتھ وابستہ نہین تھا اور جس مین بھی صلاحیت ہوتی اور موقع مل جاتا وہ تحصیل علم کر لیتا تھا -

ہرچند کہ علم کی سرپرستی حکومتِ اسلامی کا عام شیوہ رہا، لیکن مسلمانون کی ترقّیِ علم کا مدار محض دولت پر نہ تھا بلکہ زیادہ تر اُن پرستارانِ علم کی ذاتی جد وجہد پر تھا، جو بجز فضل وکمال اور علم و دانش کے کسی دوسری چیز کے سامنے اپنی پشت خم کرنا علم وفضل کی توہین تصوّر کرتے تھے۔ اسی بے نیازی اور استغنا کا نتیجہ تھا کہ حکومت ودولت کی گردن اکثر اُن کے در پر جھکتی تھی اور یہ سب اُس علمی روح کی بدولت تھا جس کی اشاعت مذہبی اشاعت مین مضمر تھی۔ تاریخ بہت سے ایسے مسلمان تاجدارون کے نام گنوا سکتی ہے جنھین علم وفضل کے دربار مین پہلی صف مین جگہ ملے گی۔ علم کی عام قدر ومنزلت کا ایک گونہ اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ سلاطین وامراے اسلام خود صاحبِ قلم ہونا، یا کم از کم اس لقب سے ملقّب ہونا، صاحبِ تاج وسیف ہونے سے کم نہین سمجھتے تھے اور ان کی مدح وستایش کی کلمات کی فہرست اس وقت تک بالکل ناکمّل رہتی تھی جب تک اُس مین اُن کی علم پروری اور ہنر پسندی کے متعلق کافی الفاظ مدحیہ شامل نہو جاتے۔ نظم ونثر، کتاب ولوح، توقیع وفرمان، ہر جگہ دانش پژوہی اُن کے نام کی زینت کے لیے طرّۂ تاج متصور ہوتی تھی۔ اس سے ہمارا یہ منشا نہین ہے کہ تمام سلاطین اسلام علم کے دیوتا تھے اور جو تاجدار ہوتا تھا اُس کے سر پر فضل وکمال کی دستار بھی ہوتی تھی، بلکہ دکھانا صرف اتنی بات ہے کہ علم کی قدر وفضیلت کا تصوّر سوسائٹی کے ہر طبقے مین جاگزین تھا اور بنا برین مسلمانون کا علمی شغف سیاسی حالت کا چندان پابند نہ تھا، یا بالفاظ دیگر تحصیل علم کی جد وجہد کی فطرتِ ثانی نے مسلمانون کے دل ودماغ پر ایسا تصرف حاصل کر لیا تھا کہ

مدّتِ مدید تک سخت سے سخت موانع بھی اس خاص غرض و غایت کی حصول سے اُنھین باز رکھنے مین کامیاب نہو سکے۔

جو کچھ ہم نے اوپر بیان کیا ہے اُس کا غالباً بہترین ثبوت اُس دور کی اسلامی تاریخ ہے، جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہے۔ شاید اسلامی تاریخ مین مشکل سے کوئی دوسرا دور ایسا نظر آئیگا۔ جس مین فضل و کمال کی ایسی تابناک اور متعدد مثالین موجود ہون جیسی چوتھی یا پانچوین صدی نے دُنیا کے سامنے پیش کی ہین۔ خواہ کوئی اسے اتفاق وقت سمجھے، یا ہماری طرح، اس عہد کی عام اسلامی فطرت کا ایک مظہر تصور کرے یہ واقعہ ہے کہ خاص طبقۂ علمأ سے گذر کر فضل و کمال کی شیفتگی اسلامی دنیا کے لاتعداد حکمرانون کے دل و دماغ پر قابض تھی۔ ان مین سے اکثر خود علم و فضل سے آراستہ تھے اور ظاہر ہے کہ اُن سے بڑھ کر فضلا و کملا کی قدردانی اور کون کرسکتا تھا۔ قدرِ علوم اور عزتِ اہل علم کی رغبت کی وجہ سے علما و فضلا کے طبقات ترقّیِ علم مین جو بذلِ جد و جہد کرتے تھے اُس کا اندازہ محض تصور یا متخیّلہ سے کرنا دشوار ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ خاموشی اور غیر جنبہ داری سے ان لوگون کی کوششون کی بچی کھچی، مٹی مٹائی یادگارون پر نظر ڈالی جائے اور واقعات کی بنا پر کوئی رائے قائم کی جائے۔

جیسا کہ اوپر کی تفصیل سے ظاہر ہو چکا ہے اس دور مین خلافت مشرقی مین آلِ بویہ سے بڑھ کر کسی کو اقتدار حاصل نہ تھا۔ ہمین اُن کی سیاسی افعال سے کوئی بحث نہین البتہ ان کی علم دوستی بغیر خراجِ تحسین لیے

نہین رہ سکتی۔ اُن کے عہدِ دولت مین بے شمار علما و فضلا گذرے اور اُن مین سے اکثر نے آلِ بویہ کے جود و مراحم سے بہرہ یاب ہو کر علم و حکمت کی خدمت مین عمر بسر کی۔ اسی دور مین جو ہمارے پیشِ نظر ہے، عراق، خراسان اور ماوراء النہر کے اندر محض ماہرینِ ہیئت و ہندسہ کی ایک طویل فہرست پیش کی جاسکتی ہے، جو اپنے شعبۂ علم مین امتیازِ تاریخی رکھتے ہین اور جن مین سے اکثر اپنی شہرت کے لیے آلِ بویہ کے تلطفات کے رہینِ منت ہین۔

ابو محمود حامد بن الخضر الخجندی،[۹] ابو سہل ویجان بن رستم الکوہی، ابو الحسن کوشیار

۹ الخجندی، کبّارِ فلکیین مین سے تھا اور اُس کا تعلق امیر فخر الدولہ دیلمی کے دربار سے تھا جس کے نام پر اُس نے ایک آلۂ رصد موسوم بہ "سدس الفخری" ایجاد کیا تھا۔ اس آلے کی مدد سے امیال و عروض البلاد کی ترصید کیجاتی تھی۔ سدس الفخری سے پہلے علماے ہیئت ضبطِ ثوانی پر قادر نہ تھے، بلکہ صرف درجات اور دقائق نکال سکتے تھے اس آلے کی وجہ سے، جس سے ثوانی بھی معلوم ہوجاتے تھے، علوم فلکیہ کو بہت ترقی ہوئی۔ سدس جسے انگریزی مین (Sextant) کہتے ہین اُس کا استعمال اب تک اجرام سماوی کے ارتفاع، میل البلاد، عروض البلاد اور مسافات معلوم کرنے کی غرض سے رصدگاہون مین ہوتا ہے۔ بیرونی نے اس کی تعریف لکھی ہے اور ابی الحسن المراکشی نے اس آلے کی کیفیت بیرونی سے نقل کی ہے۔ عربی کے رسالہ المشرق جلد (۹) مین الخجندی کا ایک رسالہ شائع ہوا تھا جس مین آلہ سدس الفخری کے ساتھ مقام رے مین خجندی کے (علماے ہیئت کے گروہ کی مدد سے) ترصید شمس کرنے کی توضیح ہے۔ بیرونی نے جو اس آلے کی کیفیت لکھی ہے اُسے بھی المشرق مین نقل کیا ہے۔ الخجندی کے رسالے سے دو اہم امور ماخوذ ہوتے ہین۔ (۱) الخجندی اختلافِ انحناءِ فلک البروج سے واقف تھا، جو اُس کے زمانے مین ۲۳° ۳۲' ۱۸" تھا اور ہر سال ۴۸ دقیقے کم ہوتا تھا (۲) عرض البلد معلوم کرنے کے متعلق وہ یہ قاعدہ بتاتا تھا کہ تمام کواکب کا میل ارتفاعِ سمت کے برابر ہے اور اس لیے ارتفاعِ قطب کے برابر ہے جو کہ اُسکے (بقیہ صفحہ

ابن کنان الجیلی[۱۱]، ابوالوفا محمد بن محمد البوزجانی الصفاقی[۱۲]، ابو نصر منصور بن علی بن عراق[۱۳]

(بقیہ حاشیہ ۹) عرض البلد کے برابر ہے جہان کا عرض نکالنا مقصود ہے۔ یہ قاعدہ فی زمانا رواج رکھتا ہے لیکن متاخرین مغرب کی طرف منسوب ہے۔ حالانکہ خجندی نے اس سے کام لیا ہے۔ الخجندی نے ۳۸۲ھ ہجری (۹۹۲ء) مین انتقال کیا۔

۱۰ الکوہی کا تعلق شرف الدولہ کے دربار سے تھا جس نے ایک رصدگاہ قائم کرائی تھی جہان الکوہی نے عرصہ تک حرکات کواکب کے متعلق مشاہدات کیے تھے۔ اعتدالین ربیعی وخریفی کے بارے مین الکوہی کی تحقیقات نہایت درست اور مقبول ہین۔

۱۱ زیج کوشیار ایک مشہور تالیف فن ہیئت مین تھی۔ مورخین نے بیان کیا ہے کہ کوشیار نے ایک نہایت عمدہ رصدخانہ طیار کیا تھا جہان اس نے ۹۵۹ھ ہجری مین کثیر مشاہدات کیے۔ کوشیار کی ایک دوسری تالیف کا نام ”زیج الجامع والسامع“ ہے۔

۱۲ ابوالوفا علمائے ہیئت مین نہایت مشہور ومعروف شخص ہوا ہے قصبۂ ابوزجان واقع خراسان مین یکم رمضان ۳۲۸ھ ہجری (۱۰ جون ۹۴۰ء) کو پیدا ہوا تھا۔ ۳۴۸ھ ہجری (۹۵۹ء) مین وطن سے عراق کو مہاجرت کر گیا اور وقت وفات تک نہین رہا۔ بقول ابن اثیر رجب ۳۸۸ھ ہجری (جولائی ۹۹۸ء) مین وفات پائی۔ اسکی تصانیف مین سے حسب ذیل کتابین یورپ ومصر کے کتب خانون مین موجود ہین۔

(۱) کتاب ما یحتج الیہ الکتّاب والعمّال من علم الحساب۔ (لیڈن وقاہرہ)

(۲) الکتاب الکامل۔ جس کے بعض حصے فرانسیسی مین ترجمہ ہوسے ہین۔

(۳) کتاب متعلق بمساحت وہندسہ (کتب خانۂ ایا صوفیہ) اس کتاب کا اصل نسخہ اور ایک فارسی ترجمہ ہے۔ پیرس کی لائبریریون مین بھی اس کے نسخے ہین۔

اقلیدس اور الخوارزمی کے متعلق ابوالوفا نے جو شرحین تحریر کی تھین وہ کہین موجود نہین۔ ابوالوفا کی جو ہیئت کے متعلق تھی پتہ نہین چلتا ”الزیج الشامل“ جس کے نسخے پیرس اور برٹش میوزیم مین موجود ہین (بقیہ ص ۱۶)

مولیٰ امیر المومنین ابو علی بن اللیث الخولی، ابو سعید [illegible] احمد بن محمد عبد الجلیل السجزی

النفیہ حاشیہ (۱) معلوم ہوتا ہے ابو الوفا کی تصنیف سے ہے یا کم از کم اُنہی کی تالیفات سے ماخوذ ہے۔

ابو الوفا کی شہرت کا باعث یہ ہے کہ اُس نے علم المساحت اور علم المثلثات مین بہت سے نئے قواعد نکالے تھے جن کی وجہ سے ان علوم مین بہت کچھ ترقی پیدا ہو گئی۔ جیوب (Tangents) اور خطوط قاطع (Secants) کے استعمال سے مثلثات اور ہیئت مین اُس نے نہایت مفید کام لیے۔

اختلاف قمر (Variation) کے متعلق اُس نے دنیا مین سب سے پہلے نظریہ اختراع کیا حالانکہ خیال کیا جاتا ہے کہ ٹائکو براہی، جو ابو الوفا سے چھ سو سال بعد یورپ مین ہوا ہے اس نظریہ کو سب سے پہلے معلوم کرنیوالا شخص ہے۔

[illegible] ابو نصر منصور عالم ہیئت بیرونی کا اُستاد اور دوست تھا اور اُس نے بیرونی کے نام پر کئی کتابین لکھی تھین جو آگے چل کر بیرونی کی تصانیف کے فہرست مین مذکور ہون گی۔ ابو نصر کا ۴۲۷ھ ہجری سے پہلے انتقال ہو گیا تھا جیسا کہ بیرونی کے خط سے ظاہر ہوتا ہے۔ اُس کی تصانیف مین سے دو تین کتابین یورپ کے کتب خانون مین موجود ہین۔

(۱) رسالہ فی البرہان علی حبش فی مطالع السمت فی زیجہ"

(۲) رسالہ دربارۂ علم مثلثات۔

(۳) رسالہ فی جدول الدقائق —

[illegible] بیرونی نے اس عالم ہیئت سے جو سجستان کا متوطن تھا آثار الباقیہ صفحہ ۴۲ (۱۷) مین اہل سجستان کے مہینون کے متعلق ایک روایت بیان کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابو سعید بیرونی کا ہم عصر اور دوست تھا۔ نیز کتاب استیعاب مین لکھا ہے کہ اُس نے ایک بڑی اصطرلاب تیار کی تھی جسمین کرۂ ارض کی حرکت کو تسلیم کر کے مسائل ہیئت کے نکالنے کے طریقے استنباط کیے تھے۔ یہ اصطرلاب بیرونی کو بہت پسند آئی تھی۔ بیرونی کے مذکورۂ بالا قول سے ثابت ہوتا ہے کہ علماے اسلام مین ابو سعید موصوف حرکت ارض کا قائل تھا اور جدت طبع و اختراعی قابلیت مین ممتاز حیثیت رکھتا تھا۔ افسوس ہے کہ اس فاضل کے زیادہ حالات معلوم نہین ہو سکے۔

ابوالحسن[۱۵] آذرخور بن استاد جشنس، احمد[۱۶] بن عبداللہ حبش، ابو علی الحسن بن الحسین البصری،
ابو عبداللہ محمد بن احمد السبتی، ابو عبید الضریر الجوزجانی، احمد الصاغانی متوفی ۳۷۹ھ
(۹۸۹ع)، ابو سعد القیس سہل، ابو عبداللہ محمد بن جابر البتانی[۱۷]۔ ان لاتعداد از یاد
رفتہ فضلا میں سے چند افراد ہیں، جو ہیئت و ہندسہ کے آسمان میں آفتاب بن کر
چمکے۔ امیر عضد الدولہ، جو خاندان بویہ کا ایک نامور حکمران ہوا ہے، اور جس کے
فضل و کمال کی تاریخ ہمیشہ شاہد رہے گی، شریف الدولہ[۱۸] اور عبدالرحمن الصوفی[۱۹]

ف۱۵ کئی جگہ پر بیرونی نے ابوالحسن آذرخور بن استاد یزدان جشنس کا ذکر کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بیرونی کے دوستوں میں سے تھا اور علم ہیئت میں مہارت کامل رکھتا تھا۔ جو روایات بیرونی نے اس سے منقول کی ہیں وہ بتاتی ہیں کہ ابوالحسن آذرخور قدیم فارسی روایات اور تقاویم و مراسم میں مہارت عظیم رکھتا تھا۔ دیکھو آثار الباقیہ صفحہ ۴۴-(۶)

ف۱۶ احمد بن عبداللہ حبش مشہور علمائے ہیئت میں سے تھا اور اس کی تصانیف کی شرح اور اس کے اعمال ہیئت کی تصدیق میں بیرونی اور اس کے دوست ابونصر نے متعدد اور ضخیم تالیفات لکھی تھیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ فضلائے عصر میں وہ غیر معمولی وقعت اور احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔

حبش (مشہور بہ "الحاسب") پہلا شخص ہے جس نے علم مساحت میں جیوب (Tangents) فضل جیوب (Cotangents) اور خط قاطع (Secants) کا استعمال دنیا میں رائج کیا۔ یہ ایک ایسا اضافہ تھا جس کی وجہ سے اس شعبۂ ریاضی میں بہت سی سہولتیں پیدا ہو گئیں۔

ف۱۷ ابو محمد عبداللہ محمد بن جابر بن سنان البتانی الحرانی الصابی ۲۴۴ھ-۳۱۷ ہجری (۸۵۸-۹۲۹ع) غالباً حران کے نواح میں پیدا ہوا تھا۔ اس نے شہر رقہ میں، جو فرات کے داہنے کنارے تھا، زندگی کے اکثر دن گزارے۔ بیس سال کی عمر سے مشاہدۂ افلاک شروع کیا اور پچاس سال سے زیادہ مدت تک اسی مشغلے میں گزارے۔ اکثر مشاہدات

کی شاگردی پر فخر کیا کرتا تھا۔ قدر دانی کا یہ حال تھا کہ مشہور نحوی اور لغوی ابو علی فارسی کے حق مین جو ایک وقت امیر موصوف کے زمرۂ علما مین شامل تھا، بے ساختہ یہ فقرہ نکلا تھا جو اُس کی ہنر پروری کو بقائے دوام کے خلعت سے سرفراز کرتا ہے، کہ "مین ابو علی کے ادنیٰ غلامان غلام مین سے ہون۔" یہ الفاظ اُس شخص کے مُنھ سے نکلے تھے، جو خود ایک جیّد نحوی کی حیثیت رکھتا تھا، اور ابو علی کی "ایضاح" جیسی کتاب اُس کے معیار پر پوری نہ اُتری تھی اور مصنف کو تکملہ لکھ کر اپنی ساکھ قائم رکھنا ضروری معلوم ہوا تھا۔ اسی صاحب فضل کے

(بقیہ حاشیہ ۱۷) ہیئت دمشق مین کیے۔ بتانی کی تصانیف مین سے حسب ذیل تصانیف کے نام ہمین معلوم ہین۔

(۱) کتاب معرفت مطالع البروج فی ما بین ارباع الافلاک۔ (۲) مائۃ مسئلہ۔

(۳) رسالہ فی تحقیق اقدار الاتصالات۔ (۴) شرح المقالات الاربع لبطلیموس۔

(۵) زیج الصابی۔ یہ اُس کی خاص تصنیف ہے۔ اس پر بیرونی نے بھی ایک کتاب (جلاء الاذہان) لکھی تھی زیج البتانی اس وقت بھی بعض کتب خانون مین موجود ہے۔ اس کتاب کا نہ صرف ہیئت عرب پر اثر ہوا بلکہ یورپ مین عہد وسطیٰ اور نشأۃ جدیدہ (Renaissance) مین فن ہیئت کی ابتدا و ترقی مین اس سے نہایت مدد ملی [illegible] دوازدہم صدی عیسوی نصف اول مین اس کے لاطینی ترجمے ہوئے اور الفانسو دہم نے عربی سے ہسپانوی زبان مین ترجمہ کرایا۔ البتانی نے نہایت صحت کے ساتھ انحراف منطقۃ البروج (Obliquity of the Ecliptic) قدار سال شمسی طریق الشمس (Solar Orbit) کو معلوم کیا اور بطلیموس کے اس رائے کو نہایت قوی دلائل کے ساتھ غلط ثابت کیا کہ اوج شمس (Solar Apogee) غیر متحرک ہے نیز اس نے قمر اور دیگر سیارون کے دوائر حرکت (Orbits) کی تصحیح کی۔ طلوع قمر کے ساعات معلوم کرنے کے متعلق ایک نیا اور جدت آمیز قاعدہ نکالا بطلیموس کی مقدار استقبال نقطۃ الاعتدالین (Precession of the Equinoxes) کی اصلاح کی

(بقیہ حاشیہ ۱۷) اور مساحت کردی مین تسطیح کرہ (Orthographic Projection) کے متعلق نئے قواعد وضع کیے۔ ڈن تھارن (Dunthorne) نامی فاضل ہیئت نے ۱۷۴۹ء مین بتّانی کے مشاہدات کسوف شمس و قمر کی مدد سے حرکت قمر کا اوسط نکالا۔ غرض البتانی کا علم ہیئت پر بڑا احسان ہے اور وہ منتخب فضلا مین سے شمار کیئے جانے کا مستحق ہے۔

۱۵۳۷ء مین یورپ مین ایک مجموعہ البتانی کا شائع ہوا تھا جس کا نام "علم الکواکب" (De Scientia Stellarum) تھا۔ یورپ مین البتانی البٹگنی (Albategni) اور البتینیس (Albatenius) کے نامون سے معروف تھا۔

۱۸ شریف ابن الاعلم (متوفی ۳۷۵ھ ہجری ۹۸۵ء) عبدالرحمن صوفی کا معاصر تھا۔ فن ہیئت مین اُس کی جداول شہرت خاص رکھتی تھین، مفصل حالات ہمین معلوم نہین۔

۱۹ ابوالحسین عبدالرحمن بن عمر الصوفی الرازی اکابر ماہرین ہیئت مین سے تھا۔ رے مین ۲۹۱ ہجری (۹۰۳ء) مین پیدا ہوا اور ۳۷۶ ہجری (۹۸۶ء) مین وفات پائی۔ عبدالرحمن اور شریف دونون عضدالدولہ کے استاد تھے۔ عبدالرحمن کی تالیفات مین سے حسب ذیل تصانیف یورپ کے مختلف کتب خانون مین موجود ہین۔

(۱) کتاب الکواکب الثابتہ (الصور السمائیہ) اس کے نسخے برلن، پیرس، آکسفورڈ، برٹش میوزیم، انڈیا آفس سینٹ پیٹرزبرگ اور ایاصوفیہ کی لائبریریون مین موجود ہین۔

(۲) کتاب التذکرہ فی مطارح الشعاعات۔

(۳) مدخل فی الاحکام۔ اس کے نامکمل نسخے پیرس اور انڈیا آفس مین موجود ہین۔

(۴) رسالہ فی الاصطرلاب، موجودہ پیرس، ایاصوفیہ، سینٹ پیٹرزبرگ۔

عبدالرحمن کے بیٹے ابوعلی بن ابوالحسین نے "ارجوزہ" نام کی ایک کتاب ثوابت کے متعلق لکھی تھی جسمین

حامد خجندی کا تعلق فخر الدولہ دیلمی سے تھا جس کی قدر علوم اور عزت اہل علم کی شکر گذاری (بقول خجندی، طبقات علما، انکشافات و معلومات جدیدہ مین اعمال فکر اور بذل جد،، کے ذریعہ سے کرتے تھے۔ اس کے حکم سے ماہران ہیئت نے رے مین ایک رصدگاہ قائم کر رکھی تھی جہان اُن کا جم غفیر ذوات الحلق وغیرہ آلات کی مدد سے مشاہدات کیا کرتا اور ''زیج الفخری،، کے لیے مواد بہم پہونچاتا تھا۔ شمس الدولہ امیر ہمدان اور علاؤ الدولہ، امیر اصفہان کے نام بحیثیت ابن سینا کے اولیاے نعمت ہونے کے شہرت خاص رکھتے ہین۔ علاؤ الدولہ کے علمی مذاق کی یہ کیفیت تھی، کہ ہمیشہ شب جمعہ کو مجالس علمی منعقد ہوا کرتی تھین، جہان وہ بہ نفس نفیس شریک ہو کر داد فضل دیتا تھا۔ صرف کثیر سے ایک رصدخانہ قائم کرایا تھا جس مین ابن سینا اور اُس کے شاگرد رشید ابو عبیدہ نے آٹھ سال تک مشاہدات کیے۔ متقدمین کی بہت سی غلطیان نکالین اور جدید معلومات بہم پہونچائین۔

سیف الدولہ بن حمدان جس کی شان مین عربی کے شہرۂ آفاق شاعر متنبی نے

(بقیہ حاشیہ ۱۹) نہایت کوشش سے اشکال ہیئت شامل کی تھین، اس کتاب کے نسخے پیرس، میونچ، گوتھا، برلن اور قاہرہ کی لائبریریون مین موجود ہین۔

۲۰ ابو علی مسکویہ پانچوین صدی ہجری کا مشہور طبیب، فلسفی، ادیب اور مورخ ہوا ہے، ایک زمانے مین عضد الدولہ کا خزانچی تھا اور سلطان محمود سے اس کے دوستانہ مراسم تھے۔ اُس کی چند تصانیف اس وقت بھی متداول ہین منجملہ اُن کے اصول شرع سے متعلق ایک فلسفیانہ کتاب بھی ہے، جو نہایت عزت کی نظر سے دیکھی جاتی ہے ابن مسکویہ کا انتقال ۴۲۱ ہجری (۱۰۳۰ء) مین ہوا۔

محقق طوسی نے ابن مسکویہ کی تہذیب الاخلاق و تطہیر الاخلاق کا فارسی ترجمہ کیا تھا جس کا نام اخلاق ناصری ہے

قصائد لکھے اور جس کے دربار مین ابوعلی فارسی عرصے تک عزامتیاز رکھتا تھا اپنی علم پروری کے لیے متاخرین کی وقعت کا مستحق ہے۔ اسلام کا نامور حکیم ابونصر فارابی جس کے قوۂ ذہنی کی مافوق الفطری حالت کا اعتراف دنیاے علم نے "معلم ثانی" کا تمغۂ امتیاز عطا کرکے کیا ہے، اسی امیر کی قدرشناسی کا مرہون احسان تھا۔

وسط ایشیا کے اسی عہد سے تعلق رکھنے والون مین ابوبکر محمد بن زکریا الرازی بھی ہے، جو طبقۂ اطباے اسلام مین ہمیشہ مایۂ ناز تصور کیا گیا ہے نیز فلسفیان

۲۱ ابونصر فارابی نے تحصیل علوم بغداد مین کی۔ بغداد سے حلب گیا جہان سیف الدولہ کی توجہات کی بدولت فکر معاش سے مستغنی ہوکر عزلت گزین رہا اور تصنیف و تالیف مین عمر کاٹی۔ جب سیف الدولہ دمشق گیا تو فارابی کو اپنے ہمراہ لیتا گیا۔ وہین ۳۳۹ہجری (۹۵۰ء) مین اُس کا انتقال ہوا۔

فارابی ایک کثیرالتصنیف عالم ہوا ہے اور متقدمین مین نہایت احترام اور پایہ کا شخص سمجھا گیا ہے۔ افسوس ہے کہ ہم تک اُس کی بہت کم کتابین پہونچی ہین۔ فلسفہ و منطق اور تصوف سے ذوق فطری رکھتا تھا علاوہ ازین اُسے موسیقی مین مہارت کامل تھی کئی راگ اُس کی طرف منسوب ہین اور فن موسیقی مین نہایت بیش قیمت تالیفات چھوڑی تھین۔ سیف الدولہ فارابی کے نغمہاے داؤدی کا بہت دلدادہ تھا۔ یورپ مین عہد وسطیٰ مین فارابی کی تالیفات منجملہ اُن کتب حکمت کے تھین جن پر اُس زمانے کے محبان حکمت کا دارومدار تھا۔

۲۲ ابوبکر محمد بن زکریا الرازی (متوفی ۳۱۱ہجری۔ مطابق ۹۲۳ء) اطباے اسلام مین نہایت سربرآوردہ شخص گذرا ہے۔ فن طب مین اُس نے چھوٹی بڑی دو سو کے لگ بھگ کتابین لکھی تھین، جن مین سے چند ہم تک بھی پہونچی ہین۔ رازی ایک عرصے تک رے، جند شاپور، اور بغداد کے شفاخانون کا افسر اعلیٰ تھا، سامانی بادشاہ ابوصالح منصور بن اسحق کی عنایات اُس پر خاص طور پر مبذول تھین چنانچہ اس نے اپنی معرکۃ الآرا تصنیف (بقیہ صفحہ ۲۲)

اسلام کی مشہور عالم انجمن "اخوان الصفا"[۲۴]، جس کے رسائل آج تک دلچسپی اور فائدے کی غرض سے پڑھے جاتے ہین، اسی دور کے شیدائیان حکمت کی ایک بزم تھی۔

(بقیہ حاشیہ ۲۲) "المنصوری" اسی بادشاہ کے نام پر معنون کی تھی۔ ابوبکر رازی کیمیا کا نہایت پرجوش حامی تھا اور گویا اس فن کی حمایت مین اُس کی جان گئی۔ اُس نے علم کیمیا کے ثبوت مین ایک کتاب "اثبات الکیمیا" لکھ کر منصور کی خدمت مین پیش کی تھی۔ بادشاہ نے اُسے دیکھ کر حکم دیا کہ بعض تجربے، جو اُس کتاب مین لکھے گئے تھے، اُس کے سامنے کر کے دکھائے جائین۔ اتفاقِ وقت سے رازی بعض تجربون کے سرانجام دینے مین اُس وقت ناکام رہا۔ منصور جو ایک نہایت مغلوب الغضب شخص تھا، اس قدر ناراض ہوا کہ اُس نے بہت زور سے ایک چابک رازی کے منھ پر مارا، جس کی وجہ سے رازی کی آنکھ جاتی رہی اور اس صدمہ سے وہ جانبر نہو سکا + رازی کی سب سے مشہور تصنیف "الحاوی" ہے۔ جن تصانیف کے نام ہمین معلوم ہو سکے ہین، وہ ہم ذیل مین درج کیے دیتے ہین:۔ (۱) الصفوۃ (۲) المدخل فی الطب (۳) علل المفاصل (۴) التریاق (۵) امراض الجلد (۶) الاقسام (۷) الاغذیہ (۸) التدابیر (۹) الاکسیر (۱۰) الحجر (۱۱) الترتیب (۱۲) نکتۃ الرموز (۱۳) شرف الصناعہ (۱۴) الحیل (۱۵) الاسرار (۱۶) رسالۃ الخاصہ (۱۷) الحجر الاصغر (۱۸) الرد علی الکندی فی ردہ علی صناعۃ الکیمیا، + نیز رازی کا ایک رسالہ چیچک کے اوپر جس کا ترجمہ بھی یورپ مین ہوا ہے اور ڈاکٹرون مین بہت مقبولیت کی نظر سے دیکھا گیا ہے۔ مسعودی کی کتاب "مروج الذہب" کے انگریزی ترجمے (جلد اول صفحہ ۳۹۰) مین مترجم نے ایک نوٹ لکھا ہے کہ لیڈن لائبریری مین رازی کا ایک رسالہ ہے جس کا نام "کتاب الباہ" ہے جس مین اس بحث خاص کے متعلق نہایت بیش از قدر معلومات درج ہین۔ مترجم مروج الذہب اس کتاب کو عربی طب کی ایک اعلیٰ یادگار تصور کرتا ہے۔

عہد وسطیٰ مین یورپ مین رازی کی چند تصانیف ترجمہ ہو کر پہونچ گئی تھین، جنھون نے (بقیہ صفحہ ۲۳)

اس زمانے میں مصر میں خلفاے فاطمیہ کا دور دورہ تھا اور بلاشبہہ عربی حکومتوں میں اُن کا آفتابِ اقبال نصف النہار پر تھا۔ عزیز باللہ (۳۶۵ھ ۔ ۳۸۶ھ ۔ ۹۷۵ء ۔ ۹۹۶ء) اور حاکم بامر اللہ (۳۸۶ھ ۔ ۴۱۱ ہجری ۔ ۹۹۶ء ۔ ۱۰۲۱ء) کے زمانے میں قاہرہ مرکزِ علوم تھا، جہاں حکومت کی قدردانی نے قریب و بعید سے اہلِ فضل لا جمع کیے تھے۔ مشہور مہندسین ابن یونس[24] اور ابن الہندی کا اسی دربار سے تعلق تھا

(بقیہ حاشیہ ۲۲) علماے یورپ میں مذاق طب میں روح پھونکی۔ ابوبکر رازی کو یہ لوگ رازز (Rasees) کے نام سے جانتے تھے۔

ابوریحان بیرونی نے اپنے خط میں ابوبکر رازی کی جودتِ طبع وحدتِ فہم اور حذاقت و تبحر کا قوی الفاظ میں اعتراف کیا ہے۔ البتہ رازی کے فلسفیانہ خیالات کو پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھا ہے۔

۲۳ ان مشہور و معروف رسائل کا زمانۂ تالیف ۳۶۱ھ ہجری (۹۷۲ء) سے لیکر ۳۷۰ھ ہجری (۹۸۰ء) تک ہے،

۲۴ علی بن یونس نامور منجمین میں سے گذرا ہے۔ وہ ایک نغز گو شاعر بھی تھا، لیکن اُس کی شہرت کا مدار فنِ ہیئت پر ہے۔ اس نے اپنے مشاہدات کے نتائج کو "زیج الحاکمی" میں جمع کیا تھا۔ یہ کتاب فنِ ہیئت کی مقبول ترین تالیفات میں سے تھی، عمر خیام اور ناصر الدین طوسی نے اپنی زیجات کے تیار کرنے میں اس کتاب کو بطور نمونہ پیشِ نظر رکھا تھا بلکہ اس کا ترجمہ اور نقل چینی (۱۲۸۰ء) اور یونانی زبانوں تک میں ہوا تھا۔ چین میں ابن یونس کے جدول جمال الدین کے ذریعے سے پہونچی جہاں کو شوکنگ نامی چینی ہیئت دان نے اُسے چینی زبان میں نقل کیا تھا۔ ابن یونس کا ۳۹۹ھ ہجری (۱۰۰۹ء) میں انتقال ہوا اور اُس کے بعد اُس کے مشاہدات کو ابن الہندی اور حسن ابن الہیثم نے جاری رکھا۔

ابن یونس پہلا شخص ہے جس نے پنڈولم کے حرکات کے ذریعہ سے وقت کی شمار کا حال معلوم کیا۔ نیز اُس نے انحراف طریق الشمس (Obliquity of the Ecliptic) کو ۲۳ درجہ (بقیہ بر صفحہ ۲۴)

دار السلام بغداد کی اس زمانے مین جو خستہ خراب حالت تھی اُس کا حال اوپر درج ہو چکا ہے۔ لیکن اس گئی گذری حالت مین بھی جس بغداد مین ابن سمعون جیسے سحر بیان، اور خطیب بغدادی جیسے محب وطن مورخ، پیدا ہوئے تھے، وہان بنو اعجور جیسے ہیئت دانون کا مطالعہ فلک مین مستغرق ہونا اُس دور کی اسلامی روح علمی کا ایک عام مظہر سمجھنا چاہیے۔

ممالک مذکورۂ بالا سے گذر کر جب ہماری نظر اُس محسن کُش سرزمین پر پڑتی ہے، جہان آج وادی کبیر عربی اقبال و تمدن کی نوحہ خوانی کر رہا ہے، تو ہم دیکھتے ہین کہ یہ زمانۂ خلافت غربی کا زرین عہد علمی ہے، جس کی نظیر اس بدقسمت ملک کی تاریخ مین کبھی نہ ملے گی۔ یہان سیاسی انتزاع کا آغاز پانچوین صدی ہجری سے ہوتا ہے، لیکن علمی ترقی و رفعت کا دور دوسرے ممالک اسلام کے دوش بدوش ہے۔ عبدالرحمن اعظم (عبدالرحمن ثالث، ۳۰۰-۳۵۰ ہجری ۹۱۲-۹۶۱ء)

(بقیہ حاشیہ ۲۴) ۳۵ دقیقہ پایا، جو کہ تحقیقات جدیدہ سے قطعاً مطابق ہے۔

یورپ کے اندر ابن یونس کی زیج کی طرف اٹھارہوین صدی عیسوی کے اواخر مین لوگون کی توجہ مبذول ہوئی تھی۔ (Caussin) کاسن نامی ایک فرانسیسی عالم نے ۱۸۰۴ء مین لیڈن یونیورسٹی کے ایک قلمی نسخے سے اس کتاب کا ترجمہ کیا تھا۔ اس مین ۲۸ کسوفات، ۷ تقطتی الاعتدالین (Equinoxes) ایک انحراف طریق شمس کے مشاہدات درج ہین نیز شمس و قمر کے مشاہدات کی بھی ایک جدول ہے۔

(۲۵) یہ دو عزیز تھے جن کے نام علی ابن اعجور اور ابو الحسن علی بن اعجور ہین۔ اواخر چہارم صدی ہجری مین انھون نے حرکات قمر کے متعلق قابل قدر تحقیقاتین کی تھین۔

کا نامور سپوت حکم (۲۶) ۳۵۰-۳۶۶ ہجری (۹۶۱-۹۷۶ء) اسی دور کی دایہ کی گود مین پلا اور مورخ یہ حق نہین رکھتا کہ اُسکے ضرب المثل علمی مشاغل اور فضل و تبحر کو عام اسلامی مذاق سے کوئی متمایز شئے تصور کرے ۔ یہ سچ ہے کہ حکم ثانی اپنی معاصرین مین بلحاظ ذوق علوم سب سے فایق تھا اور اُس کا جمع اور مطالعہ کیا ہوا کتب خانہ بلحاظ انتخاب و شمار کتب اپنی نظیر نہ رکھتا تھا، لیکن جو درخشندہ عہد مورخ کے پیش نظر ہے ۔ اُسے دیکھتے ہوے وہ حکم کی مثال کو محیر العقول نہین سمجھ سکتا ۔

اندلوسیہ عظمی مین اس زمانے مین علوم حکمت نے ایسی ترقی کی تھی کہ ایک وقت اُس کے مقابلے مین حکومت اور تعصب کی اٹل کوششین سوا بے سود ثابت ہونے کے کچھ نہ کر سکین ۔ یہی زمانہ تھا جب اسپین نے ہیئت مین وہ ترقی کی، جو اُس سے پہلے اور اُس کے بعد وہان کے ارباب فضل کو میسر نہین آئی ۔ خلافت غربی کے سب سے مشہور ہیئت دان، مسلمہ المجریطی (۲۷) (متوفی

(۲۶) المستنصر باللہ الملقب بہ حکم ثانی الناصر الدین اللہ عبد الرحمن ثالث کا بیٹا تھا ۔ اُس کا علمی شوق تاریخ اندلس مین شہرت عام رکھتا ہے ۔ مورخین کا بیان ہے کہ اُسنے اپنے عظیم الشان کتب خانے مین چار لاکھ کتابین جمع کی تھین اور تقریباً سب کو مطالعہ کیا تھا اور سب پر قیمتی حواشی اپنے ہاتھ سے لکھے تھے ۔ دُنیا مین اُس کے ایجنٹ کتابون کو تلاش کرتے پھرتے تھے اور مصنفین سے قبل تصنیف خواہش کی جاتی تھی کہ وہ سب سے پہلا نسخہ اپنی تالیف کا غرناطہ کے کتب خانے کے لیے دین ۔ چنانچہ کتاب الاغانی کے مصنف نے اپنی کتاب کا پہلا نسخہ حکم کی نذر کیا تھا اور بیش بہا صلہ پایا تھا ۔

(۲۷) مسلمہ ایک جامع العلوم و الفنون شخص تھا اُسنے ممالک اسلامیہ مین خوب سیاحت کی تھی اور رسائل اخوان الصفا کو لا کر سب سے پہلے اندلس مین اسی نے شایع کیا تھا ۔ کیمیا مین مہارت تامہ رکھتا تھا اور اس علم مین رتبۃ الحکیم ... ایک کتاب لکھی تھی

سنہ ۳۹۹ ہجری ۱۰۰۸ء) ابن السمح (متوفی ۴۲۶ھ ہجری ۱۰۳۸ عیسوی) جابر بن افلح (متوفی ۲۲۶ ہجری ۱۰۳۸ء) اور الزرقالی (جو پانچوین صدی کے اواخر مین اسپین کا نہایت نامور ماہر ہیئت گذرا ہے) یہ وہ لوگ ہین جو مسلمانون کے واسطے ہر زمانے مین مایۂ ناز تصور کیے جائین گے، اور دنیاے تمدن، جن کی ہمیشہ رہین منت رہے گی۔ یورپ مین علم ہیئت کی اشاعت اور اور جدید ہیئت کے آغاز و بنیاد کا باعث یہی اساتذۂ فن تھے۔ الفانسو دہم (۱۲۵۲-۱۲۸۴ء) شاہ کسٹائل (اسپین) کی لاطینی جداول نجوم، جن کی بدولت یورپ مبادی ہیئت سے روشناس ہوتا تھا، وہ جزءً و کلاً اساتذۂ اسلام کی خوشہ چینی کا نتیجہ ہین۔

اسی بے نظیر دور کے اواخر سے تعلق رکھنے والا اندلس کا فقید النظیر فاضل

---

۲۸ عہد وسطیٰ مین جابر کا نام یورپین لب و لہجہ مین جیبر فیلیس افلی (Geber filius Afflas) تھا اُس کی کتاب "المثلثات الکرویہ" کا یورپ مین ترجمہ ہوا تھا۔

۲۹ الزرقالی علماے ہیئت مین عزّ امتیاز رکھتا ہے۔ وہ مشاہدۂ فلک مین غیر معمولی استغراق رکھتا تھا۔ کہتے ہین کہ صرف اوج شمس کی دریافت کے لیے اُس نے چارسو دو مشاہدات کیے تھے اور استقبال نقطۃ الاعتدالین کے متعلق نہایت صحیح مقدار دریافت کی تھی۔

اس کے علاوہ الزرقالی نے خاص شہرت آلات ہیئت کے ایجاد سے تعلق رکھتی ہے۔ مامون شاہ طلیطلہ کے واسطے اُس نے اصطرلاب "مامونیہ" ایجاد کی تھی۔ دنیا مین سب سے بہتر اصطرلاب وہ تھی جس کا اشبیلیہ کے بادشاہ معتمد بن عباد کے نام پر "اسبادیہ" نام رکھا۔ لیکن ماہرین ہیئت مین یہ اصطرلاب "صفیحۃ الزرقالیہ" کے نام سے معروف ہے۔ یورپ والے اسے "سفاکا" (Saphaca) کہتے تھے۔

ابن صائغ اندلوسی تھا جس کے تذکرے کے لیے بلاشبہ دفتر کے دفتر درکار ہین
جیسا کہ ہم اوپر ذکر کر آئے ہین اندلس مین انقراض سلطنت کا آغاز
پانچوین صدی ہجری کے اوائل مین واقع ہوا۔ مشرقی ممالک کی طرح جا بجا چھوٹی
چھوٹی خود مختار اور آزاد حکومتین قائم ہو جانے پر علمی مشاغل کے مرکز نقل جدید

نوٹ مبدأ فیض سے ابن صائغ کو وہ دماغی و ذہنی اوصاف عطا ہوے تھے، جن کا ایک شخص کی ذات مین جمع ہونا حیرت کا باعث ہوتا ہے۔ اٹھاروین صدی کے مشہور جرمن فاضل گیٹے (Goethe) کی بابت مشہور ہے کہ اُس کا دماغ ایسی مختلف النوع خواص کا مجمع تھا، جو فرد واحد مین شاذ ہی پائے گئے ہین لیکن ابن صائغ کی ہمہ گیر طبیعت کو دیکھتے ہوے گیٹے کی وسعت دماغی کی کچھ حقیقت نہین رہتی اور علی بن عبد العزیز امام غرناطہ کے اس قول سے اتفاق کرنا پڑتا ہے کہ "ابن صائغ اعجوبۂ دہر تھا"، ابن صائغ جیسا ذہین تھا ویسا ہی حیرت انگیز حافظہ رکھتا تھا۔ وہ طبیعات، مابعد الطبیعیات، ریاضی، ہیئت نجوم، طب، جغرافیہ وغیرہ علوم حکمت مین نہ صرف دستگاہ کامل رکھتا تھا بلکہ اُسنے اپنے استادانہ اجتہاد سے اپنا نام صدر حکماے عالم مین لکھایا ہے تمام تاریخی روایات ہم زبان ہین کہ ابن صائغ طب اور فلسفے مین استاذ الاساتذہ مانا جاتا ہے، مابعد الطبیعیات سے عجیب وغریب اصول اور لطیف مسائل استنباط کرکے اصول طب سے مطابقت کی اور طبیعیات و طب کے اعمال مین بہت کچھ دقت نظری کا ثبوت دیا۔ علوم حکمت مین تبحر کی یہ کیفیت تھی لیکن انشا و ادب کے میدان مین بھی اُس کی طبیعت کی ایسی ہی جولانی تھی۔ عربی ادب مین ابن صائغ کی انشاپردازی اور شاعری کو بے بدل تصور کیا جاتا ہے اور مورخین کا بیان ہے کہ موسیقی مین ابن صائغ ماہر یگانہ تھا۔ وہ حافظ قرآن بھی تھا۔ غرض ابن صائغ، طبیب تھا، فلسفی تھا، ماہر ریاضی تھا، اور شاعر بے بدل تھا اور فن موسیقی مین بھی مشہور و معروف تھا۔ لیکن اس سے بڑھ کر یہ لطف کی بات ہے کہ میدان عمل کا بھی وہ پورا شہسوار تھا، ابتدا مین اندلوسیہ شرقی کے حکم امیر ابوبکر اور بعد مین یحیی بن سعید تاشفین فرمان رواے اندلوسیہ غربی کا (بقیہ صفحہ ۲۸)

قائم شدہ ریاستون کے دارالحکومت قرار پائے۔ قرطبہ، اشبیلیہ، غرناطہ، طلیطلہ وغیرہ نے ایک سے ایک بڑھ چڑھ کر علم پروری کا ثبوت دیا۔ جا بجا مدارس علوم اور کتب خانے قائم تھے، جہان ہر فن کے ماہر اور متلاشیان علوم اپنی پیاس بجھاتے اور دوسرون کو سیراب کرتے تھے۔ علم طب مین اندلس کے اطبا کی جدید معلومات نے اتنا اضافہ کیا، جتنا جالینوس کے عہد سے اُس وقت تک نہوا تھا۔

فنون حکمت کے سوا، ادب کی یہ حالت تھی کہ یورپ مین کبھی ایسا زمانہ نہین ہوا جب شاعری کو ایسی قبولیت عامہ نصیب ہوئی ہو جیسی کہ اُس[۱] زمانے مین۔ یہ وہ عہد تھا، جب ہر طبقے کے لوگ عربی مین اُس انداز کے اشعار موزون کرتے تھے، جو ہسپانوی اور اطالوی مطربون کے لیے نمونہ ہوتے اور جن کی تقلید وہ اپنے گیتون اور نظمون مین کرتے تھے۔ کوئی تقریر یا مکالمہ اس وقت تک مکمل نہوتا تھا، جب تک ایک آدھ بیت فی البدیہ خود موزون کر کے یا موقع و محل کے لحاظ سے کسی بڑے شاعر کے کلام مین سے لیکر استعمال نہ کی جاتی۔

(بقیہ حاشیہ ۳۰) وزیر رہا اور اُس کا عہد وزارت مراکو اور اسپین کی تاریخ مین ہمیشہ عدل و انتظام کے واسطے زبان زد عوام تھا۔ حاسدون نے زہر دیکر ایسے فاضل سے دُنیا خالی کر دی۔ سنہ ولادت معلوم نہین ہے لیکن سنہ ۵۳۳ھ ہجری مین انتقال کیا یورپ مین ابن صائغ (Avenpace) کے نام سے معروف ہے جو عہد وسطیٰ کی یادگار ہے۔

۳۱ لین پول تاریخ اسپین صفحہ ۱۴۴۔

۳۲ ایضاً۔

افریقیائے اسلامی میں سبوطہ، تنجہ، فیض، مراقش، مکناسہ، طلمسان، قیروان وغیرہ جہاں کم و بیش خود مختار حکومتیں قائم تھیں، میدان علم میں قرطبہ و غرناطہ کی حریف تھیں وہاں سے نئے بڑے اُستاذ نکلتے تھے، جن کی قدر مشرق و مغرب میں ہر جگہ ہوتی تھی۔

جس شاندار حالت کا ہم نے اوپر ایک سرسری اور نامکمل خاکہ کھینچا ہے وہ پانچویں صدی ہجری کے بعد کچھ زیادہ دنوں تک قائم نہ رہی مغرب میں ابن طفیل، ابن رشد، ابن زہر، ابوالقاسم[۳۴] اور ابن بیطار وغیرہ کے سدا زندہ رہنے والے ناموں پر ایسا پردہ پڑا کہ پھر نہ اٹھا۔ مشرق سے نے عمر خیام[۳۴] اور محقق طوسی[۳۵] کے

---

۳۳ ابن طفیل وغیرہ تمام اندلس کے نامور فلسفی اور طبیب ہیں۔ عہد وسطیٰ میں یورپ میں ابن رشد ایوروز (Averroes) ابن زہر ایون زور (Avenzoar) ابوالقاسم البوکیسس (Albucasis) اور ابن بیطار ایون بیطار (Aven Bethar) کے ناموں سے مشہور رہتے تھے۔

۳۴ عمر خیام (سنہ ۵۱۷ ہجری مطابق ۱۱۲۳ء) کی رباعیات اس قدر شہرت رکھتی ہیں کہ اُس کے شاعری کی بابت کچھ کہنا فضول ہے البتہ یہ بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ وہ فلسفی اور شاعر ہونے کے ساتھ علم ہیئت میں بھی دستگاہ رکھتا تھا سال شمسی کی مقدار جو خیام نے معلوم کی وہ نہایت صحیح اور متقدمین میں سب سے بہتر ہے۔ یعنی خیام کی تحقیقات سے سال شمسی ہوتا ہے (۳۶۵) دن ۵ گھنٹے ۴۹ منٹ کا اور محققین حال کی تحقیقات کے رو سے ہوتا ہے (۳۶۵) روز ۵ گھنٹے ۴۹ منٹ ۴۸ سیکنڈ کا۔

۳۵ خواجہ نصیر الدین معروف بہ محقق طوسی (سنہ ۵۹۷-۶۷۲ ہجری مطابق ۱۲۰۰-۱۲۷۳ء) متقدمین حکمائے اسلام میں سے تھا۔ نصیر الدین طوسی کی خاص شہرت کا باعث علوم ریاضی ہیں سنہ ۶۵۷ ہجری (سنہ ۱۲۵۹ء) میں ہلاکو خان کے حکم سے مراغہ میں ایک رصدگاہ قائم ہوئی تھی، جہاں محقق مذکور نے ترصید کرنے کے بعد زیج ایلخانی تیار کی تھی (بقیہ صفحہ ۳۰)

نام پر ایسا خطبۂ اختتام پڑھا کہ پھر وہ صورتین اور وہ مجلسین نظر نہ آئین۔ اس علمی مذاق کے زوال و انتزاع پر غور کرنا، ہر لحاظ سے دلچسپ اور مفید ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ ایسی بحث ہے، جو ہماری موجودہ مبحث کے دائرے سے خارج ہے اور سوائے اس کے کوئی چارہ کار نہین کہ اسے کسی دوسرے وقت کے لیے اُٹھا رکھین۔ بہرنہج ایک دفعہ انحطاط اور انتزاع کے اسباب کا غالب آنا تھا کہ دوبارہ اسلام کو وہ بے نظیر زمانہ دیکھنا نصیب نہوا، بلکہ انقلاب پسند زمانے نے اُس دور کے آثار کو بھی ایسا ملیا میٹ کر دیا کہ اب اس عالمگیر اسلامی ترقی کا کامل تصور بھی نہین کیا جا سکتا۔ ہزار ہمارے دل مین یہ اُمنگ پیدا ہو کہ اس علمی زمانے کی جی بھر کے سیر کرین اور امتداد زمانہ کی تاریکی سے نکل کر اُس روشن زمانے مین جا پہونچین، لیکن موافق اسباب کا دروازہ ایسا بند ہوا ہے کہ اس آرزو کا مہد اُس کا مرقد بنجاتا ہے۔

سامانیہ، دیلمیہ اور سلجوقیہ کی طرح جرجان، خوارزم اور غزنی کی حکومتین بھی جن کا اس دور سے واسطہ ہے، علم پروری مین کسی سے پیچھے نہ تھین۔ لیکن افسوس آج ہمارے ہاتھون مین اُس زمانے کے فضلا کی تصانیف کے ذخائر موجود نہین، بلکہ اُن لوگون کے نام بھی نامعلوم ہین۔ یہ افسوسناک حالت وسط ایشیا کی [illegible] کرتے وقت بالخصوص پیش آتی ہے۔ عہد مابعد مین وسط ایشیا مین برپا ہونے والے سیاسی طوفان بے تمیزی، اور

بقیہ حاشیہ ۵۳ ہیئت متاخرین کا دارومدار عہد مابعد مین صرف زیج ایلخانی اور زیج الغ بیگی (مرتبہ ۸۴۱ سنہ ہجری ۱۴۳۷ء) پر رہ گیا تھا۔ الغ بیگ کے اوپر گویا فن ہیئت کا علمی شوق مسلمانون مین ختم ہوگیا۔

اس سے پیشتر چھٹی صدی مین انقلاب خیالات نے جو معرکہ مذہب و فلسفہ کے باعث پیدا ہوا علمی تصانیف اور علمی روح کو بڑا صدمہ پہونچایا اور مذاق علمی مین بڑا تلاطم پیدا کر دیا۔ تعصب، جہالت اور بے اعتنائی نے اور پھر غلبہ چنگیز و ہلاکو نے علمی ذخایر کی تباہی و بربادی کے دوسرے وجوہات پیدا کر دیے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اس وقت ہمارے ہاتھ مین جو تواریخ اور تذکرے موجود ہین، اُن مین بجز اُن شعرا کے، جو بادشاہون یا امیرون کی شان مین قصیدے کہا کرتے یا گل و بلبل اور ناے و نوش کے مضامین باندھنے مین اپنی عمر بسر کر دیتے تھے دیگر کملاے عہد کے حالات مفقود ہین، مقامات خواجہ ابو نصر مشکانی، طبقات بیہقی، تواریخ ملا محمد غزنوی، تواریخ محمد وراق اور دیگر تاریخی کتابین جن کی مدد سے غالباً اُس زمانے کی علمی تاریخ کا تھوڑا بہت پتہ چل سکتا، نابود ہین۔ جو تاریخین اور تذکرے دو چار صدی بعد کے لکھے ہوے ہین وہ چندان معتبر نہین اور اکثر فقدان مذاق اور قلت مواد کے باعث متلاشی کی مایوسی کا باعث ہوتے ہین۔

آہ زمانے سے بڑھکر کوئی بھولنے اور بھلا دینے والا نہین۔ دیکھئے آج تک خدا جانے کتنے لوگ آئے جو شہرت کے آسمان پر چاند سورج ہوکر چمکے لیکن غور کرو کتنے ایسے ہین، جن کی کرنین اب بھی نور افشان ہین بلاشبہہ بڑے خوش نصیب ہین وہ جنھین کسوف و خسوف کے بعد بھی شہرت دوام کے فلک الافلاک پر چمکنا نصیب ہوجاے۔

اگر یہ سچ ہے تو بلاشبہہ وسط ایشیا کا وہ فاضل متبحر بڑا خوش قسمت ہے

جو صدیون کنج گمنامی مین زندگی بسر کرنے کے بعد، اس زمانے مین شہرت دوام کے خلعت سے سرفراز ہوا ہے۔ آج سے پچاس سال پہلے کوئی نہ جانتا تھا کہ چوتھی یا پانچوین صدی کے زرین عہد علمی مین بیرونی کی شخصیت کیا مرتبہ رکھتی ہے، اب دنیائے تحقیق کے ہر گوشے آواز آرہی ہے کہ اُس فضائے علم مین وہ شمس منیر ہے اور دنیا کی علمی تاریخ مین معدودے چند افراد اُس کی ہمسری کے مستحق قرار پا سکتے ہین۔ یا تو البیرونی کے نام سے کان بھی ناآشنا تھے، یا اُس کے تبحر و کمال کا ایسا سکّہ بیٹھا ہے کہ ایک اُس مصنف کے لیے، جو اسلامی تاریخ علمی پہ قلم اُٹھائے ناممکن ہے کہ اُس کا نام نظرانداز کر جائے۔

بے شک بیرونی کی سوانح عمری پر تاریکی کا پردہ پڑا ہوا ہے، موجودہ تواریخ اور تذکرون سے اُس کے حالات زندگی پورے طور پر معلوم نہین ہو سکتے اور اُس کی کثیر التعداد تصانیف مین سے بھی چند باقی رہگئی ہین، لیکن جو کچھ موجود ہے، وہ اُس کا استحقاقِ فضیلت ثابت کرنے کے لیے کافی اور وافی ہے،

(۴)

گرداب حوادث سے بچکر کنار عافیت آ لگنے والے آثار میں ایک رسالہ ہے جو نوسو سال خمول گمنامی میں رہنے کے بعد ہمارے زمانے میں متلاشیان آثار کی جستجو سے روشنی میں لایا گیا ہے - یہ ایک خط ہے جس کا بھیجنے والا ابوریحان بیرونی تھا - رہتی دنیا عالم علم میں یہ مکتوب دلچسپی کی نظر سے پڑھا جائے گا - لکھنے والے نے اپنے ایک دوست کے نام لکھا تھا اور اُس میں دوست کی فرمایش کے جواب میں اپنی اکثر تصانیف کی فہرست دی تھی، جنھیں ۴۲۷ھ ہجری، یعنے اُس خط کے لکھنے کے وقت تک حوالۂ قلم کیا تھا - فہرست کتب سے پہلے لکھا ہے کہ "اس وقت میری عمر ۶۵ سال اور بحساب شمسی ۶۳ سال کی ہے"، اس طرح خود بیرونی کی زبانی اُس کا سنہ ولادت ۳۶۲ھ ہجری معلوم ہوجاتا ہے، لیکن تاریخ ولادت کی توضیح ابو اسحٰق ابراہیم بن محمد الغضنفر التبریزی کے رسالہ "المشاطہ لرسالۃ الفہرست"[۱] سے ہوتی ہے، جو بیرونی کے مکتوب مذکور کی شرح کے طور پر لکھا گیا تھا - الغضنفر کہتا ہے "

"امام الشیخ، استاد الرئیس، حکیم برہان الحق، ابی الریحان محمد بن احمد البیرونی ۳..... ذی الحجہ پنجشنبہ کے روز صبح کے وقت ۳۶۲ھ میں خوارزم میں پیدا ہوا

[۱] اس رسالے کی نقل یورپ میں موجود ہے -

شمار سے اس سنہ کے ایک لاکھ اٹھائیس ہزار دو سو چپن دن ہوتے ہیں
دوسرے مطابق تاریخیں ۲۰ ماہ شہریور ۳۴۲ فارسی (یزدجردی)، اور ۴- ماہ
ایلول ۱۲۸۵ یونانی (اسکندری) ہیں- یونانی سنہ کے دن کا شمار چار لاکھ
اڑسٹھ ہزار نو سو پچپن ہے؎ اس کے بعد غضنفر نے زائچہ لکھا ہے- حساب
لگانے سے یہ تاریخیں ۴- ستمبر ۹۷۳ء کے مطابق ہوتی ہیں- جیسا کہ بعض
مورخین نے صراحت کی ہے اور نیز البیرونی کے نام سے معلوم ہوتا ہے
اُس کا مولد خوارزم خاص نہ تھا، بلکہ نواح و مضافات خوارزم میں ایک مقام تھا
جس کا نام بیرون؎ تھا، افسوس ہے کہ اُس مقام کی طرف منسوب ہونے والے نے

؎ بیرونی کے وطن کے متعلق ایک عرصے تک محققین کو اختلاف رہا- بعض لوگوں کا یہ خیال تھا کہ بیرونی کا مولد سندھ تھا، مثلاً مولوی عزیز مرزا صاحب مرحوم بھی اسی قول کے قائل تھے- لیکن نہایت کامل تحقیقات سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہونچ گئی ہے کہ بیرونی خوارزم ہی میں پیدا ہوا اور وہیں نشو و نما پائی- اس میں اختلاف کی قطعاً گنجایش نہیں ہے- مزید اطمینان کے لیے ہم نہایت اختصار کے ساتھ اس بحث کو یہاں لکھے دیتے ہیں-

دراصل شبہ کی وجہ یہ ہوئی کہ شمس الدین محمد بن محمود شہرزوری نے نزہۃ الارواح و روضۃ الافراح فی تواریخ الحکماء المتقدمین والمتاخرین، میں بیرونی کے ذکر میں غلطی سے یہ لکھ دیا تھا کہ، بیرون سندھ میں ایک شہر ہے؎ ابن ابی اصیبعہ (م ۶۶۸ ہجری) نے شہرزوری کی تقلید کی ہے اور مشہور جغرافی ابوالفدا نے ابن سعید کی سند پر اسی قول کو تحریر کیا ہے- ایم رینا ڈ ایک فرانسیسی مستشرق نے جس نے سب سے پہلے بیرونی کی کتاب الہند کے دو ایک ابواب کا ترجمہ کر کے علماے یورپ کو بیرونی کی طرف متوجہ کیا تھا، ابوالفدا کی سند پر بیرونی کو سندھ کا باشندہ خیال کر لیا تھا- لیکن سوال یہ ہے کہ بیرون سندھ میں کبھی کوئی مقام تھا بھی یا نہیں- سندھ کی تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سندھ میں ایک مقام تھا، جس کا نام نیرون (بالنون) تھا اور جو دریاے سندھ کے (بقیہ صفحہ ۳۵)

اپنے وطن عزیز کے حالات ہمارے لیے چھوڑے ہیں، اور نہ کسی مورخ نے اُس کا

(بقیہ حاشیہ ۲) مغربی کنارے پر دیبل اور منصورہ کے درمیان واقع تھا۔ چنانچہ ابن حوقل جغرافی کی کتاب المسالک کے ایک قدیم نسخے میں، جو لکھنؤ میں موجود ہے، سندھ کا ایک نقشہ دیا ہوا ہے جس پر نیرون کے موقع و محل کا نشان لگا ہوا ہے۔ کپتان مکمرڈو (Mac Murdo) ایلیٹ (Elliot) اور دیگر انگریز محققین نے کافی چھان بین کے بعد ثابت کر دکھایا ہے کہ یہ مقام نیرون بالنون ہے نہ کہ بیرون بالیاء۔ اس کی تفصیل ایلیٹ ڈوسن کی ضخیم تاریخ ہند جلد اول میں موجود ہے اور جلد دوم میں بھی ذکر آیا ہے۔ دراصل ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جن لوگوں نے بیرون کو سندھ کا ایک مقام بتایا ہے انھوں نے اس نام کے پڑھنے میں غلطی سے نون کی جگہ با پڑھ لیا ہے۔ مثلاً ابوالفدا نے سندھ کے بارے میں ابن حوقل وغیرہ سے اپنی معلومات ماخوذ کی ہیں اور ایسی حالت میں اس قسم کی غلطی کا ہو جانا ایک بہت معمولی بات ہے۔

اب اُن تاریخی شہادتوں میں سے چند شہادتیں پیش کی جاتی ہیں جن میں بیرونی کو صاف صاف خوارزمی بیان کیا گیا ہے۔ السمعانی نے کتاب الانساب (۵۶۲ ہجری) میں، جو علما و مصنفین اسلام کے تذکرے میں ایک نہایت مستند کتاب ہے لکھا ہے:۔

"البیرونی بفتح الباء الموحدہ وسکون الیاء آخر الحروف وضم آخرہا نون، ہذہ النسبۃ الی خارج خوارزم فان بہا من یکون من خارج البلد ولا یکون من نفسہا یقال لہ فلان بیرونی است و یقال بلغتہم انیبزک است، ومشہور بہذہ النسبۃ ابوریحان المنجم البیرونی" جس کا مطلب یہ ہے کہ بیرونی کے معنی باہر والے کے ہیں اور اس نسبت سے اہل خوارزم اُن لوگوں کو موسوم کرتے تھے جو خاص بلدۂ خوارزم کے باشندے نہ ہوتے تھے بلکہ خارج خوارزم کے رہنے والے ہوتے تھے، اہل خوارزم کے لغت میں انھیں انیبزک بھی کہتے تھے۔ اسی نسبت سے ابوریحان بیرونی مشہور ہے۔

حاجی خلیفہ اپنی مشہور تصنیف "کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون" میں بحث علم الآثار شرقی کی

مرقع کھینچنے کی تکلیف گوارا کی ہے۔ وطن کا کیا ذکر اُس کے خاندان کا حال
تعلیم و تربیت کی کیفیت، اور عالم طفولیت کے واقعات، جو ہمارے زمانے کے
سوانح نگار کے لیے اس قدر قیمتی اور دلچسپ معلومات ہو سکتی ہین اور جنھین
متقدمین نے شاذ ہی قابل التفات تصور کیا ہے، ان مین سے کسی کا کچھ
پتہ نہین لگتا۔ کوئی نہین بتا سکتا کہ یہ ہونہار بچہ کس گھر کا چراغ تھا، کن گودون
مین پلا، کن رفیقون کے ساتھ کھیلا، کن صحبتون مین بیٹھا اور کن استادون کے

(بقیہ حاشیہ ۲) کتاب آثار الباقیہ پر حسب ذیل تبصرہ کرتا ہے:-
"الآثار الباقیة عن القرون الخالیة، فی النجوم والتاریخ مجلد اوله، الحمد لله المتعالی عن الاضداد، للشیخ العلامہ
ابی الریحان محمد بن احمد البیرونی الخوارزمی المتوفی بعد سنة ثلثین اربعمائة (؟)، وبیرون بالباء والنون بلدہ فی السند کما
فی العیون الانباء (عیون الانباء فی تاریخ الاطباء مؤلفہ ابن ابی اصیبعہ) وقال السیوطی ہو بالفارسیة البرانی سمی به لکونه
قلیل المقام بخوارزم واہلہا یسمون الغرائب بہذ الاسم"، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حاجی خلیفہ خود بیرونی کے
خوارزمی ہونے کا قائل ہے، چنانچہ وہ بیرونی کو خوارزمی ہی لکھتا ہے اور گو ابن ابی اصیبعہ کا قول اُس کے سندھی
ہونے پر نقل کر دیتا ہے لیکن علامہ سیوطی کی سند اُسکے خوارزمی ہونے کے بارے مین پیش کرتا ہے+ ان سب سے
بڑھ کر ابن صنفر (سنہ ۶۲۳-۶۹۲ ہجری) کا قول ہے جو متن مین نقل ہوا+ ایک روسی لرخ نامی نے زیو یورشین
۱۸۶۰ء مین لکھا ہے کہ ۱۸۵۸ء مین بخارا کے دو حصے تھے "اندرون بخارا" اور "بیرون بخارا" اور
البلاذری نے کتاب الفتوح مین لکھا ہے کہ "رے" کے دو حصے تھے، "المدینة الخارجہ" اور "المدینة الداخلہ"
اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وسط ایشیا مین بڑے شہرون کی تمام طور پر اس طرح تقسیم کر دی جاتی تھی کہ حوالی شہر
کو اس شہر کے بیرونی حصے کے نام سے موسوم کرتے تھے+ ان خارجی شہادتون سے بڑھ کر وہ داخلی شہادت
ہے جو بیرونی کی کتاب الآثار الباقیہ کے مطالعہ سے پیدا ہوتی ہے۔ اس کتاب کا پڑھنے والا (بقیہ بصفحہ ۳۷)

سامنے پہلوئے شاگردی تہ کیا۔ ہاں اُسکی تصانیف پڑھ کر ہم اتنا یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ اُس کا خاندان عجمی تھا اور غالباً خالص خوارزمی۔ اُس کے گہرے سے گہرے جذبات اور فطری رجحانات اُس کی قومیت کو پورے طور سے ظاہر کرتے ہیں ۃ۔ خوارزمیوں کی اُسے ہر ہر ادا پسند ہے۔ عجمیوں کی علم و فراست کا

(بقیہ حاشیہ ۲) ایک لمحے کے لیے بھی نہیں مان سکتا کہ بیرونی خوارزمی نہ تھا یا اُس نے کبھی سندھ کی صورت بھی دیکھی تھی۔ طوالت کے خوف سے استنباط شہادت داخلی کو قلم انداز کیا جاتا ہے۔

ۃ سطور ذیل اقتباس کو تمثیلاً پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں :۔

"اگر عہد جہالت کے عربوں سے کو آپ نا بتہ کے ناموں میں تامل سے کام لوگے، تو تمھیں معلوم ہوگا کہ وہ بروج اور ستاروں کی شکلوں سے تمام صحیح علم سے دور تھے۔ اگرچہ ابو عبد اللہ بن مسلم بن قتیبا لجبالی نے اپنی تمام کتابوں، خصوصاً دکتاب فی تفضیل العرب علی العجم"، میں نہایت طوالت کے ساتھ اہل عرب کی اہل عجم پر فضیلت ثابت کرنی چاہی ہے اور عربوں کو دنیا کی ساری قوموں میں ستاروں اور اُن کے نکلنے اور ڈوبنے کے علم میں سب سے بڑھ کر واقف بتایا ہے، میں نہیں جانتا کہ وہ ناواقف تھا یا تجاہل سے کام لیتا تھا کہ تمام مواضع اور دیہات کے کاشتکاروں اور کسانوں کو کھیتی باڑی کے کاموں کے آغاز اور اس قبیل کے دیگر اوقات کا علم ہوتا ہے، اس لیے کہ جس کی حیثیت آسمانوں کے سوا کوئی دوسری چیز نہ ہوا وہ جس کے اوپر ستارے ایک نظام واحد پر نکلتے اور ڈوبتے ہوں اور اپنے تمام اسباب کی ابتدا انھیں پر موقوف رکھے گا اور اوقات وغیرہ معلوم کرنے میں ان سے مدد لے گا ...... جب تم کتاب الانوار اور خاص کر قتیبہ کی کتاب کو جو علم مناظر النجوم" پر ہے، اور جس کے بعض مقامات اخیر کتاب میں مذکور ہوئے ہیں، ملاحظہ کروگے تو معلوم ہوگا کہ (قدیم) عربوں کو اس علم میں اس سے زیادہ کچھ بھی معلوم نہ تھا جتنا ہر ملک کے کسان کو معلوم ہوتا ہے۔ لیکن قتیبہ نے انھیں بارے میں بہت افراط سے کام لیا ہے اور بہار ہی میں پینے استبدادِ رائے کا اظہار کیا ہے۔ اُس کا کلام اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اُسے اہل فارس سے

ہجو خوان ہے اور اُن پر فوقیت کا اظہار کرنے والون سے خواہ وہ عرب ہی کیون نہون بحث مباحثہ اور دلائل معقول کرنے کے لیے ہر وقت آمادہ نظر آتا ہے۔ وطن کی گذشتہ عظمت کا حسرت سے ذکر کرتا ہے اور خوارزم کی تباہیون سے جو فتح خوارزم کے وجہ سے وقوع مین آئین، اُس کی آنکھین پرنم معلوم ہوتی ہین۔ اگر ہمدردی کا میلان اور جوش کا تموج خون کے میل کا پتہ دے سکتے ہین تو نوجوان بیرونی کی آثار الباقیہ صاف گلے پکار رہی ہے کہ اس کا لکھنے والا نسل کا عجمی ہے اور اپنے نسب پر فخر کرنے والا ہے۔

اس مین شبہہ نہین کہ بیرونی کا گھرانا متمول اور دولتمند نہ تھا۔ اُس کے ماں باپ کے یہان زر و جواہر کے انبار اور عیش و عشرت کے سامان، جو مالدار والدین کے بے حد و نہایت لاڈ پیار کے ساتھ، اولاد کی تربیت و تعلیم کے حق مین اکثر مضر ثابت ہوتے ہین، مفقود تھے۔ اگر ایسا تھا تو کچھ تعجب نہین کہ غریب مگر ہونہار بچے نے اولیا کی تحریص ترغیب اور اپنی ما فوق الفطرۃ ہوشمندی سے فضل و کمال حاصل کرنے مین جد و جہد موفور کی تاکہ عزت و شہرت کی

(بقیہ حاشیہ ۳) عداوت تھی، اس لیے کہ وہ صرف اسی پر اکتفا نہین کرتا کہ عربون کو فارسیون پر فضیلت دے بلکہ اُن کو ساری دنیا کی قومون مین رذیل، ذلیل و خسیس بتاتا ہے اور کہتا ہے کہ اہل فارس معاندت اسلام مین اُن بدوون سے کہین بڑھے ہوئے تھے مین ہجو کا سودہ توبہ مین ذکر ہے، غرض قتیبہ ان کی طرف طرح طرح کے قبائح منسوب کرتا ہے، کاش اُس نے تھوڑے تفکر سے کام لیا ہوتا اور اُن لوگون کی اوائل ایام کا خیال ہوتا جنھین اہل فارس پر فضیلت دی ہے تاکہ اپنے قول کی نا راستی تفریط و تعدی کا حال معلوم ہوتا۔ آثار الباقیہ صفحہ ۲۳۰۔

۴ دیکھو آثار الباقیہ صفحہ ۱۷۵ و ۴۰۔

لازوال دولت ہاتھ لگے۔ خود بیرونی نے الآثار مین اپنے ولی نعمت شمس المعالی کو مخاطب کرکے ایک واقعہ لکھا ہے، جس سے اُس کی مالی بے بضاعتی پر روشنی پڑتی ہے۔ وہ لکھتا ہے۔

"اس موقع پہ مجھے اپنی زندگی کا ایک واقعہ یاد آگیا، جو احمد بن فارس کے اس کلام کا مصداق ہے۔

قد قیل فیما مضی حکیم	ما المرء الا با صغریہ
کہ پچھلے زمانے کے ایک حکیم نے کہا ہے	کہ انسان کی بزرگی دو چھوٹی چیزون سے ہے
فقلت قول امرء لبیب	ما المرء الا بدرھمیہ
مین ... عاقل کی طرح یہ قول پیش کرتا ہون	کہ انسان کی عزت دو پیسون سے ہے
من لم یکن معہ درھماہ	لم تلتفت عرسہ الیہ
اگر اُس کے پاس دو درہم نہون	تو اُس کی عروس بھی اُس کی طرف التفات نہین کرتی
وکان من ذلہ حقیرا	یبول سنورھم علیہ
اپنی تنگ دستی سے حقیر ہوجاتا ہے	اور لوگون کی بلیان بھی اُس پر غراتی ہین

جب مین حضرت عالی سے جدا تھا اور خدمت شریف کی سعادت سے محروم، اُس وقت شہر رے مین ایک شخص سے ملاقات ہوئی جو وہان کے چوٹی کے منجمین مین شمار ہوتا تھا، لکھا ہے کہ ایک مسئلہ ہیئت مین مین نے اُس سے اختلاف کیا، شخص مذکور سخت ناراض ہوا اور اگرچہ علوم مین مجھ سے بہت پست مرتبہ تھا، اس نے میرے قول کی تکذیب واہانت کی اور خشونت سے پیش آیا اور طوالت کے ساتھ اُس فرق کا ذکر کیا جو میرے اور اُس کے درمیان مین تھا

فقر و غنا کا تھا۔ فقر وہ چیز ہے جو مناقب کو معائب سے بدل دیتا ہے۔ مین اُس وقت خراب و خستہ حالت مین اور ہر طرح درماندہ تھا، لیکن جب میری درماندگی مین کچھ کمی ہوئی تو مجھ سے دوستی سے پیش آنے لگا۔ (آثار الباقیہ صفحہ ۳۳۰)

خدا ہی خوب جانتا ہے کہ اُس زمانے مین، جب تحصیل علم آجکل کی طرح آسان کام نہ تھا، اس غریب بچے نے کن دشواریون اور مصیبتون سے اپنا کام نکالا ہوگا۔ اس موقع پر ابو الفضل بن مبارک کا خیال آتا ہے جس نے اپنی طالب علمانہ کاوشون کا ایک فارسی قطعہ مین ذکر کیا ہے[۵] اور لکھا ہے کہ میری راتین دود چراغ کھا کھا کر بسر ہوئی ہین۔ ہم بلاخوف تردید کہہ سکتے ہین کہ اگر بیرونی شاعر ہوتا، اور شاعرانہ مبالغہ سے اعراض کر کے بھی اپنی اُن جانفشانیون کا حال لکھتا، جو طلب علم مین اُس سے وقوع مین آئین تو ابو الفضل اپنی پانزدہ سالہ تحصیل علم کی جد و جہد کو فخر مباہات سے بیان کرتے ہوئے ضرور شرماتا۔ جہانتک موجودہ معلومات ہماری دستگیری کرتی ہین اُن سے اس بات کا پتہ لگانا دشوار ہے کہ حصول فضل مین بیرونی اپنے مان باپ کا کہان تک رہین منت تھا۔ اس وقت تک کوئی ایسا موقع نظر سے نہین گذرا

---

[۵] قطعہ مذکور کے خاص اشعار یہ ہین :۔

"دو منت خدا را کہ گوہر پاے شاہوار ٭ کز تاب می کنند با انجم برابری ٭ زالماس کلک سفتہ و در سلک انتظام ٭ آوردہ ام چنانکہ خوش آید بجوہری ٭ .... از یمن عہد بادشہ و جہد اوستاد ٭ طبعم نمود یاری و توفیق یاوری ٭ دہ سال و پنج بیش بہ رکافرین بدو ٭ تحصیل کردہ ام ز علوم مقرری ٭ دود چراغ خوردہ شب آوردہ ام بروز ٭ معذورم ار نماند دماغ مرا تری ٭" (ابو الفضل دفتر سوم۔ خطبہ تفسیر سورۂ فتح)۔

جہان اُس نے والدین سے کسی علمی معاملہ میں استناد کیا ہو۔ اس سے ظن غالب یہی ہوتا ہے کہ والدین کا اُسکی تعلیم میں براہ راست بہت کم حصہ تھا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کمسنی ہی میں بیرونی کے سر سے باپ کا سایہ اُٹھ گیا ہو اور اس وجہ سے وہ قدرةً استفاضے سے محروم رہ گیا ہو۔ چونکہ سوانح نگار کا یہ منصب نہین ہے کہ وہ اپنے قیاسات کو اس حد تک کھینچ کر لیجائے اور اُسکے لیے ضروری ہے کہ ایسے موقعون پر واللہ اعلم بالصواب کہکر خاموش ہو رہے، لہذا ہم قیاسات سے اعراض کرکے بدیہیات کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

ظاہر ہے کہ بیرونی ایک غیر معمولی ذہین اور فہیم بچہ تھا، لیکن بغیر اساتذہ کی غیر معمولی توجہ اور بجید ذاتی محنت کے ناممکن تھا کہ وہ تھوڑی عمر مین اس قدر فضل و کمال حاصل کر لیتا۔ ایک پر شوق اور طبّاع بچے سے اساتذہ کی دلی ہمدردی ہو جانا اور اُسکی تعلیم مین گہری دلچسپی لینا ایک ایسی بین بات ہے جو کسی دلیل کی محتاج نہین۔ اتفاق سے بیرونی کے قلم سے ہم تک اُس کے دو استادون کے نام پہونچے ہین۔ ایک اُستاد بنداد السرخسی[۵۶]، دوسرا ابو النصر منصور بن علی بن عراق[۵۷]۔ دونون منجم تھے، اور گو تفصیلی حالات معلوم نہین لیکن اتنا ثابت ہے کہ وسط ایشیا کے چوٹی کے ہیئت دانون مین سے تھے۔ ایک موقع پہ بیرونی نے چند کتابون کے نام لکھے ہیں جنھیں ابو نصر مذکور نے اول الذکر

۵۶ آثار الباقیہ صفحہ ۱۸۴ سطر ۲۰۔

۵۷ آثار صفحہ ۲۵ سطر ۲۰۔ ۴۲۲ھ سے پہلے ابو نصر کا انتقال ہو چکا تھا، جیسا کہ بیرونی کے مکتوب سے معلوم ہوتا ہے۔

کے نام پر لکھا تھا۔ اس وقت بھی بوڈلین لائبریری مین ایک سالہ موجود ہے جس کا نام "رسالۂ ابو نصرو ابوریحان فی جدول الدقائق" ہے کسی اُستاد کا اپنے ایک وقت کے شاگرد سے اس قدر وفورِ عقیدت کا رکھنا کہ اپنی تصانیف کو اُسکے نام پر لکھنا باعث عزت جاننے ثابت کرتا ہے کہ اُستاد کے دل میں اُس لائق شاگرد کی کس قدر قدر و منزلت اور محبت تھی۔

اگرچہ خوارزم اور دیگر ممالک عجم مین فارسی ملکی اور قومی زبان تھی اور ادیبون اور شاعرون نے اپنی کوششون سے اُسے مدارج کمال پر پہونچا دیا تھا، لیکن دیگر ممالک اسلام کی طرح ان حصص مین بھی عربی مسلمانون کی علمی اور مذہبی زبان تھی اور تعلیمی ترقی کا انحصار بڑی حد تک اس زبان مین کامل دستگاہ حاصل کرنے پر تھا۔ بیرونی کو بھی آغازِ تعلّم مین اپنے وقت کا کچھ حصہ عربی مین ادبی استعداد حاصل کرنے مین صرف کرنا پڑا ہوگا، لیکن جیسا کہ اُسکی ابتدائی تصانیف سے ہویدا ہے، بیشتر حصہ علوم حکمت، ریاضی، ہیئت، فلسفہ تاریخ تمدن کے حصول میں خرچ ہوا۔

طلب علم کی کوشش مین، یا حصول معاش کی غرض سے، بیرونی کو شباب ہی مین وطن عزیز کو خیرباد کہنا پڑا۔ خدا جانے کتنے عرصہ تک کہان کہاں سفر کرتا، اور غریب الوطنی کی مصیبتین سہتا رہے پہونچا۔ اُس وقت تک اُسے دنیاوی جاہ و وقار اور مال و دولت میسّر نہ تھے۔ لیکن علم و فضل کا پورا نشہ چڑھا ہوا تھا فضل و کمال حاصل کیا تھا، جدت فہم اور جودتِ طبع کی وہ حالت تھی، اُس پر

۵۵ دیکھو مکتوب بیرونی جزو اخیر جہان ابو نصر کی بارہ کتابون کے نام لکھے ہین۔

آزاد اور نڈر طبیعت پائی تھی۔ کسی سے نہ دبتا تھا اور دوسرون کے متاعِ علم کے بازار نقد مین بہت کم قدر و قیمت حاصل کرتے تھے۔ جا بجا ہم دیکھتے ہین کہ جدال و مباحثہ کی مجلس مین اُس کی آستینین چڑھی ہوئی ہین اور وہ دادِ فضل دے رہا ہے۔[۹]

نہ معلوم بیرونی کی شہرت کا آوازہ شمس المعالی، والیِ جرجان کے کان مین پہونچا اور اُس نے بیرونی کو اپنے یہان مدعو کیا۔ یا بیرونی، پھرتا پھراتا خود وہان جا نکلا۔ جو صورت بھی وقوع مین آئی ہو، جرجان[۱۰] پہونچکر اُسے سکون اور طمانیت میسر آئی اور کئی سال تک وہ وہان مقیم رہا[۱۱]

شمس المعالی علم دوست حکمران تھا، جس کا پتہ اس واقعہ سے چل سکتا ہے کہ ایک وقت جب بوعلی سینا نے کسی صاحبِ فضل امیر کے ظلِ عاطفت مین پناہ ڈھونڈھنی چاہی تو سب سے پہلے جس شخص پر اُس کی نظر جا کر پڑی وہ والیِ جرجان ہی تھا۔ ابن سینا کا یہ ارادہ پورا نہ ہو سکا، اس لیے کہ جس وقت وہ جرجان مین پہونچا تو شمس المعالی انتقال کر چکا تھا۔ بیرونی جب اُسکے پاس تھا، اُس کی توجہات سے بہت خوش تھا اور اُس کا شریف دل اپنے محسن کی الفت سے معمور

---

[۹] مثلاً دیکھو آثار الباقیہ صفحہ ۲۸۔

[۱۰] شمس المعالی قابوس بن وشمگیر خاندان بنو زیار سے تھا، جس کے ہاتھ میں جرجان اور طبرستان کی ذی اقتدار آزاد حکومت تھی۔ ۳۶۶ھ میں تخت نشین ہوا، ۳۷۱ہجری مین دیلیون نے اُس کی حکومت پر قبضہ کر لیا اور شمس المعالی نے سامانیون کے یہان پناہ لی۔ ۳۸۸ہجری مین دوبارہ حکومت حاصل کی اور ۴۰۳ہجری مین بلوے مین قتل ہوگیا۔ شمس المعالی کے اخراج کے وقت بیرونی کی عمر صرف نو سال کی تھی، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ بیرونی ۳۸۸ سے پہلے جرجان نہیں پہونچا۔

تھا، جس کا اظہار اُس نے اپنے ولی نعمت کی مدح و ستایش کے ذریعہ سے کیا ہے۔ جو کچھ خونِ جگر پی کر تصنیف کرتا تھا، وہ نظر شکر گزاری شمس المعالی کے نام پر معنون کر دیتا تھا۔ رسالہ "تجرید الشعاعات" اور کتاب "آثار الباقیہ" لکھ کر اُسکی خدمت مین پیش کین۔ "آثار" کی تصنیف کے وقت (سنہ ۳۹۰ھ یا سنہ ۳۹۱ھ) بیرونی کی عمر کم و بیش ستائیس سال کی تھی۔ اُسوقت تک متعدد تصانیف اُسکے قلم سے نکل چکی تھین، جن میں سے دس کے نام آثار سے معلوم ہو سکتے ہین۔

خدا جانے حُبِّ وطن نے دل مین جوش مارا، یا خوارزم کے فرمانروا مامون نے اپنے دربار مین طلب کیا، بہرحال چند سال قیام جرجان کے بعد غالباً سنہ ۴۰۰ھ مین بیرونی اپنے وطن واپس آیا اور اس مرتبہ اس طرح آیا، کہ خوارزم کے دربار مین ہاتھون ہاتھ لیا گیا۔ مامون کی قدرشناسی نے خوارزم مین

---

[۱۱] "موسم صیف مین مین جرجان مین مقیم رہا ہون، کبھی دس دن متواتر ایسے نہین گزرے، جب آسمان پر بادل نظر نہ آتے ہون یا مطلع صاف ہوا اور بارش نہ ہوتی ہو۔ یہ برساتی ملک ہے۔ لوگ ایک قصہ بیان کرتے ہین کہ کوئی خلیفہ (میرا خیال ہے کہ مامون تھا) یہان چالیس دن ٹھہرا اور متواتر مینہ برستا رہا آخر اُس نے کہا اس پانی اور کیچڑ کی سرزمین سے باہر لے چلو۔" آثار الباقیہ صفحہ ۲۴۵۔ "۲۰ تشرین الآخر؛ لوگ کہتے ہیں کہ اس زمانہ مین بے ہڈی کے تمام جانور مرجاتے ہین لیکن مختلف ممالک مین مختلف کیفیتین ہوتی ہین۔ اُس زمانہ مین جب سورج برج جدی مین تھا مجھے (جرجان مین) بے ہڈی کے جانورون (یعنی پسوؤن وغیرہ) سے برابر تکلیف پہونچتی رہی" آثار الباقیہ صفحہ ۲۴۷

[۱۲] دیکھو آثار صفحہ ۳ (۱۵) و ۴ (۹) و ۱۳۴ (۲۳) و ۳۶۲ (۹)

[۱۳] آثار صفحہ ۱۰ (سطر ۵ - ۹)

علماء کی ایسی شاندار مجلس جمع کر لی تھی جسے ہر ایک حسد کی نظر سے دیکھتا تھا۔ جس زمرۂ علماء میں بیرونی آکر منسلک ہوا، اُس میں بو علی سینا، بو علی مسکویہ[۱۴]، ابو الخیر الخمار[۱۵]، ابو سہل مسیحی[۱۶] اور بیرونی کا اُستاد ابو نصر عراقی بھی شامل تھے۔ ابن سینا اور بیرونی میں مسائل علمیہ پر اس سے پہلے بحث ہو چکی تھی جسکی طرف خود بیرونی نے آثار الباقیہ میں اشارہ کیا ہے[۱۷]۔

اسی بارے میں ایک مستند تاریخی روایت ہم تک پہونچی ہے جس سے ان دونوں فضلاے ہمعصر کے تعلقات پر روشنی پڑتی ہے۔ ظہیر الدین ابو الحسن

---

۱۴ بو علی مسکویہ کے حالات اوپر درج ہو چکے ہین۔

۱۵ ابو الخیر ۳۳۱ھ (۹۴۲ء) مین بغداد مین پیدا ہوا تھا۔ وہ یحیی بن عدی کا شاگرد تھا۔ ۴۰۸ھ (۱۰۱۷ء) مین وہ محمود کے ہمراہ غزنی آیا، جہان محمود ہی کے سامنے اُس کا انتقال ہو گیا۔ پہلے عیسائی تھا لیکن آخری وقت مین مسلمان ہو گیا تھا۔ ابو الخیر نے بعض یونانی کتابون کا شامی زبان سے عربی زبان مین ترجمہ کیا تھا۔

۱۶ ابو سہل بیرونی کے عزیز دوستون میں سے تھا اور اُس نے اُسکے نام پر متعدد تالیفات لکھی تھین۔ انکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ علمی مذاق مین بیرونی کے نقش قدم پر چلنے والا تھا۔ اکثر تصانیف فلسفہ منطق اور علوم ریاضی کے متعلق ہین اور انہین سے بعض خاص دلچسپی کی مستحق ہین مثلاً (۱) رسالہ غزلیات الشمسیہ، جسمین آفتاب کے اندر جو سیاہ داغ ہین اُن کی تحقیقات کی ہے (۲) کتاب فی سکون الارض او حرکتہا۔ اس مین اس امر سے بحث کی گئی ہے کہ آیا زمین گھومتی ہے یا ٹھہری ہوئی ہے۔ اُس دور مین یہ بحث نہایت شد و مد سے جاری تھی اور بعض علماے ہیئت (مثلاً ابو سعید سجزی) حرکت ارض کے پورے طور پر قائل تھے۔ (۳) رسالہ فی دستور الخط جس من رسم الخط کے قوانین سے بحث کی تھی۔

۱۷ "ما جری بینی و بین الفتی الفاضل ابی علی الحسین بن عبد اللہ بن سینا من المذکرات فی ابواب التقویم الیونان" (آثار الباقیہ صفحہ ۲۵۷)

بن ابی القاسم بیہقی نے لکھا ہے کہ ابوریحان بیرونی نے چند مسائل ابو علی (ابن سینا) کے پاس بھیجے، ابو علی نے جوابات لکھے، بیرونی نے بہت سختی کے ساتھ اُن پر اعتراضات کیے اور مورخ کا (جو بو علی کا طرفدار ہے) بیان ہے کہ بو علی کے کلام کی بڑی توہین کی۔ بو علی نے بیرونی کے مقابلہ سے اعراض کیا اور اسکے شاگرد ابو عبداللہ معصومی نے ابوریحان کے اعتراضات کا جواب دیا، اور لکھا کہ اسے ابوریحان ایک فلسفی کے لیے اگر تو ان الفاظ کے سوا دوسرے الفاظ اختیار کرتا تو یہ عقل و علم کے لیے زیادہ شایاں ہوتا۔ اسی روایت کے ذیل مین بیہقی نے یہ بھی لکھا ہے کہ جب ان سوالوں اور جوابوں میں حکیم ابوالفرج بغدادی نے غور کیا تو بیرونی کے اعتراضات کو حق بجانب پایا اور کہا "جو شخص آدمیون کو معزز کرتا ہے لوگ اُسے معزز کرتے ہیں۔ ابوریحان نے (اس بارے مین) میری نیابت کی ہے"۔

یہ امر بعید از قیاس نہین ہے کہ بیرونی نے اعتراضات مین سختی سے کام لیا ہو، لیکن فاضل فلسفی کا اپنے حریف کے مقابلے مین سپر ڈال دینا دل مین کچھ اور گمان بھی پیدا کرتا ہے۔ اور اس گمان کو آئندہ پیش آنے والے واقعات سے قابل لحاظ تقویت بھی ہوتی ہے۔

بیرونی کو منطق مین ید طولی حاصل تھا، جس کا عام اعتراف اُس کے معاصرین نے "محقق" کا خطاب فاخرہ عطا کر کے کیا۔ علماے دربار مین بیرونی کے ہوا خواہوں کی کچھ کمی نہ تھی۔ ابو نصر، ابو الخیر اور ابو سہل یہ سب

---

۱۸ ابن سینا اپنے معاصر بیرونی سے علوم حکمت مین کم پایہ تھا اور اُسنے بیرونی کے مثل طبیعت بھی نہ پائی تھی" دی بور (تاریخ فلسفہ اسلام)

دلی بہی خواہ اور سچے خیر طلب دوست تھے۔ اس سے یقین ہوتا ہے کہ اپنے حریف کے مقابلے مین بیرونی کا اقتدار کبھی معرض خطر مین نہین ہوا اور اُسکی قدر و منزلت کبھی کسی سے کم نہ رہی۔

ابھی دربار مین باریاب ہوے کچھ زمانہ نہ گزرا تھا کہ ایک ایسا واقعہ پیش آیا جس نے خوارزم کی علمی مجلس کو درہم وبرہم کردیا۔ میرخوند اور دیگر مورخین نے لکھا ہے کہ محمود بن سبکتگین نے ۴۰۳ھ (۱۰۱۲ء) مین خوارزم سے ابن سینا البیرونی ابو نصر، ابوسہل اور ابو الخیر کو اپنے دربار مین بلایا۔ ابن سینا اور ابو سہل نے جانے سے انکار کردیا۔ بلکہ خوارزم کو بھی خیرباد کہا۔ ایک مورخ نے صاف طور پر لکھا ہے کہ ابن سینا بیرونی کے ساتھ جانے پر راضی نہ ہوا اور اُس کے غزنی نہ جانے کی وجہ بیرونی کی ہمراہی سے آزادی حاصل کرنی تھی۔ یہ واقعہ صاف طور سے ظاہر کرتا ہے کہ نوجوان ابن سینا، جو پختہ کار حریف سے اُس وقت اٹھارہ سال چھوٹا تھا، بیرونی کے مقابلے سے جھجکتا اور اُسکے فضل وکمال کی تاب نہ لاسکتا تھا۔

الغرض بیرونی اور اُس کے دوست ابو الخیر اور ابو نصر غزنی پہونچے، لیکن خدا جانے کیا واقعات پیش آئے کہ بیرونی جلد خوارزم کو لوٹ آیا اور علی مامون کے دربار مین دوبارہ باریاب ہوا۔ واقعات بتاتے ہین کہ بیرونی کو دربار خوارزم سے خاص لگاؤ تھا اور مامون بیرونی کی دل سے قدر ومنزلت کرتا تھا۔ ابکی دفعہ میدان حریفون سے خالی تھا اور بیرونی کے رسوخ کا ضاعفت ہو جانا لابدی۔ افسوس اس مرتبہ بھی بیرونی کو خوارزم مین زیادہ رہنا نصیب ہوا۔

۴۰۸ھ (۱۰۱۲ء) کا واقعہ ہے کہ خوارزم مین ایک ہنگامہ بپا ہوا اور حوادث نے ایسی شکل اختیار کی کہ ماموں کے قتل کی نوبت پہونچی۔ ماموں کا مارا جانا تھا کہ تمام ملک مین ایک قیامت برپا ہو گئی۔ محمود غزنوی، جس کی فتحمندی اور کشورستانی کا شوق اس قدر تاریخی شہرت رکھتا ہے، گویا خوارزم پر آنکھ لگائے بیٹھا تھا، فی الفور ہندوکش کے پار فوجین اُتار دین اور چشم زدن مین خوارزم کی حکومت کا چراغ گُل ہو گیا۔ سلطنت خوارزم سے بیرونی کے جو تعلقات تھے، اُن سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ماموں کے قتل، اُسکے خاندان اور سلطنت کی تباہی اور خود اپنے وطن عزیز کی بربادی، سے کتنا کچھ رنج بیرونی کو ہوا ہوگا۔ افسوس اُس کے دیکھتے دیکھتے کتنی حکومتین بنین اور بگڑین۔ ابھی کچھ دن ہوئے اُس کا پہلا ولی نعمت شمس المعالی اسیری اور فاقہ کشی سے جان بحق تسلیم ہو چکا تھا اور اس وقت اُس کا دوسرا محسن اس بے بسی اور لاچاری سے طعمۂ اجل ہوا۔ بلا شبہہ اس وقت زمانہ اُسکی نظرون مین سیاہ نظر آتا ہوگا اور زمانہ کی بے اعتباری رہ رہ کر دل مسوستی ہوگی۔

خوارزم کی فتح کے بعد جب محمود اپنے دارالسلطنت کی طرف لوٹا، تو تمام مشاہیر ملک اور ارکانِ حکومت کو مقید کر لیا۔ ان پولٹیکل قیدیون مین ہمارا غمزدہ بیرونی بھی تھا۔ غزنی آکر اُس کا کیا حشر ہوا؟ تمام موجودہ تاریخین اس کا جواب دینے سے عاجز ہین، اور تا وقتیکہ مستند تاریخی شہادتین دستیاب نہ ہو جائین کوئی قول فیصل صادر نہین ہو سکتا۔ موجودہ روایات کی کمزوری اور صحیح واقعات کی گم گشتگی کی وجہ سے ہم مجبور ہین کہ بیرونی کی تصنیفات اور واقعات پر غور کرتے ہوئے

کوئی قیاسی نتیجہ اخذ کریں ظہیر الدین البیہقی اور شمس الدین شہرزوری نے البیرونی کے تذکرے میں کہیں اشارہ نہیں کیا کہ بیرونی کا محمود کے دربار سے کوئی تعلق تھا۔ خود بیرونی نے کتاب الہند میں، جس کا زمانۂ تصنیف سلطان محمود کی وفات کا نہایت ہی قریب وقت ہے، کہیں اپنے درباری تعلقات کی طرف اشارہ نہیں کیا۔ سلطان محمود کا جہاں کہیں ذکر آیا ہے وہاں اُس کا نام نہایت معمولی طور پر لیا ہے۔ زیادہ سے زیادہ الفاظ مدحیہ "یمین الدولہ امیر محمود علیہ الرحمہ" ہیں جو محمود جیسے عظیم الشان سرپرست کے لیے، جس کی مدح و ستائش کے واسطے ایسا وسیع میدان مل سکتا تھا، بالکل ناکافی ہیں۔ یمین الدولہ خلیفۂ عباسی کا عطا کردہ خطاب تھا اور امیر بالعموم اُس کے نام کے ساتھ مستعمل ہوتا تھا[۱۹]۔ اس کے علاوہ جا بجا زمانے کی ناسازگاری کی شکایت ہے جس سے صاف سوز دروں کی بو آتی ہے۔ کتاب الہند سے جو مقام ذیل میں لکھا جاتا ہے وہ اس معاملے پر کافی روشنی ڈالتا ہے۔ ناظرین بجائے خود غور کریں

"علوم کی تعداد بے شمار ہے اور اگر لوگ بالعموم اُن کی طرف توجہ کرنے لگیں اور علوم اور اہل علم کی قدر و منزلت کریں تو اُن کی تعداد میں اور زیادہ اضافہ ہو سکتا ہے ایسا کرنا سب سے پہلے سلاطین، امرا اور حکام کا فرض ہے......موجودہ

[۱۹] ناظر صاحب کے اس خیال سے ہمیں اختلاف ہے کہ بمقابلہ لفظ سلطان کے لفظ امیر کا استعمال ظاہر کرتا ہے کہ بیرونی کو محمود کی تحقیر مدنظر تھی، خود سلطان محمود کے نمک خوار اور مداح مورخ اُسے امیر کے لقب سے بالعموم موسوم کرتے تھے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لفظ اُس زمانے میں عام پسند تھا، چنانچہ ابوالفضل اور بیہقی نے طبقات ناصری میں سلطان محمود کا اکثر اسی لقب سے ذکر کیا ہے۔

زمانہ اس کے بالکل خلاف اور معاملہ برعکس ہے اور اسی وجہ سے محال ہے کہ کوئی نیا علم پیدا ہو یا جدید علمی تحقیقات ہمارے زمانے مین سرانجام پائین۔

(کتاب الہند ۱ پ صفحہ ۲۳)

اس شکوہ و شکایت کی اہمیت اُس وقت اور بھی بڑھ جاتی ہے، جب "قانون مسعودی" کا "کتاب الہند" کے انداز بیان سے مقابلہ کیا جائے "قانون" مین صفحے کے صفحے مسعود کی تعریف سے بھرے پڑے ہین اور مدح و ستایش مین پورا زور قلم صرف کیا ہے۔ دوسرے اُس زمانے کی شکایت کا حرف زبان پر نہین آیا بلکہ اب تو لیل و نہار مبارک اور مسعود ہین۔ بلا شبہہ اس سے ہم یہ نتیجہ نکالنے کی جرأت کرتے ہین کہ محمود بیرونی کا ولی نعمت اور مربی نہ تھا۔ اگر ایسا ہوتا تو بیرونی سلطان محمود کی، جو بمقابلۂ مسعود زیادہ ستایش کا مستحق تھا مسعود کے برابر تو تعریف کرتا اور کوئی معرکۃ الآرا تصنیف اُس کی قدردانی کی یادمین چھوڑ جاتا۔ تقاضائے عقل ہے کہ جس خداوند نعمت کے سایۂ عاطفت مین فارغ البال رہکر اپنے علمی مشاغل پورے کیے ہون، اس کے نام پر "کتاب الہند" جیسی تصنیف معنون کرتا یا کم از کم کنایۃً اتنا ضرور لکھتا کہ سلطان مذکور کی بدولت یا اُس کی فرمائش سے مین نے یہ مہتم بالشان کام انجام دیا۔ ان سب کو جانے دو بھلا یہ کیسے سمجھ مین آسکتا ہے کہ ایک شخص اپنا مربی اور سرپرست ہو اور اُسے مرے اتنا تھوڑا وقت گذرا ہو کہ اُس کی یاد دل مین تازہ ہو پھر بھی اتنا نہو سکے کہ اُس کے ذکر خیر مین دو کلمے قلم سے نکل جائین۔ ہم بیرونی کی طبیعت اور مزاج سے آشنا ہین وہ ہرگز احسان فراموش نہین ہے اور اپنے اولیا کے

الغام کا ذکر کرنے مین کوتاہ قلمی نہین کرتا۔

بنا بر واقعات مسطورۂ بالا ہم مورخ رشید الدین یا جدید مورخون کے اس بیان کی تصدیق سے بالکل قاصر ہین کہ "بیرونی نے سلطان محمود کی ملازمت مین داخل ہو کر ایک زمانہ ہند مین بسر کیا"[۲۰]

نمبر ۲۰ : دیکھو ایلیٹ کی تاریخ ہند جلد ۲ - صفحہ ۲ - اور لین پول کی تاریخ مسلمان سلاطین ہند (Medieval India) صفحہ ۳۰ وغیرہ وغیرہ -

یہ ایک ایسی غلطی ہے جس مین عام طور پر مورخین گرفتار نظر آتے ہین - اس غلطی کے انسداد کی غرض سے ادیہم نے کسی قدر تفصیل سے کام لیا ہے - اس غلطی کی اشاعت کا باعث یہ معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ بیرونی کا مسعود کے عہد حکومت مین دربار غزنی سے تعلق تھا، متاخرین نے نامور باپ کی طرف اُن تعلقات کو منسوب کر دیا -

ذیل مین ناظرین کی تفنن طبع کی خاطر تاریخ فرشتہ سے ایک حکایت نقل کی جاتی ہے جس کا ذکر (Beale) بیل صاحب نے بھی اپنی ڈکشنری آف دی اورینٹل بیوگرافی مین بتحت تذکرۂ بیرونی کیا ہے - یہ حکایت فرشتہ نے بتحت حالات فیروز شاہ بہمنی لکھی ہے -

"ملا اسحق سرہندی کہ مردے دانشمند و اہل طبع بود معروض داشت کہ سلطان (یعنی فیروز بہمنی) اہل مجلس را تکلیف می نماید کہ بے تکلفانہ حرف زنند و این معنی موافق مزاج بادشاہان نیست - و حکایت سلطان محمود سبکتگین و حکیم ابو ریحان منجم مقوی کلام من ست - سلطان فیروز شاہ پرسید کہ شرح این حکایت چیست - ملا اسحق بتفصیل گفت ......

و امثال این حکایت ملا داود بیدری (مصنف تحفۃ السلاطین بہمنی) در قضایائے سلطان فیروز شاہ از بسیار فصاحت نوشتہ، لیکن بنا بر آنکہ موجب اطناب می شد و محمول بر کذب می گشت تفصیل آن نپرداخت و چون حرف سلطان محمود و ماجرائے ایشان در میان آمد مناسب نمود کہ آن را ...... چنانکہ ملا بیدری مذکور کردہ درین نسخہ مرقوم گردانم -

آوردہ اند کہ حکیم ابو ریحان منجم از نوادر روزگار بودہ، حکمہائے عجیب ازو واقع می شد و بواسطۂ وفور مہارت (بقیہ بر صفحہ ۱۵۲)

قصہ کوتاہ بیرونی غزنی پہونچا اور کسی نہ کسی وجہ سے مقیم ہوا۔ اُس وقت خاندان غزنویہ کے دارالحکومت کی شان شوکت کا اندازہ کرنے کے لیے صرف اتنا تصور کرلینا کافی ہے کہ وہ الوالعزم محمود کے پرجبروت دربار کا مستقر تھا۔

(بقیہ حاشیہ ۲) در علم نجوم و تکلیف بے تکلفی سلطان السلطان محمود استغنائے ورزیدہ، و وے از ین رہ گذر آزردہ خاطری بود تا وقتیکہ سلطان محمود در قلعۂ غزنین در بالائے کوشک مقابل باغ ہزار درخت نشستہ بود حکیم ابوریحان منجم از در آمدہ سلطان روے بوے کرد و گفت حکم کن کہ من از ین چہار دروازۂ قلعہ از کدامین در بیرون خواہم رفت۔ منجم صطرلاب خواست و ارتفاع گرفت و طالع درست کرد و بپارۂ کاغذ چیزے نوشتہ در زیر بالین سلطان نہاد و بعدہ سلطان فرمود کہ دیوار قلعہ را از جانب شرقی بشگافند و از ان جانب بیرون رفت۔ و پس از ان کاغذ را برآوردہ دیدند کہ نوشتہ بود کہ از چہار دروازہ بیرون نرود و دیوار از جانب شرقی بشگافد برود۔ سلطان از ان حکم خیرہ گشت بفرمود کہ حکیم را از بام کوشک بزیر اندازند۔ و ظاہرا در انجا دام مانند چیزی بستہ بود تد کہ بران آمدہ آہستہ بر زمین رسد و ہیچ رنجے و مکروہے پیرامون وے نگردد۔ سلطان گفت این را دیدہ بودی گفت آرے تقویم کہ در دست غلام بود بستد و بسلطان داد کہ ببین چنانچہ در احکام آن روز نوشتہ بود کہ امروز مرا از جائے بلند بیندازند لیکن بسلامت بر زمین فرود آیم، و این حکم ہم مواقف طبع سلطان نیامدہ فرمود تا او را محبوس ساختند۔ و چون مدت شش ماہ برین گذشت، غلام حکیم روزے در پای داری گذشت۔ فال بینی او را دیدہ بخواند و گفت در طالع تو چند چیز دیدہ ام، ہدیہ بدہ تا بگویم۔ غلام دو درم داد، و فال بین گفت کہ عزیزے کہ خداوند تست و در رنج ست از امروز تا سہ روز دیگر از ان محنت نجات خواہد یافت و خلعت و تشریف خواہد پوشید۔ غلام بر سبیل بشارت این فال را بخواجۂ خود رسانید۔ وے بخندید و گفت، افسوس غلام من باشی و بدین قسم مردم را اعتبار می کنی۔ قضارا روز سوم احمد بن حسن میمندی کہ فرصت می طلبید فرصہ یافتہ در شکار گاہ سخنے از نجوم درمیان آورد و گفت کہ بیچارہ حکیم ابوریحان منجم کہ چنان دو حکم بدان نیکوئی کرد و بجائے خلعت و تشریف بند و زندان یافت۔ سلطان گفت من ہم دانم، تو نمی دانی۔ این مرد را در علم نجوم نظیرے نیست (بقیہ صفحہ ۵۳)

سلطان کی فیاضیوں، مقام حکومت کی ضرورتوں اور شہر کے رونق و شکوہ نے دور دور سے لوگوں کو لا جمع کیا تھا۔ غزنی میں آبسنے والوں میں بہت سے اجنبی نسلوں اور قوموں کے لوگ شریک تھے، بالخصوص ہندوؤں کی مردم شماری بہت خاصی تھی۔ بلاشبہ ان میں سے بہت سے تو لڑائی میں لائے گئے تھے۔ لیکن بعض غزنی کے تمول اور خوش حالی کی وجہ سے بہ نیت کاروبار جا رہے تھے۔

یہاں پہونچنا گویا ہندوستان کے دروازے تک پہونچنا تھا اور ہندوستان وہ ملک تھا جس کی علمی شہرت عالم کو مسخر کیے ہوئے تھی، لیکن علمائے ملک کے بخل اور تعصب نے خزائن علوم پر ایسا تالا ٹھوکا تھا کہ متلاشی علوم کی ہمت پست ہو کر رہ جاتی تھی۔ بیرونی کی متجسس طبیعت میں اب سے سالہا سال پہلے اہل ہند کے متعلق مستند معلومات بہم پہونچانے کا ولولہ تھا۔ یہاں آکر اس میں ہیجان تازہ پیدا ہوا۔ اُس کی طبیعت کا خاصہ تھا کہ کسی طرح اُسے اُس وقت تک

(بقیہ حاشیہ ۲) اما حکیم کامل آنست کہ مزاج دان باشد، زیرا کہ پادشاہان بے مثال کودکانند و سخنے بر وفق طبیعت ایشان باید گفت تا ازان بہرہ مند توان شد و دران روز اگر یکے ازان دو حکم خطا شدی صواب بودی، پس در ہمان روز حکم نجات حاصل کرد کہ فال مین گفتہ بود۔ و حکیم ابوریحان آن فال بین را کہ بر سر راہ بود دیدہ غروری کہ در علم نجوم داشت از سر نہاد و چون بمجلس سلطان حاضر گشت اسپ و خلعت و ہزار دینار و کنیزک یافت و سلطان عذر خواستہ گفت اگر می خواہی سخن بر وفق مزاج من گوئی نہ بر وسعت علم کہ یکے از شرائط خدمت سلاطین این ست (تاریخ فرشتہ جلد اول، نولکشور صفحہ ۳۰۷-۳۰۸)

افسوس دنیا نے ایسی مہمل کہانیاں گڑھ کر بیرونی کی عظمت زندہ رکھنے کی خدمت انجام دی، حالانکہ اُس کے صحیح حالات کچھ کم حیرت انگیز نہ تھے۔

چین نہ آتا تھا جب تک حق الیقین پورا نہ ہو جائے[۴۱]۔

یہ امر بہت زیادہ قرین قیاس ہے کہ غزنی مین چند ہندو اہل علم ہون اور بیرونی نے اہل ہند کے علوم کا پہلا درس غزنی مین لیا ہو۔ بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ بیرونی نے تعلیم کے ابتدائی مراحل طے کر کے ارض ہند مین طلب علم کی غرض سے قدم رکھا اور جب اس اجنبی ملک مین وہ وارد ہوا، تو اس حیثیت سے کہ ہندو پنڈتون نے اپنی عادت معہودہ کے موافق اس غریب الوطن طالب علم کے ساتھ بے اعتنائی کرنے کا موقع نہ پایا۔

بیرونی غزنی مین ۴۰۸ھ ہجری (۱۰۱۷ء) مین پہونچا تھا اور کتاب الہند کی تصنیف کے وقت ۴۲۱ھ ہجری (۱۰۳۰ء) مین غزنی مین موجود تھا۔ بس یہی تیرہ چودہ سال کی مدت ہے جس مین تحصیل علوم ہند وقوع مین آئی آگے چل کر جب ہم اس بارے مین بسیط تبصرہ لکھین گے تو معلوم ہوگا کہ اس قلیل مدت مین اُس نے کیسا مہتم بالشان کام انجام دیا۔

جس وقت بیرونی اپنی طالب علمانہ سیاحت مین مصروف تھا، مغربی ہندوستان مین محمود غزنی کے حملون کی وجہ سے کھلبلی پڑی ہوئی تھی، جنگ وجدل کے باعث اہل ہند کے دلون مین حملہ آورون کے حق مین معاندانہ جذبات

---

[۴۱] دیکھو آثار الباقیہ صفحہ ۶۰ سطر — اما شہور سائر الامم من الهند والصین والتبت والترك والخزر والحبشة والزنج فانه وان تقرر عندنا اسماء بعضها فانا قد اعرضنا عن ذكرها الی وقت يتفق لنا الاحاطة فيها اذ لا يليق بطريقتنا التی سلكناها ان يضيف الشك الی اليقين والمجهول الی المعلوم ۔ ۱۲

کا موجود ہونا بالکل قدرتی بات ہے اور مشکل سے یقین ہو سکتا ہے کہ ایسے وقت مین کوئی شخص ایسے دوستانہ تعلقات قائم کر سکے جن کی امن اور خاموشی کی حالت مین بھی یہان کے بخل پرور اہل علم سے توقع نہین ہو سکتی تھی۔ پس جب ہمین مورخ رشید الدین کی زبانی یہ اطلاع ملتی ہے کہ وہ ہند کے اکثر اکابر اور امرا سے بیرونی کے دوستانہ تعلقات تھے اور اسی وجہ سے اُس نے اہل ہند کے فلسفہ، مذہب اور عقاید کے معلومات حاصل کین [۲۲]، تو بے ساختہ بیرونی کی صلح پسندی اور روشن دماغی پر مرحبا نکل جاتی ہے۔

گیارھوین صدی مین ہندو علوم کے مرکز بنارس اور کشمیر تھے لیکن یہان کسی ملیچھ کا پہونچنا ممکن نہ تھا۔ لہذا بیرونی مجبور تھا کہ اپنی سیاحت کو صرف اقطاع پنجاب تک محدود رکھتا، جو ایک حد تک مسلمانون کے زیر اقتدار تھے۔ اس سے آگے جانا ناممکن تھا اور نہ بیرونی گیا۔ جہان تک اُس نے سیاحت کی اُس کا حال بیرونی کی کتاب الہند سے معلوم ہوتا ہے۔ ایک موقع پر لکھا ہے۔

"مین نے خود قلعہ لاہور کے عرض البلد کی پیمایش کی تو ۳۴ درجہ (۱۰) دقیقہ پایا۔ قصبہ کشمیر اور لاہور کے درمیان ۵۶ میل کا فاصلہ ہے۔ آدھا راستہ آسان اور آدھا راستہ دشوار ہے۔ دوسرے عرض البلد جو مین نے دریافت کیے وہ یہ ہین۔"

(۱) غزنی ۳۳° ۳۵′	(۲) کابل ۳۳° ۴۷′
(۳) کندی رباط الامیر ۳۳° ۵۵′	(۴) دنبور ۳۴° ۲۰′
(۵) ملتان ۲۹° ۴۰′	(۶) پرشاور ۳۴° ۴۴′

[۲۲] الیٹ تاریخ ہند جلد ۲ صفحہ ۲۔

(۷) ویہند ۳۴ ۳ ۰ ۴۰ (۸) جہیلم ۳۳ ۲ ۰ ۴۰

(۹) قلعہ نندا ۲ ۳ ۰ ۵ - ملتان اور قلعہ نندا کے درمیان قریب ۲۰۰ میل کا فاصلہ ہے۔

(۱۰) سیالکوٹ ۳۲ ۵۸ ،

(۱۱) مندککور ۳۱ ۰ ۵۰ (۱۲) ملتان ۲۹ ۰ ۴۰

ہم ان مواضع مذکورہ سے آگے نہین گئے اور نہ اُن کی (ہندوون کی) کتب سے ہم کو اور اطوال وعروض کا پتہ چلا ہے،، (کتاب الہند صفحہ ۱۶۳)

علاوہ ان مقامات کے دو مواضع کا اور ذکر کیا ہے۔ ایک جگہ لکھا ہے کہ مین نے ،، قلعہ راجگری اور راہوب سے زیادہ مضبوط قلعے نہین دیکھے،،[۲۲۲] (الہند صفحہ ۱۰۲ سطر ۳)

ان مقامات مین سے بعض کا محل وقوع تحقیق ہو گیا ہے۔ شہر گندی وہی مقام ہے، جہان مسعود بن محمود قتل ہوا تھا۔ دنبور جلال آباد کے موقع پر آباد تھا پرشور اب پیشاور کہلاتا ہے۔ قلعہ نندنا بالاناتھ پر جسے اب ٹلا کہتے ہین واقع تھا۔ ویہند اٹک کے موقع پر تھا اور مندککور لاہور کے قریب ایک قلعہ تھا ملتان کا بیرونی نے اکثر ذکر کیا ہے اور اس طرح کیا ہے، جس سے یہ گمان راسخ ہوتا ہے کہ بیرونی کا قیام ملتان مین زیادہ رہا۔ ملتان کی مقامی تاریخ[۲۲۳] آب و ہوا[۲۲۴]

[۲۲۲] لیکن قانون مسعودی مین ہند اور سندھ کے بہت سے شہرون کے اطوال البلاد اور عروض البلاد لکھے ہین، جن مین دکن کے مقامات مثلاً تنجور بھی شامل ہین۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب الہند اور قانون کی تصنیف کے درمیان کسی طرح پر یہ طول و عرض تحقیق کیے۔ [۲۲۴] صفحہ ۱-۶

اور اہل شہر[۲۶] سے وہ خوب واقف معلوم ہوتا ہے۔ دو جگہ ایک ہندو عالم درلبھ نامی کا جو ملتان کا باشندہ تھا ذکر کیا ہے۔ ایک موقع پر اُس کا بتایا ہوا حساب تحریر کیا ہے اور دوسری جگہ ایک حساب[۲۷] کے بارے مین لکھا ہے "کہ اس بات کی تحقیق کہ یہ حساب صحیح ہے ایک ورق سے ہوتی ہے، جو ایک زیچ سے جسے اُس نے (درلبھ نے) بنایا تھا میرے ہاتھ لگا۔ وہ اُس مین کہتا ہے الخ[۲۸]"

جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے ۴۲۳ھ ہجری مین بیرونی غزنی مین موجود تھا، اور اُس وقت تک ڈیڑھ دو درجن کتابین جن مین ترجمے اور اصل تصانیف دونون شامل ہین، علوم ہند کے متعلق بیرونی کے قلم سے نکل چکی تھین۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ علوم ہند کی تکمیل کیے کئی برس گذر چکے تھے۔ یہ بتانا البتہ دشوار ہے کہ کس سنہ مین وہ ہند سے غزنی واپس آیا[۲۹]

---

۲۵ اہل ملتان مجھ سے کہا کرتے تھے کہ اُن کے یہان برشکال (موسم صیف کی برسات) نہین ہوتی، لیکن کوہستان کے قریب شمالی حصص مین برشکال ہوتی ہے۔ الہند صفحہ ۱۰۴ (۱۷)۔

۲۶ صفحہ ۲۹ (۱۵-۱۸) پر ملتانیون کی ایک عید کا ذکر ہے۔

۲۷ صفحہ ۲۲۹ (۸)۔

۲۸ صفحہ ۲۰۷ (۱۲)۔

۲۹ کتاب التفہیم کا سال تصنیف ۲۵ رمضان ۴۲۰ھ ہجری (۱۰۲۹ع) ہے۔ اس کتاب مین جابجا اہل ہند کے مسائل ہیئت ونجوم کا ذکر ہے جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ کتاب الہند کی تصنیف سے تین سال پہلے بھی بیرونی علوم ہند کی تحصیل سے فارغ ہو کر اپنی طالبعلمانہ سیاحت سے واپس آچکا تھا۔ موجودہ معلومات کی بنا پر صحیح تاریخ کی تعیین ناممکن ہے۔

۴۲۱ہجری (۱۰۳۰ء) میں سلطان محمود نے انتقال کیا اور کچھ روز کی لڑائی بھڑائی کے بعد مسعود کے ہاتھ میں عنان حکومت آئی۔ مسعود کے برسر حکومت آنے سے بیرونی کی زندگی کا نیا دور شروع ہوتا ہے۔ جیسا کہ کتاب الہند ظاہر کرتی ہے، ابتداے ۴۲۳ہجری (۱۰۳۱ء) تک اس کا دربار غزنی سے کوئی تعلق پیدا نہوا تھا۔ ۴۲۷ہجری کے خط سے، جس کا اوپر ذکر آچکا ہے، پتہ چلتا ہے کہ اس سال سے پہلے مسعود تک رسائی ہوچکی تھی، چنانچہ فہرست کتب میں قانون مسعودی کا نام بھی موجود ہے، اگرچہ یہ بھی لکھا ہے کہ یہ کتاب اُس وقت تک مکمل نہوئی تھی۔ غرض بیرونی کا سلطان مسعود کے دربار میں باریاب ہونا ۴۲۳ اور ۴۲۷ ہجری کے درمیان میں کسی سال وقوع میں آیا۔

ایک دفعہ تعلقات کا پیدا ہونا تھا، پھر تو سلطان کے دربار میں بہت کچھ قدر و منزلت ہوئی۔ مورخین کا اس پر اتفاق ہے کہ سلطان مسعود نہایت سخی، کریم الاخلاق اور علما پرور فرمان روا تھا اور اُس کے زیر سایہ اہل علم کی جمعیت کثیر تصنیف و تالیف کی خدمت انجام دیتی تھی[۱]۔ بیرونی کو جیسے قدر شناس

ف[۱] چنانچہ فرشتہ لکھتا ہے "و او (سلطان مسعود) پادشاہے بود شجاع و کریم الاخلاق۔ سخاوت با فراط داشت و با علما و فضلا مجالست نمودے و در بارگاہ ایشان انواع انعام و احسان مبذول داشتے۔ جمعے کثیر از فضلا باسم او کتب نوشتند۔ از انجملہ اُستاد ابوریحان خوارزمی منجم کہ علامہ وقت بود و در فن ریاضیات نظیرے نداشت، قانون مسعودی در علم ریاضیات بنام نامی او نوشت و پیلے از نقرہ صلہ یافت۔ قاضی ابومحمد ناصحی نیز کتاب مسعودی در فقہ مذہب امام ابوحنیفہ بنام آن افاضل پناہ تالیف نمود" فرشتہ (نولکشور) صفحہ ۱۴۔ علم پروری کا یہ شوق ناموار باپ سے وراثت میں پہونچا تھا، اگر محمود عنصری اور فردوسی کے ولی نعمت ہونے کا فخر رکھتا ہے تو اُس سے بڑھ کر مسعود کو بیرونی کے ممدوح ہونے کی عزت حاصل ہے۔

عربی کی ضرورت تھی، مسعود ویسا ہی ثابت ہوا۔ جب بیرونی کو اس طرح فراغت نصیب ہوئی تو اُس کی ہمت عالی نے اقلیم علم مین ایک اور نئی مہم سر کرنے کا اہتمام کیا۔

بلاشبہہ سلطنت کا خزانہ اہل علم پر ہمیشہ کشادہ رہتا تھا، لیکن مسعود کے سایۂ عاطفت مین جس مہتم بالشان کام کے انجام دینے کا بیرونی نے بیڑا اُٹھایا، وہ ایسا کام تھا، جس پر مہذب سے مہذب سلطنت کا دولت خرچ کرنا باعث فخر ہوسکتا ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ بیرونی نے تحریک کی کہ دارالسلطنت مین ایک رصدگاہ قائم کی جائے جہان مسائل ہئیت کی تحقیقات ہو۔ خیال کیجیے، جس کام کا وہ خود مہتمم ہوا ہو، وہ کس حسن وخوبی سے انجام پایا ہوگا۔ موجودہ تواریخ سے تو بمشکل اتنا پتہ چلتا ہے کہ بیرونی نے ایک رصدگاہ بنوائی تھی[۱]، لیکن خدا کا شکر ہے کہ اُس کی جانکاہیون کا شاہد عادل "قانون مسعودی" موجود ہے، جس مین اُسکی دیدہ ریزی کے نتائج اور معلومات کے ذخائر بند ہین۔ البیہقی لکھتا ہے کہ "قانون مسعودی جسے شہاب الدولہ مسعود کے عہد دولت مین تصنیف کیا تھا، بیرونی کی تصانیف کے چہرون مین پیشانی کی روشنی ہے" اور شہرزوری کہتا ہے کہ "مجھے یہ خبر معلوم ہوئی ہے کہ جب اُس نے قانون مسعودی کو تصنیف کیا تو سلطان شہید (مسعود) نے ایک بار فیل نقرہ انعام مین دیا۔ (مگر واہ ری سیر چشمی) بیرونی نے اپنے آپ کو اس سے مستغنی سمجھا

[۱] کاتب چلپی نے لکھا ہے کہ سلطان مسعود کے حکم سے بیرونی نے غزنی مین ایک رصدخانہ قائم کیا تھا۔

اورخزانے مین واپس کردیا۔"

۴۳۱ھ ہجری (۱۰۳۹ء) مین مسعود خنجر بیداد کے نذر ہوا اور مودود نے تخت سلطنت پر قدم رکھا۔ دربار سے بیرونی کو جو وابستگی ہو چکی تھی اُس مین تبدیل فرمان روا سے کچھ فرق نہ آیا، چنانچہ سلطان مودود کے لیے جواہرات کے حالات مین ایک رسالہ لکھا، جس کا نام "الجماہر فی الجواہر" (یا الجماہر فی معرفۃ الجواہر) ہے۔

مسطورۂ بالا حالات پر ایک سرسری نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بیرونی کی زندگی کے شب و روز طالب علمانہ مشاغل کے نذر ہوئے۔ جب سے آنکھین کھولی تھین اور ہوش سنبھالا تھا اُس کے پاے طلب کی گردش نے اسے ایک دم کے لیے چین سے نہ بیٹھنے دیا تھا۔ قوی سے قوی انسان بھی ایسی سخت محنتون سے بغیر متاثر ہوے نہ رہ سکتا۔ بلاشبہہ بیرونی ایک قوی ہیکل اور تندرست انسان ہوگا، جو ایسی صعوبتون کے برداشت کرنے کی تاب لایا۔ لیکن ہر بات کی ایک حد ہوتی ہے، آخر صحت پر بُرا اثر پڑا اور پڑنا چاہیے تھا۔ دوست کو جو خط لکھا ہے اُس مین اپنی صحت کا بھی ذکر کیا ہے۔ کئی لحاظ سے یہ مقام دلچسپ اور پُرلطف ہے۔ لہذا شروع سے اخیر تک خوشی سے سُننا چاہیے۔

"اب میری عمر قمری حساب سے ۶۵ اور شمسی حساب سے ۶۳ سال کی ہے۔ تعجب نہین اگر میرے خواب کی تعبیر سچی ہو، اگرچہ میری حرص اُس کی تصدیق کی متمنی نہین ہے (اس کے بعد اپنی تصانیف کی طویل فہرست دی ہے)...

اور خواب کی تعبیر کا جو ذکر کیا ہے اُس کی تفصیل یہ ہے کہ انسان کیسا ہی ہوشمند کیون نہو، اپنی محنت اور مصیبت کے زمانے مین بھی خوشی کا امیدوار رہوا کرتا ہے مژدون سے راحت ملتی ہے ناگواریون اور بدفالیون سے کشیدہ خاطر ہوتا ہے اور فال اور احکام کی طرف مائل ہوجاتا ہے۔ مین بشریت کی وجہ سے ایسے اوقات مین نجومیون سے خواہش کرتا تھا۔ کہ میری پیدایش کے بعد کے واقعات پر غور کرین۔ وہ نہایت اختلاف کے ساتھ میری عمر نکالنا شروع کرتے تھے۔ بعض سولہ سال کی نکالتے تھے اور بعض چالیس سے کچھ اوپر حالانکہ مین پچاس سال سے متجاوز ہو چکا تھا، بعض ساٹھ برس سے کچھ زیادہ بتاتے تھے۔

جب میری عمر اس کے لگ بھگ پہونچی تو مہلک بیماریون نے چارون طرف سے آ دبایا۔ بعض ایک ہی وقت مین پیدا ہوئین اور بعض یکے بعد دیگرے۔ نوبت یہانتک پہونچی کہ انھون نے ہڈیون کو پارہ پارہ بدن کو چور چور حرکت تک سے معذور اور حواس باختہ کر دیا۔ باوجود اس کے کہ بڑھاپے سے قوی ماؤف ہو چکے تھے مین نے طبیعت کو درست کرنے کی کوشش کی۔

جب میری عمر اکسٹھوین سال مین پہونچی تو ایک رات کا ذکر ہے کہ مین نے یہ خواب دیکھا کہ مین ہلال کے نکلنے اور ڈوبنے کے مقامات کو تلاش کر رہا ہون لیکن وہ مجھے نظر نہین آتے۔ اُسی حالت مین مجھ سے کسی کہنے والے نے یہ کہا کہ اس خیال سے باز آ تو ایک سو نو مرتبہ اُس کا بیٹا ہے۔ اس کے بعد جب مین جاگا تو ۱۰۵ سال ماہ قمری کو شمسی مین منتقل کیا اور ساڑھے پانچ مہینے گھٹا دیے اور یہ سب عطارد کے سالون کے قریب ہوئے جس کا نجومیون نے ذکر کیا ہے کہ پیدایش کے وقت اس کا غلبہ ہوتا ہے

باوجود اس کے مجھے کچھ خوشی نہوئی۔ اس لیے کہ عمر بسر ہو چکی تھی اور اس مین صرف ایک کام کے کرنے کے واسطے تھوڑا سا حصہ رہ گیا تھا۔ وہ کام اُن کتابون کا تکمیل کرنا ہے جو ناقص حالت مین موجود ہین اور اُن مسودون کا صاف کرنا جو ابھی تک ناصاف پڑے ہوے ہین مثلاً قانون مسعودی وغیرہ........ اور اُن کتب ہند کا حوالہ قلم کرنا جن کا ترجمہ کرنا مقصود تھا۔

اسکے لیے خدا کی مدد، فکر کی منتشر کرنے والی چیزون سے امن، درازی مدت تاخر اجل، سلامت حواس اور عمدہ مواقق صحت بدن کے سوا کوئی چیز معین نہین ہے،،

اس مقام کو پڑھ کر آنکھون کے سامنے ایک معمر شخص کی تصویر پھر جاتی ہے ہے جس کی مصروف زندگی کی دوپہر ڈھل چکی ہے اور شام اُمنڈی چلی آرہی ہے۔ محنتِ شاقہ اور دماغی کاوش کا اعضا و جوارح پر پورا پورا اثر نظر آتا ہے۔ بدن کی چستی اور جسم کی فربہی ناپید ہو چکی ہین۔ اگلا زور بل سب سلب ہو چکا ہے اور دیکھنے مین اسکا پیکرِ خاکی صرف مشت استخوان رہ گیا ہے، بلکہ ہڈیان بھی گرم و سرد زمانہ اور فکر و محنت مستمرہ کی بدولت رِت گئی ہین۔ لیکن اس جسم کو نہ دیکھو، اس روح اور دماغ کو دیکھو، جنھین اُس نے ساری عمر لہو اور پسینے سے سینچا ہے، اُس کے بشرے پر نظر ڈالو، جہان حکمت و فراست اور علم و تجربہ کے کبھی نہ مٹنے والے علامات روشن پیشانی اور نورانی آنکھون سے آشکار ہین۔ اُس کی ریش سفید یا خمیدہ کمر پر نگاہ نہ کرو، اُس کی ہمت عالی کو دیکھو کہ باوجود نصف صدی سے زیادہ مشقت اور صعوبتین برداشت کرنے کے اُس کی اُمنگین پہلے سے زیادہ بلند پرواز ہین۔ ،،قید ہستی اور بند غم،، سے رہائی کے لیے وہ بیتاب نظر

نہین آتا، اس لیے کہ جب وہ اپنی گذری ہوئی زندگی کے دنون کا محاسبہ کرتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ بیکار نہین گئے اور رائگان نہین ہوئے اور جب مستقبل کا تصور کرتا ہے تو دیکھتا ہے کہ باقی ماندہ کام نبڑنے کے لیے ایک عمر درکار ہے۔ پھر زندگی کیون دوبھر ہو؟ موت کی طلب کس لیے کی جائے؟ - زندگی اُسے عزیز نہین ہوسکتی جس کی زندگی کے واپس نہ آنے والے دن اُس کے نامۂ اعمال کی طرح سیاہ ہون اور آنے والا زمانہ عقوبت دوزخ کا ہمپایہ نظر آتا ہو۔ ہان ایسے شخص کی روح اسیر حیات نہین رہنا چاہتی اور اسکے حق مین بلاشبہ یہی بہتر ہے کہ کالبدِ خاکی اپنی امانت کے بار سے سبکدوش ہوجائے اور قفس عنصری کو طائر روح سُونا چھوڑ دے۔

بیرونی سے بڑھ کر ہم آرزو کرسکتے ہین کہ خدا اُس کی عمر عزیز مین برکت دیتا وہ جتنے دن جیا اپنے مشاغل کا پابند رہا۔ افسوس، جو اندازہ بیرونی نے کر رکھا تھا، اور جس کی تصدیق پر اُس کا دل مشکل سے آمادہ ہوتا تھا، اُس سے زیادہ جینا نصیب نہوا ۴۴۰ھ ہجری مین رجب کی دوسری تاریخ اور جمعہ کا دن تھا ۱۳ ستمبر ۱۰۴۸ء کو پیام اجل آپہونچا اور عشا کے بعد اس فرد فرید نے داعی اجل کو لبیک کہا[۳۲]

بسے دور باید کہ چرخ ظفر بیارد کسے چون تو بار دگر

کل عمر ۷۷ سال ۷ ماہ ہوئی[۳۳]

---

[۳۲] ابوریحان کے شاگرد امام فاضل سرخسی کے خط مین امام رئیس ابوریحان کی کتابون مین سے کسی کتاب کے حاشیہ پر یہ تحریر تھا کہ شیخ عالم رحمۃ اللہ علیہ نے بعد عشا شب جمعہ ۲- رجب ۴۴۰ھ ہجری کو انتقال کیا- سرخسی مصنف جوامع التعالیم ابوریحان کے مقربون اور خادمون مین سے خاص شخص تھا- (الغضنفر)

[۳۳] دوسرے موقع پر کسی دوسرے کے ہاتھ سے لکھا ہوا ہے کہ حکیم ابوریحان بیرونی کی عمر ۷۷ سال ۷ ماہ قمری کی تھی-

غالباً غزنی مین وفات ہوئی اور وہین سپرد خاک ہوا، لیکن آج کوئی نشان نہین دے سکتا کہ دنیائے علم کا وہ بے مثل فرد کہان مصروف خواب ہے۔

بعد از وفات تربت ما در زمین مجو

در سینہ ہائے مردم عارف مزار ماست

بیرونی کا متاہل ہونا تحقیق نہین۔ اُس کے مکتوب مین ایک ایسا فقرہ ہے جس سے گمان ہوتا ہے کہ اُس کے کوئی اولاد نہ تھی اور غالباً اس نے ساری عمر تجرد مین گذاری۔ لکھا ہے۔

"مین نے اپنی اُن کتابون کو، جنھین آغاز عمر مین تصنیف کیا تھا، اور جن کی تحریر کے بعد میری معلومات مین اضافہ ہو گیا، متروک نہین کیا اور نہ خوار جانا۔ اس لیے کہ وہ سب میرے فرزند تھے اور اکثر لوگ اپنے شعر اور فرزند پر فریفتہ ہوتے ہین،" دفتر تاریخ مین کوئی دوسرا نام نظر نہین آتا جو بیرونی کے لقب سے موسوم ہو۔ اگر یہ صحیح ہے کہ اُس نے ساری عمر عالم تجرد مین گذاری اور علم کی خاطر اپنے آپ کو دنیا کے مکروہات مین پڑنے سے بچایا تو اس سے کون انکار کر سکتا ہے، کہ بیرونی نے بہت بڑی قربانی چڑھائی اور ایثار کا غیر معمولی حق ادا کیا۔

(۳)

ہم نے اب تک جو کچھ لکھا وہ بیرونی کے مسلسل واقعاتِ زندگی تحریر کرنے کی کوشش تھی۔ تاریخی مواد کی قلت کے باعث جا بجا اُس کی تصانیف کی مدد سے واقعات کا سلسلہ قائم کرنا پڑا۔ لیکن بیرونی کے عجیب و غریب افسانۂ حیات کی خدا جانے کتنی حکایات ہین جو دستیاب نہین ہوئین۔ جتنے مستند واقعات معلوم ہین وہ چند انگلیون پر شمار ہو سکتے ہین، اور چاہے کتنی ہی تفصیل کے ساتھ کیون نہ لکھے جائین اُن کے لیے معدودے چند اوراق سے زیادہ گنجایش درکار نہین ہو سکتی۔ البتہ بیرونی کی زندگی کا ایک پہلو ضرور ایسا ہے جس کے تذکرے کے لیے دفتر کے دفتر درکار ہو سکتے ہین۔ ہمارا منشا بیرونی کے فضل و تبحر کی بے نظیر داستان سے ہے، جسکے ذکر مین ہر شخص اپنی بساط کے موافق زورِ بیان صرف کر سکتا ہے۔

پیشتر اس کے کہ ہم مضمون کے اس حصّے یعنے تبصرہ و نقد کی طرف متوجہ ہون ضروری معلوم ہوتا ہے کہ بیرونی کی تصانیف و تالیفات کی فہرست پیش کر دین تاکہ ناظرین بجاے خود بھی اُس کی وسعتِ علمی کا اندازہ کر سکین۔

سب سے پہلے بیرونی کی اُن تصانیف کو لیجیے جن کے نام اس نے اپنی وفات سے تیرہ سال پہلے مذکورۂ بالا خط مین لکھے تھے۔ ان مین جن کتابون پر تارے کی علامت (*) ہے وہ ہند سے متعلق ہین۔

نمبر شمار	نام کتاب	تعداد اوراق
۱	زیچ خوارزمی کے علل کے متعلق ایک کتاب لکھی تھی، جس مین بہت سے	۲۵۰

	مفید مسئلے اور مضبوط جوابات درج کیے گئے تھے۔	
٢	"ابطال البہتان بایراد البرہان علی علل الخوارزمی" ابو طلحہ طبیب نے زیچ خوارزمی کے متعلق کچھ ایسی باتیں بیان کی تھیں جن کا ردّ و قدح ضروری تھا۔	٣٦٠
٣	اسی بارے میں بیرونی کو ابو الحسن اہوازی کی ایک کتاب ملی، جس میں خوارزمی کی حق تلفی کی تھی بیرونی نے ایک کتاب لکھ کر اس نزاع کا عادلانہ فیصلہ کیا۔	٦٠٥
٤	"تکمیل زیچ حبش بالعلل وتہذیب اعمالہ من الزلل" مشہور منجم احمد بن عبداللہ حبش کی بنائی ہوئی زیچ پر علل کا اضافہ کیا اور زیچ مذکور میں جو غلطیاں تھیں اُن کی تصحیح کی۔ اس کتاب کا ایک تہائی ڈھائی سو ورق میں آیا۔	٧٥٠
* ٥	"جوامع الموجود لخواطر الہنود فی حساب التنجیم" اس کتاب میں بیرونی نے اہل ہند کے علم نجوم کی بابت نہایت مکمل تحقیقات درج کی تھیں اور سند ہند (سدھانت) پر مجتہدانہ تبصرہ لکھا تھا۔	٥٥٠
* ٦	ہیئت و نجوم ہند کے متعلق زیچ ارکند ایک نہایت مشہور کتاب تھی اس کا ترجمہ بیرونی سے بہت پہلے ہو چکا تھا۔ لیکن وہ نہایت غیر مفہوم اور الفاظ متروکہ سے معمور تھا۔ بیرونی نے اپنے الفاظ میں جدید معلومات کی بنا پر اس کتاب کو نئے انداز میں تحریر کیا۔	
٧	"کتاب مقالید علم الہیئۃ ما یحدث فی بسیط الکرہ" اس کتاب کو اصفہبذ جیلجیلان مرزبان بن رستم کے لیے لکھا تھا۔	١٥٥

۸ *	"خیال الکسوفین عند الہند"، آفتاب اور ماہتاب کے دو متحد اور متساوی مدارون کے متعلق یہ کتاب تھی۔ اہل ہند مین یہ بحث شہرت عام رکھتا تھا اور ان کے یہان کوئی زیچ اس سے خالی نہ تھی، لیکن مسلمان ہندسین اس سے قطعاً ناواقف تھے۔	
۹	"امر الممتحن و تبصیر ابن کیسوم المفتتن"، ابن کیسوم نے تحقیق سے تجاوز کیا تھا۔ بیرونی نے اُس کی کم علمی کا پردہ فاش کیا۔	۱۰۰
۱۰	"اختلاف الاقاویل لاستخراج التحاویل"، تحویلات کے متعلق کسی متبحر نے بیرونی سے دریافت کیا تھا۔ بیرونی نے اس مضمون کے متعلق تفصیلی بحث اس رسالے مین لکھی۔	۳۰
۱۱	"مقالہ فی التحلیل و التقطیع للتعدیل"، ایک عالم کی فرمایش سے جسے جداول تعدیل الشمس مین شک تھا اور طریق تحلیل حیش سے اطمینان نہ ہوتا تھا۔ یہ رسالہ لکھا گیا۔	۷۰
۱۲	موالید (پیدایش) اور تحویل سنین وغیرہ کے واسطے جو ہیئت فلک معلوم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اس کے متعلق ایک رسالہ	۶۰
۱۳	"مفتاح علم الہیئت"، قاضی ابوالقاسم العامری کی فرمایش سے لکھا گیا۔ اس مین محض مبادی ہیئت سے بحث کی گئی تھی اور اشکال اور دشواریون سے اجتناب کیا گیا تھا۔	
۱۴	"تہذیب فصول الفرغانی"، ابوالحسن مسافر کے لیے کتاب فصول الفرغانی کے متعلق جو علم ہیئت پر تھی بیرونی نے یہ کتاب تصنیف کی	۲۰۰

۱۵	"افراد المقال فی امر الاظلال"، علم مساحت مین ظل نامی خطوط مستقیم کی پیمایش وغیرہ کے متعلق جتنے امور ہین اُن سب کا مفصل اور مکمل تذکرہ اس کتاب مین کیا گیا تھا۔ یہ کتاب بھی ابوالحسن مسافر کے لیے لکھی تھی۔	۲۰۰
۱۶	"استعمال دوائر السموات لاستخراج مراکز البیوت"، اس رسالے مین ستارون کے خانون سے مرکز نکالنے کے لیے دوائر سموت کے استعمال پر بحث کی گئی تھی۔ یہ کتاب بھی ابوالحسن مسافر کے واسطے لکھی گئی۔	۱۰۰
۱۷	"مقالہ فی طالع قبۃ الارض وحالات الثوابت ذوات العروض"، وسطِ زمین اور ذوات العروض ستارون کے جو خط استوا کے شمال مین واقع ہین، حالات مین یہ رسالہ جُرجان کے ایک منجم کے لیے لکھا گیا۔	
۱۸	ایک چھوٹا سا رسالہ لیل و نہار کی مقدار کے متعلق جس مین نہایت سہل پیرایہ مین یہ ثابت کیا گیا تھا کہ قطب کے نیچے ایک سال کا ایک دن ہوتا ہے۔	

اطوال البلاد، اور عروض البلاد کے متعلق نیز مقامات کی سمتون اور فاصلون وغیرہ کی کیفیت مین حسب ذیل کتابین بیرونی نے لکھی تھین۔

۱	"تحدید نہایات الاماکن لتصحیح مسافات المساکن"، موقعون کی حدبندی اور شہرون کے فاصلون کی تصحیح کے متعلق۔	۱۰۰

۲	"تہذیب الاقوال فی تصحیح العروض والاطوال" عرض البلد اور طول البلد کی درستی کے متعلق۔	۲۰۰
۳	"تصحیف المنقول من العروض والطول" عرض وطول کے متعلق گذشتہ بیانات کی درستی۔	۴۰
۴	"مقالہ فی تصحیح الطول والعرض لمساکن المعمورہ من الارض"	۲۰
۵	"عرض وطول کے متعلق ہر شہر کی تعیین"	۲۰
۶	"مقالہ فی استخراج قدر الارض برصد انحطاط الافق عن قلل الجبال" پہاڑ کی چوٹی سے افق کا نشیب نکال کر زمین کی مقدار (پیمائش) کس طرح معلوم کی جائے۔	۴۰
۷	منارہ اسکندریہ کے قریب غروب شمس کے بارے مین تحقیقات۔	۲۰
۸	اقلیمون کی تقسیم کے متعلق کیا کیا اختلافات ہین۔	۲۰
۹	عروض و میل کے نکالنے کے متعلق اہل علم مین کیا کیا اختلاف ہین	
۱۰	قبلہ کی صحیح جانب معلوم کرنے کے متعلق جوابات وسوالات۔	۳۰
۱۱	سمت قبلہ کے متعلق دلائل کی توضیح۔	
۱۲	قبلہ کی صحیح سمت دریافت کرنے کے لیے کن شرائط پر کاربند ہونا ضروری ہے۔	۴۰
۱۳	تقویم القبلہ (قبلہ کا جغرافیہ) اور اس کے طول اور عرض کی تصحیح۔	۱۵
۱۴	"فی الابعاث لتصحیح القبلہ" قبلہ کی صحیح سمت معلوم کرنے کے لیے کیا کیا شرائط پوری کرنی چاہیے۔	۴۵

۱۵	کتاب دلائل قبلہ مین جو لغزشین ہوگئی تھین اُنکی تصحیح	

حساب کے متعلق۔

*۱	سند اور ہند کی رقمون سے حساب شمار۔	۳۰
۲	کِعاب (جمع کعب) اور کعاب کے علاوہ حساب کے دوسرے قاعدون کا نکالنا۔	۱۰۰
*۳	حساب سکھانے مین نقوش ہند (رسوم الہند) کی کیفیت۔	
*۴	عدد کے مراتب مین اہل عرب کی رائے اہل ہند سے بہتر ہے۔	۱۵
*۵	راشیکات الہند (اربعہ تتناسبہ)	
*۶	فی سکلت الاعداد جس کا آدھا ۳ ورق مین ہے۔	۶۰
*۷	براہم سدھانت مین حساب کے جتنے طریقے بیان کیے گئے ہین اُن کا ترجمہ۔	۴۰
۸	"منصوبات الضرب" ضرب نکالنے کے متعلق مختلف منصوبے (چٹکلے)۔	

شعاعات اور مرسے کے متعلق (یعنے علم الاشعہ یا "علم المناظر" کے متعلق جس مین شعاعون اور ان کے گذرگاہون کا ذکر ہوتا ہے)

۱	"تجرید الشعاعات والانوار عن الفصائح المدونة فی الاسفار" شعاعون اور روشنیون کی بحث کے متعلق جو خرابیان کتابون مین جمع ہوگئی تھین اُن کی اصلاح۔	۵۵
۲	"تحصیل الشعاعات بابعد الطرق عن الساعات" ساعتون کے	

	نہایت دشوار قاعدون سے شعاعات کی کیفیت معلوم کرنا۔	۱۰
۳	"مقولہ فی مطرح الشعاع ثابتا علی تغیر البقاع"	
۴	"تمہید المستقر لمعنی الممر" "ممر" کی حقیقت سے متعلق پوری بحث	۶۰

آلات اور اُن کے استعمال کے متعلق کتابین یہ ہین

۱	اُصطرلاب بنانے مین کتنی صورتین ممکن ہین۔	
۲	اُصطرلاب کے ٹھیک کرنے اور اُس کے مرکبات شمالی وجنوبی کے استعمال کے سہل طریقے۔	۱۰
۳	"تسطیح الصور وتبطیح الکور" صورتون اور کُرون کا پھیلانا۔	
۴	اُصطرلاب کے کام مین لانے سے کون کون سے مسائل حل ہوسکتے ہین یعنے اصطرلاب کے مختلف استعمالات کیا کیا ہین۔ "فیما اخرج ما فی قوۃ اصطرلاب الی الفعل"	۳۰
۵	اصطرلاب الکری کے استعمال کے متعلق۔	۱۰

ازمنہ اور اوقات کے متعلق۔

۱	"تعبیر المیزان لتقدیر الازمان" اُس ترازو کا بیان جس سے اوقات معلوم کیے جاتے ہین۔	۱۵
* ۲	اہل ہند کے یہان زمانے کے اجزا معلوم کرنے کے کیا قاعدے ہین	۱۰۰
۳	قضائے کے روزے اور عید کے وقتون کا ذکر۔	۲۰
۴	تاریخ اسکندری مین بیرونی سے جو لغزش ہوگئی تھی اُسکا اعتذار	۱۰
۵	عبد الملک طبیب البستی نے مبدا و منتہاے عالم کے متعلق جو حکایات	

	لکھی تھین اُن کی تکمیل۔ اِس کتاب مین بیرونی نے اپنی ذاتی معلومات سے مسئلہ آغاز و انجام عالم کے متعلق مختلف قومون کے عقائد بیان کیے تھے۔	۱۰۰

مذنبات (دمدار ستارے) اور ذوائب (گیسودار ستارے) کے متعلق۔

۱	کیا کیا آثار علوی ہین جو دنیاوی واقعات کی رہبری کرتے ہین	۳۰
۲	(مقالہ فی دلالۃ الآثار العلویہ علی الاحداث السفلیہ) جوّ سما (ہوا) مین جو ستارے نمودار ہوتے ہین اُن کے متعلق بعض طبیبون کے دل مین خیالات فاسد تھے۔ بیرونی نے اُن کے خیالات کا ابطال کیا۔	۷۰
۳	کواکب ذوات الاذناب اور ذوات الذوائب (دُمدار اور گیسودار ستارون) کے متعلق تحقیقات۔	۶۵
۴	ہوا مین جو روشن چیزین نمودار ہوتی ہین اُن کا بیان۔	
۵	کواکب منقضہ (ٹوٹنے والے تارون) کے متعلق ابوسہل القوہی کے کلام کا تصحیح۔	۱۵

متفرقات

۱	منازل قمر کی تحقیقات مین۔	۱۸۰
۲	ابوحفص عمر بن الفرخان کے نوادر و عجائبات کے متعلق تحقیق و تفحص۔	۲۴۰

٣	"مقالہ فی استخراج الاوتار فی الدائرہ بخواص الخط المنحنی" دائرے کے وتروں کے معلوم کرنے کے متعلق۔	٨٠
٤	فلزات اور جواہر کے حجم میں کیا نسبت ہے۔	٣٠
٥	صحیح و سالم مسافر کتنی مسافت طے کر سکتا ہے۔	١٠
٦	مقالہ فی نقل خواص الشکل القطاع الی ما یغنی عنہ" شکل القطاع کی خواص کی مکمل توضیح۔	٢٠
٧	اُن دو خطوں کے جو کسی ایک جگہ پر ملنے کے بعد کہیں جا کر نہ ملیں نہایت قریب مقداروں میں کس طرح ٹکڑے ہوسکتے ہیں	١٠
٨	دنیا میں گرمی کن وجوہات سے پیدا ہوتی ہے اور فصلوں اور موسموں کا اختلاف کس طرح واقع ہوتا ہے۔	٤٥
٩	"کتاب آثار العلویہ" (علاً بحث مذنبات وغیرہ) میں جو طریقہ متعارفہ مذکور رہا ہے اُس کے متعلق بحث۔	٤٠
١٠	"المسائل البلخیہ فی المعنی المتعلقہ بانکسار الصناعت"	٠٠
* ١١	ہندوستان کے منجموں کے یہاں سے جو سوالات آئے تھے اُن کے جوابات۔	١٢٠
* ١٢	کشمیر کے علما نے جو دس سوالات بھیجے تھے اُن کے جوابات احکام النجوم کے متعلق۔	
١	کتاب التفہیم لاوائل صناعت التنجیم" علم نجوم کے متعلق ابتدائی کتاب۔	
٢	"مقالہ فی تسطیح القوی والدلالا مین اجزای لبیوت الاثنی عشر"	

	بار وبرجون کے درمیان قوتون اور رہنمائیون کا تقسیم کرنا (متعلق علم نجوم)	۱۵
۳	فی سیر سہمی السعادت والغیب ،، اس مین ستارون کے مختلف موقعون سے طالع مولود میں جو اثرات ہوتے ہین اُن سے بحث تھی۔	
* ۴	عمر نکالنے کے متعلق ہندوون کا کیا قاعدہ ہے۔	
۵	،، فی الارشاد الی تصحیح المبادی علی النمو دارات ،، (نجوم کے متعلق)	۵۰
۶	فی تبیین رائے بطلیموس فی سالخذاہ ،،	۷
* ۷	براہمہر کی کتاب موالید الصغیرہ کا ترجمہ۔	

ہزل و سخف مین۔

۱	ترجمہ قصہ وامق وعذرا۔	
۲	قسیم السرور اور عین الحیات کی کہانی۔	
۳	ارمزدیار اور مہریار کا قصہ۔	
۴	بامیان کے بتون کی کہانی۔	
۵	وادمہ اور کرامی دخت جھلی الوادی کی کہانی۔	
* ۶	حکایت بیتی وبربھاکر بزبان نیلوفر۔	
۷	الی تمام کے شعر مین جتنے الف کے قافیہ آئے ہین اُن کا پورا ذکر۔	
۹	مقالہ فی لما بتخار فی قد الاشجار ،، درختون کے قد و قامت کے متعلق علمی تجربون کا ذکر۔	

۹	مساحت کا درست کام بسہولت تمام کس طرح انجام دیسکتے ہین اس رسالے مین ایسے طریقے بیان کیے گئے تھے جن کی مدد سے نہایت آسانی کے ساتھ پیمایش ہوسکتی تھی۔	
۱۰	"التحذیر قبل الترک" ترکون کی جانب سے جو اندیشے ہین اُن سے لوگون کو بچانا۔	
۱۱	"القرعہ المصرحہ بالعواقب" قرعہ جس مین انجامون کا صاف صاف حال معلوم ہوجاے۔	
۱۲	"القرعہ المثمنہ لاستنباط الضمائر المخمنہ" مخفی ضمیرون کے معلوم کرنے کے متعلق قیمتی قرعہ۔	
۱۳	"شرح مزامیر القرعہ المثمنہ" ۱۲ کی شرح۔	
* ۱۴	کلب یارہ کا ترجمہ۔ اس مین اُن امراض سے بحث کی گئی تھی جو عفونت سے پیدا ہوتے ہین۔	
	عقائد کے متعلق۔	
* ۱	"کتاب فی تحقیق ما للھند من مقالہ مقبولہ او مرذولہ" (کتاب الھند	۷۰۰
۲	"زایچون مین برجون کی علامتون کو حروف جمل کے ذریعہ سے کیون ظاہر کیا جاتا ہے۔	
۳	"کلام فی المستقر والمستودع" مرکز کے متعلق۔	
* ۴	"مقالہ فی ناسدیو الھند عند تجیۂ الادنی" ناسدیو کے ادنے حالتون (جونون) مین ظاہر ہونے کے بارے مین اہل ہند کے	

کیا خیالات ہین۔ ١٠

۵ "ترجمہ کتاب سانک فی الموجودات المحسوسہ والمعقولہ"

* ۶ "ترجمہ کتاب باتنجل فی الخلاص من الارتباک"

اس فہرست کے بعد بیرونی لکھتا ہے۔

"اس کے علاوہ وہ کتابین جو میری تصنیف کی ہوئی ہین اور جن کے نسخے میرے پاس سے چلے گئے ہین بہت ہین۔ مثلاً

۱ "التنبیہ علی صناعۃ التمویہ" ملمع سازی کے متعلق۔

۲ "تنویر المناہج الی تحلیل الازیاج" زائچون کو کس طرح حل کیا جائے۔

۳ "التطبیق" الی تحقیق حرکۃ الشمس" سورج کی گردش کی تحقیق۔

۴ "البرہان المنیر فی اعمال التیسیر" کیمیاوی اعمال کے متعلق۔

۵ "تنقیح التواریخ۔ تاریخون کے تحقیق کرنے کے متعلق۔

وامثال ذالک۔

اس کے بعد بیرونی نے اپنے خواب کا حال لکھا ہے جس کا تذکرہ اوپر کیا جا چکا ہے۔ پھر بیان کیا ہے کہ ابھی تک مجھے بہت سی کتابون کا پورا کرنا باقی ہے جو میرے پاس ناقص حالت مین پڑی ہین یا مسودون سے ابھی تک صاف نہین کی گئی ہین۔ مثلاً

۱ قانون مسعودی۔

۲ آثار الباقیہ عن القرون الخالیہ،، (ا)

۳ ،، الارشاد الی مایدرک ولاینال من الابعاد،، جو دوریان اور فاصلے دکھائی دین اور وہان تک پہونچ نہ سکین انکو کس طرح معلوم کیا جائے۔

۴ ،، الکتاب فی المکاییل والموازین وشرائط الطیار والشواہین پیمانون اور وزنون کا ذکر اور ڈنڈی کے دونون حصون کے شرائط کے متعلق۔

۵ ،، جمع الطرق السائرہ فی معرفۃ اوتار الدائرہ،، دائرہ کے وتر معلوم کرنے کے متعلق جتنے قاعدے معلوم ہین اُن سب کا ذکر۔

۶ ،، تصور امر الفجر والشفق فی جہتی الشرق والغرب،، ظہور صبح اور شفق کے متعلق۔

۷ ،، تکمیل صناعہ التسطیح،، علم تسطیح کرہ کا مکمل بیان۔

۸ جلاء الاذہان فی زیج البتانی،، مشہور مہندس البتانی کی زیج کے متعلق۔

۹ ،، تحدید المعمورہ وتصحیحہا فی الصورہ،، ملکون اور شہرون وغیرہ کی حدبندی اور نقشے مین اُن کی تصحیح کے بیان ہین۔

۱۰ ،، علل زیج جعفر المکی بابی معشر، مشہور منجم ابو معشر (Albumaser) کی زیج کے متعلق۔ نیز وہ تمام کتب ہند، جن کا ترجمہ کرنا چاہتا ہون،

آگے چل کر لکھا ہے کہ جب تک صحت حواس، قوت بدن اور رسے فکری میسر نہ آئین یہ کام انجام نہین پا سکتا۔ اخیر مین اُن کتابون کی فہرست دی ہے جن کو بیرونی کے احباب نے (بلا شبہہ اُس کی مدد، فرمایش یا اشارے سے) بیرونی کے نام پر لکھا تھا۔ اس موقع پر یہ یاد رکھنا چاہیے کہ متقدمین مین اُستاد

یا کسی بڑے فاضل یا کسی عزیز دوست کے نام سے کتابیں لکھنے کا عام دستور تھا اُستاد اور فضلا بھی اسے ناپسندیدہ نہ سمجھتے تھے اور اکثر اپنے متقدین کی کتابوں کی اصلاح خود کر دیا کرتے تھے۔ افلاطون اور سقراط کے دوسرے شاگردوں نے اپنے اُستاد کے نام سے اُس کی وفات کے بعد بہت سی کتابیں لکھیں مثلاً افلاطون کی "ری پبلک" انگریزی Republic یہ کتابیں جو ابو نصر، ابو سہل اور ابو علی نے بیرونی کے نام سے تصنیف کی تھیں، بلاشبہ اُن کی عقیدت اور محبت کی یادگاریں ہیں اور اس میں مشکل کلام ہو سکتا ہے کہ اُن کی تالیف میں اُن کے لائق اور عزیز دوست کا مشورہ شریک ہے۔

ابو نصر منصور بن علی بن عراق مولی امیر المومنین نے بیرونی کے نام سے حسب ذیل کتابیں لکھی تھیں۔

۱ "کتاب فی السموت"، سمتوں کے متعلق۔

۲ کتاب فی تصحیح التعدیل عند اصحاب السند ہند۔

۳ کتاب فی تصحیح کتاب ابراہیم بن سنان فی تصحیح اختلاف الکواکب العلویہ۔

۴ "کتاب فی براہین اعمال حبش بجدول التقویم"، مشہور مہندس حبش نے جو جغرافیائی جدول سیار کی تھی اُس کی صحت کے متعلق ابو نصر نے دلائل لکھے۔

۵ "رسالہ فی تصحیح ما وقع لابی جعفر الخازن من السہو فی زیج الصفائح"، زیج صفائح میں ابی جعفر خازن سے جو سہو ہو گئے تھے اُن کی درستی کی غرض سے یہ کتاب لکھی گئی۔

۶ رسالہ فی مجازات دوائر السموت فی الاصطرلاب"، اصطرلاب میں سمتین

ظاہر کرنے والے دائرے کہان کہان ہوکر گذرتے ہین۔

۷ رسالہ فی جدول الدقائق۔

۸ رسالہ فی براہین علی عمل محمد بن الصباح فی امتحان الشمس، محمد بن صباح نے ترصید شمس کے متعلق جو اپنی تحقیقات لکھی تھین اُن کے دلائل یین یہ رسالہ لکھا گیا۔

۹ رسالہ فی براہین علی عمل حبش فی مطالع السمت فی زیجہ، حبش کی زیچ مین مطالع السمت کے متعلق جو کچھ لکھا گیا تھا اُس پر دلائل لکھی گئین۔

۱۰ رسالہ فی دوائر التی تحد الساعات الزمانیہ، ساعات اور اوقات کے متعلق۔

۱۱ رسالہ فی معرفہ القسی الفلک بطریق غیر طریق النسبۃ المولفہ، اس رسالے مین قوسہائے فلک کے معلوم کرنے کا نیا طریقہ بیان کیا گیا تھا۔

۱۲ رسالہ فی حل شبہ عرضت فی الثالثہ عشر من کتاب الاصول، کتاب الاصول کے تیرھوین باب مین جو شبہ پیدا ہوا تھا اُس کا حال۔

ابوسہل مسیحی نے بیرونی کے نام سے یہ کتابین لکھین۔

۱ کتاب مبادی الہندسہ۔

۲ کتاب رسوم الحرکات فی اشیاء ذوات الوضع، اشیائے محسوسہ مین کیا کیا نقوش حرکت پائے جاتے ہین (۹)

۳ کتاب فی سکون الارض او حرکتہا۔ حرکت و سکون ارض کے متعلق بحث کی گئی تھی۔

۴ کتاب فی التوسط بین ارسطوطالیس والجالینوس فی المحرک الاول ما بعد الطبیعیات

کے مسئلہ "محرکِ اول" کے متعلق ارسطو اور جالینوس کے خیالات کا موازنہ اور ان دونون حکیمون کی رایون مین درمیانی راہ کا پتا لگانا۔

۵ رسالہ فی دلالۃ اللفظ علی المعنی۔ لفظ معنی پر دلالت کرتا ہے (بحث منطق)

۶ رسالہ فی سبب برد ایام العجوز" موسم سرما کے نہایت سرد ایام جو ہوتے ہین ان کی سردی کا کیا سبب ہے۔

۷ رسالہ فی علۃ التربیہ (؟) التی مستعمل فی احکام النجوم۔

۸ رسالہ فی آداب صحبت الملوک۔ بادشاہ کی ہم نشینی کے آداب۔

۹ رسالہ فی قوانین الصناعہ۔ نجوم کے قوانین۔

۱۰ رسالہ فی دستور الخط۔ تعلیم رسم الخط کے متعلق۔

۱۱ رسالہ غزلیات شمسیہ۔ آفتاب مین سیاہ داغ کیسے ہین۔

۱۲ رسالہ النرجسیہ۔ (رسالۂ نرگسیہ)

ابو علی الحسن بن علی الجیلی نے بیرونی کے نام پر رسالہ "من و عن" لکھا

اس کے بعد یہ خط ان الفاظ پر ختم ہوتا ہے۔

"اب مین نے تمھارے سامنے وہ کتابین عرض کر دین، جو میرے پاس ہین، تاکہ تمھین جس کی ضرورت ہو معلوم کر لو۔ وہی مین تمھین بھیجدون۔ والسلام"

اس طویل فہرست کے ختم ہوجانے پر ناظرین نتائج ذیل پر جو فہرست ہذا سے ماخوذ ہین غور کرین۔

۱ بیرونی نے اپنی تصنیف کی ہوئی کتابون کے جو نام لکھے ہین اُن کی تعداد ایک سو چودہ ہے ۔

۲ ان مین بعض ضخیم کتابین ہین اور بعض چند ورق کے رسالے ہین ۔

۳ بعض کتابون کے آگے ورقون کی تعداد بھی لکھی ہے ۔ شمار کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ منجملہ ۱۱۴ کتابون کے ۶۶ کتابون کے اوراق کی تعداد ۸۷-۶۶ (۴۷۳۲ صفحہ) ہے ۔ باقی ماندہ ۴۸ کتابین ہین جن کے اوراق کی تعداد نہین لکھی ہے ، بعض کتابین بلاشبہ کافی ضخیم ہین مثلاً قانون مسعودی ، آثار الباقیہ وغیرہ ۔

۴ کتابون کی یہ فہرست بالکل نامکمل ہے ۔ یعنے ان ۱۱۴ کے سوا اور بہت سی کتابین بیرونی لکھ چکا تھا اور بہت سی زیر تصنیف تھین خط مین صرف اُن کتابون کا ذکر کیا ہے جو خط کے لکھتے وقت موجود تھین اور جن کو دوست کے طلب کرنے پر بھیج سکتا تھا ۔ چنانچہ ناظرین کو وہ موقع یاد ہوگا جہان لکھا ہے کہ جن کتابون کے نسخے میرے پاس نہین ہین وہ بہت ہین جن مین سے مثال کے طور پر چار پانچ کے نام بھی لکھ دیے ہین ۔ آگے چل کر جب غیر مکمل نسخون کا ذکر آیا ہے تو وہان بھی یہی کہا ہے کہ ایسی کتابون کی اتنی تعداد ہے کہ بقیہ عمر اُن کی تکمیل کے لیے کافی نہین ہو سکتی ۔ سرسری طور پر دس کتابون کے نام بھی لکھ دیے ہین

۵ معتد بہ تصانیف دوسرون کی فرمایش اور خواہش سے لکھی گئی ہین اور حلقہ رسائلین مین جرجان ، خوارزم ، ہندوستان اور کاشمر تک کے علما

شامل ہین۔ نیز بہت سی کتابین تصحیح، تہذیب، ترتیب، تفسیر اور ردوجواب کی حیثیت سے لکھی گئی ہین۔

ان مقدمات کو ذہن نشین کر لینے کے بعد تذکرہ نویس کا فرض ہے کہ فہرست کی تکمیل کی غرض سے اُن کتابون کے نام بھی درج کرے جو دوسرے معتبر ذرائع سے معلوم ہوئے ہین۔ حسب ذیل کتابون کے نام بر سبیل تذکرہ آثار الباقیہ مین آئے ہین اور یہ فہرست مندرجۂ بالا مین شریک نہین ہین۔

(۱) کتاب الاستشہاد باختلاف الارصاد۔

(۲) کتاب الارقام۔

(۳) کتاب فی الاخبار القرامطہ والمبیضہ۔ فرقہاے قرامطہ و مبیضہ کی تاریخ۔

(۴) بحث بیرونی و ابن سینا دربارۂ تقویم یونان۔

(۵) کتاب العجائب الطبیعیہ والغرائب الصناعیہ۔

اسی طرح پر کتاب الہند کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مندرجۂ ذیل کتابین جو بیرونی کتاب الہند کی تصنیف سے پہلے لکھ چکا تھا، شامل فہرست نہین ہین۔

* ۱ برہم گپت کی پانی ساسی دھانت کا ترجمہ۔
* ۲ برہم گپت کی برہم سدھانت۔
* ۳ ترجمہ لکھو جاتکم مصنفہ وراہمیر۔

نیز کتاب الہند کی تصنیف کے وقت بیرونی حسب ذیل کتابون کا سنسکرت مین ترجمہ کرنے مین مشغول تھا

* ۴ تحریر اقلیدس۔
* ۵ کتاب المجسطی۔
* ۶ اصطرلاب بنانے کے قواعد خود اپنی تصنیف سے۔
* ۷ مفتاح الہیئت۔

اِن بارہ کتابوں کا پتہ کتاب الھند اور آثار الباقیہ سے چلا ہے۔ ماسوا اسکے ذیل کی کتابیں، جو ہنوز شمار میں نہیں آئی ہیں، حاجی خلیفہ کی مشہور فہرست کتب "کشف الظنون عن الاسامی الکتب والفنون" سے معلوم ہوئے ہیں۔

(۱)	ارشاد فی احکام النجوم۔	۱ نسخے	(۲۵۸)
(۲)	استیعاب فی تسطیح الکرہ۔	۱ نسخے	(۲۷۷)
(۳)	الجماہر فی الجواہر۔	۲ نسخے	(۶۰۸)
(۴)	تعلیل باحالۃ الوہم فی معانی النظم۔	۲ نسخے	(۳۲۴)
(۵)	شرح ابو تمام۔	۳ نسخے	(۲۵۴)
(۶)	زیچ العلائی۔	۴ نسخے	(۲۶۷)
(۷)	کتاب الاحجار۔	۵ نسخے	(۳۲)
(۸)	کتاب تسطیح الکرہ۔	۵ نسخے	(۶۲)
(۹)	کتاب الصیدلہ۔	۵ نسخے	(۱۱۰)
(۱۰)	مختار الاشعار والآثار۔	۵ نسخے	(۴۳۵)
(۱۱)	خلاصۂ مجسطی۔	۵ نسخے	(۳۸۶)
(۱۲)	زیچ المسعودی (قانون مسعودی) ؟۔	۳ نسخے	(۵۹۸)

نیز غلام حسین جونپوری نے اپنی تالیف جامع بہادر خانی (۱۸۳۵ء) میں صفحہ (۱۹۰) پر بیرونی کی ایک کتاب "لمعات" کا ذکر کیا ہے جو علم الابصار (علم المناظر والانعکاس) میں لکھی گئی تھی۔ اس میں سے جامع بہادر خانی کے مؤلف نے چار شکلیں منتخب کی ہیں۔ ماسوائے ان کے ابو الفضل بن الحسن البیہقی نے تاریخ بیہقی میں لکھا ہے کہ میں اپنی کتاب کی دسویں جلد میں تاریخ خوارزم کا حال لکھوں گا اور خوارزم کے تاریخی حالات میں ابو ریحان کی تاریخ خوارزم سے مدد لوں گا جسے میں نے چند سال ہوئے دیکھا تھا[1]

علاوہ ازیں حسب ذیل کتابیں بیرونی کی تصانیف سے ایسی ہیں، جن کے نام کسی دوسرے ذریعے سے معلوم نہیں ہوئے اور جو اس وقت یورپ کے کتب خانوں میں موجود ہیں۔

۱ کتاب الدرر فی سطح الاکر (بوڈلین لائبریری)

۲ کتاب نزہۃ النفوس والافکار فی خواص الموالید الثلاثۃ المعادن والنبات والاحجار۔

بیرونی کی تالیفات کا تذکرہ نامکمل رہ جائے گا اگر ہم اخیر میں ان قلمی نسخوں کی مفصل فہرست بھی شامل نہ کر دیں، جو ہمارے علم میں دنیا کے مختلف کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔

۱	استیعاب الوجوہ الممکنہ۔	۲ نسخے (۱) برلن (۲) بوڈلین آکسفورڈ
	کتاب الدرر۔	۱ نسخہ (۱) بوڈلین۔

[1] دیکھو ایلیٹ ڈوسن کی تاریخ ہند جلد ۲۔ صفحہ ۵۷۔

۳	مقالہ فی سہمی السعادت و الغیب۔	النسخہ (۱) بوڈلین۔
۴	نزہتہ الافکار۔	النسخہ (۱) "
۵	الجماہر فی الجواہر۔	النسخہ (۱) اسکوریل (بیروت)
۶	ترجمہ احیک (فی اشکیات الہند)	النسخہ (۱) انڈیا آفس لائبریری۔
۷	فی تسہیل التسطیح الاصطرلابی و العمل	النسخہ (۱) برلن۔
۸	آثار الباقیہ۔	۳ نسخہ (۱) برٹش میوزیم (۱۰۷۹ھ) (۲) سر ہنری راولنسن (۱۲۵۴ھ) (۳) کتب خانہ قومی پیرس۔

افسوس ہے کہ "آثار الباقیہ" کے تمام نسخے بہت قریب زمانے کے لکھے ہوئے ہین اور کتاب کے بہت سے مقامات چھوٹے ہوئے ہونے کے علاوہ جابجا ہر قسم کی غلطیان بھری ہوئی ہین۔ زاخو صاحب نے بہت کوشش کر کے حتی المقدور ان خرابیون کو رفع کیا ہے، لیکن تاوقتیکہ کوئی مکمل اور صحیح نسخہ دستیاب نہو جاسے، یہ خرابیان آخر کیسے رفع ہو سکتی ہین۔

۹	کتاب الہند۔	۳ نسخے (۱) موسیو شیفر (پرانا نسخہ ہے اور بہت صحیح ہے بیرونی سے ۲۹ سال بعد کا لکھا ہوا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ خود بیرونی کے نسخے سے براہ راست نقل کیا گیا ہے) (۲) پیرس (کتب خانۂ قومی) (۳) قسطنطنیہ۔ یہ دونون نسخے شیفر والے

نسخے کی نقل معلوم ہوتے ہین۔

۱۰۔ صیدلہ (یا صیدنہ) النسخہ لٹن لائبریری مدرسۃ العلوم علی گڈھ سنہ ۱۰۰۸ھ

یہ کتاب لغات طب مین ہے۔ اس کا ترجمہ سنہ ۶۱۲ ہجری (۱۲۱۵ء) کے بعد ہندوستان مین عثمان الکاشانی نے کیا تھا۔ مترجم نے نعت اور حمد کے بعد لکھا ہے۔

"چنین گوید این الکاسی یدیم اللہ برکہ حیوۃ کہ ہیچ انیس ترخردمند را در اوقات تنہائی چون مطالعہ کتب نیست۔ و فوائد تالیفات علما و تصنیفات حکما نزدیک ارباب الباب ازان روشن ترست کہ بتقریر آن اطنا بے حاجت افتد۔ ابوریحان گوید کہ دیباچہ این کتاب صیدنہ رجوع در حل مشکلات بشیخ ابو حامد بن محمد بن احمد السہ المشتقی کردم زیرا کہ او در عہد خود از ابنائے جنس خود در علم لغت و طب مستثنی بود و تصانیف متقدمان درین ہر دو نوع علم سماع کردہ و بر جملہ دلائل و نکات و رموز و اشارات اطلاع تمام یافتہ و تالیف این کتاب بر ترتیب حروف معجم اتفاق افتاد تا انتفاع ازوے آسان تر باشد انشاء اللہ تعالی و بہ نستعین۔"

کتاب کی ترتیب اس طرح پر ہے کہ پہلے مصنف (مفرد) دوا کا نام، جو عام طور پر مشہور ہوتا ہے دیتا ہے، بعدہ عربی، یونانی، سریانی، جرجانی، خوارزمی، فارسی، عراقی، ہندی سندھی وغیرہ وغیرہ زبانون کے الفاظ ہم معنی کا ذکر کرتا ہے اور پھر اس کی خاصیت بیان کرتا ہے۔

لٹن لائبریری والے نسخے کے اخیر مین یہ عبارت سرخ روشنائی سے لکھی ہوئی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نسخہ اصل صیدنہ کا خلاصہ ہے لیکن ہم نہین کہہ سکتے کہ خود ابن الکاسی نے خلاصہ کیا تھا یا کسی دوسرے شخص نے۔

(سرخ) "این صیدنہ را بسبیل ایجاز نوشتہ شد و انچہ از دو ربا بیستر و محتاج تر بود باد
کردہ شد تا زود تر مقصود بحاصل آید"

(سیاہ) تمت تمام شد بتاریخ یکم جمادی الآخر ۱۳۰۰ھ (۱۳۰۰ھ ہجری)

یہ نسخہ عربی خط مین لکھا ہوا ہے لیکن غلطیان جابجا پائی جاتی ہین۔

۱۱ کتاب التفہیم (عربی) ۳ نسخہ (۱) و (۲) بوڈلین (۳) برلن۔

(فارسی) ۴ نسخہ (۱) برٹش میوزیم (۲) موسی شیفر (۳) و (۴)
لٹن لائبریری مدرستہ العلوم علی گڈھ۔

مدرستہ العلوم علی گڈھ کی لائبریری مین جو دو نسخے ہین وہ اصل کتاب سے دو علیحدہ شخصون کے ترجمہ کیے ہوئے معلوم ہوتے ہین۔ کتاب کے ابتدائی جملے ذیل مین لکھے جاتے ہین جس سے دونون ترجمون کا فرق معلوم ہوگا۔

پرانا نسخہ	نیا نسخہ
دانستن صورت عالم و چگونگی آفرینش آسمان	دانستن صورت عالم و چگونگی نہاد آسمان و
و زمین و انچہ میان ہر دوست فہمیدن و	زمین و انچہ بمیان ہر دوست بروی شنیدن
بعمل آوردن آنہا بسیار سودمند است	و بتقلید گرفتن ہمچون چیزہا سخت سودمند است
در علم نجوم زیرا کہ اصطلاحی بناہا و لفظہا کہ	اندر پیشہ نجوم زیرا کہ گوش بناہا و لفظہا
منجمان بکار بردہ اند فرا گیرد، و صورت	کہ منجمان دارند خو کند و صورت بستن معانی
بستن معنی آن آسان گردد تا چون بعلتہا	آسان گردد تا چون بعلتہا و حجتہا آن باز آید
و حجتہا رسد و بداند و از اندیشہ و فکر آسودہ بود	و آن را بحقیقت خواہد تا بداند اندیشہ و فکرت
و رنج آن بر معلم و متعلم آسان باشد۔	آسودہ بود و رنج از ہر دو سوی بر او گرد نیاید۔

واین نسخه را یادگار نوشتم برائے ریحانہ بنت الحسن الخوارزمیہ کہ خواہندۂ این علم بود بر طریقِ سوال وجواب کہ بفہم مبتدی آسان تر بود۔ وابتدا کردیم بہندسۂ اولؔ پس بشمار وپس بصورت عالم پس باحکام نجوم زیرا کہ مردم را نام منجمی سزاوار نشود تا این چہار علم بتمامی نداند وایزد تعالےٰ توفیق دہندہ است بر صواب گفتار وکردار بمنتِ خویش۔

واین یادگار ہمچنین کردم مر ریحانہ بنت الحسن الخوارزمیہ را کہ خواہندہ او بود بطریق پرسیدن وجواب دادن کہ خوب تر بود وصورت بستن آسان تر بود۔ وابتدا کردیم بہ ہندسہ پس بشمار وعدد پس بصورت عالم پس باحکام نجوم زیرا کہ مردم نام منجمی را سزاوار نشود تا این چہار علم را بتمامی نداند۔ وایزد تعالیٰ توفیق دہندہ است بر صواب گفتار وکردار بمنت وفضل خویش۔

یہ اختلاف عبارت آگے جا کر بہت کم ہو جاتا ہے حتیٰ کہ بعض اوقات پوری عبارت کے الفاظ دونون نسخون مین بالکل یکسان ہوتے ہین۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ دونون ترجمے لفظی ترجمے ہین۔

پہلا نسخہ ایک پُرانا نسخہ ہے جس مین کل (۱۳۶) ورقے ہین۔ اس نسخے کی تقطیع ۱۰۔۷ انچ ہے۔ اس مین اخیر کے دس بارہ ورقے باقی کتاب سے زیادہ پُرانے اور کسی دوسرے شخص کے لکھے ہوئے ہین۔ دونون کاتب کم علم اور کتاب کے مضامین سمجھنے کے ناقابل ہین۔ ظاہر ہے کہ ایسی حالت مین نسخے مین جتنی غلطیان ہون کم ہین۔ کئی جگہ تو کورے صفحے چھوٹے ہوئے ہین جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یا تو کاتب اُن جدولون کو جو اُن موقعون سے تعلق رکھتی ہین خود نہین سمجھا یا جس نسخے سے اُس نے نقل کیا ہے وہ ایک نامکمل

نسخہ تھا۔ اس نسخے کا خط شکست ہے اور طرز سے مین اندازکرتا ہون کہ اورنگ زیب عالمگیر کے عہد سے پہلے کا لکھا ہوا نہین ہے۔ اس نسخہ کے پہلے صفحہ پر سید علی حسین
کے نام کی چھوٹی سی مہر لگی ہوئی ہے جس مین ۱۱۶۶ھ ہجری لکھا ہوا ہے۔

دوسرا نسخہ ۱۲۶۶ھ ہجری (۱۸۵۰ء) کا لکھا ہوا ہے۔ یہ ایک خوشخط اور غالباً صحیح نسخہ ہے۔ تقطیع کم و بیش ۱۲-۸ انچ اور کاغذ ہلکا نیلگون ہے۔ باقی حالات حسب ذیل عبارتون سے جو نسخے کے اخیر مین لکھی ہوئی ہین معلوم ہون گے

(روشنائی) "سپری شد روز استاد از مہر ماہ سال برسی صد و نود و ہشت یزدجردی مطابق ۱۲۰۸ھ ہجری"

"الحمد للہ حسب الارشاد جناب معلی القاب نواب ضیاء الدین احمد خان بہادر متخلص بہ نیر درخشان بروز آدینہ ہفتم ماہ عید روز کشا سال ۱۲۶۶ھ ہجری مطابق ۱۶ ماہ اگست ۱۸۵۰ء این تسطیر بہ تحریر رسید"

پنسل سے یہ عبارت لکھی ہوئی ہے۔

"این کتاب تفہیم بدویم ستمبر ۱۸۵۰ء دوشنبہ بمقام دہلی بمقابلہ مرزا عاشق بیگ ولد مرزا اکبر بیگ مہندس دہلوی و میر حسن صاحب از مقابلہ منقول عنہ فراغ یافت۔ (نیر رخشان)

اصل کتاب از کتاب خانہ پسر ملا فیروز بن ملا کاؤس پارسی بمبئی معرفت صاحب سکرتر اعظم رسیدہ بود کہ صحیح و مقابلہ نمودہ ملاے مذکور بود کہ اعلم علماے پارسیان بود۔ نیرؔ"

یہ نسخہ چونکہ واضح لکھا ہوا ہے اس مین ۳۹۶ صفحے ہین۔ مضامین کی فہرست

بقیہ صفحات ذیل میں لکھی جاتی ہے۔

۳-۲۶	فن حساب	۲۶-۴۶	فن ہندسہ
۴۶-۱۶۴	فن معرفت تقویم	۱۶۴-۲۱۴	فن ہیئت
۲۱۴-۳۹۶	مسائل متعلق فن نجوم		

یہ رسالہ نہایت سہل پیرایہ مین سوال و جواب کی صورت مین لکھا گیا ہے - نہایت دشوار مسائل چھوڑ دیے ہین اور مبتدی کی آسانی کے لیئے شکلون اور نقشون کو کثرت سے استعمال کیا گیا ہے جیسا کہ ناظرین کو رسالے کی ابتدائی عبارت سے معلوم ہوا ہوگا' یہ رسالہ بیرونی نے ایک خاتون کے واسطے (جس کا نام ریحانہ بنت الحسن تھا اور جو بیرونی کی ہم وطن تھی) لکھا تھا -

خواتین اسلام کی فہرست مین ریحانہ' موصوفہ کا نام بحیثیت شایق علوم ہونے کے اضافہ کیے جانے کے قابل ہے - بلاشبہہ ریحانہ کی مثال اُس زمانے کے علمی شوق اور مسلمانون کی تعلیمی حالت پر گہری روشنی ڈالتی ہے مین اسے محض اتفاقیہ مثال ماننے کے لیے بالکل آمادہ نہین ہون بلکہ مجھے یقین واثق ہے کہ چوتھی پانچوین صدی کے روشن علمی دور مین خواتین اسلام بھی علم کی ویسی ہی دلدادہ تھین جیسے مرد اُس زمانے کے مردون اور عورتون کی حالت بلاشبہہ ہماری موجودہ تعلیمی حالت سے بالکل جداگانہ تھی، اور بلاخوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ ہماری تعلیمی ترقی بجائے اس کے کہ غیرون کی مثال کی محتاج ہو قومی روایات کی زیادہ محتاج ہے -

نجوم کے حصّے کو چھوڑ کر، جس میں فی زمانناد لچسپی نہیں لیجا سکتی، کتاب کے باقی تمام حصّے نہایت قیمتی اور کارآمد معلومات سے معمور ہیں اور میرا خیال ہے کہ اُن کی اشاعت مفید اور دلچسپ ثابت ہوگی۔ اگر فرصت ملی تو کتاب التفہیم کے وہ مقالات، جو تاریخی اہمیت رکھتے ہین، کسی وقت ضرور شائع کراؤنگا۔ انشاءاللہ

۱۲۔ قانون مسعودی۔ ۵ نسخے۔ (۱) بوڈلین لائبریری آکسفورڈ (۲) برلن لائبریری۔ (۳) برٹش میوزیم۔ (۴) امپیریل لائبریری کلکتہ۔ (۵) لٹن لائبریری مدرسۃ العلوم علی گڈھ

بوڈلین کا نسخہ سب سے پُرانا نسخہ ہے اور اس کی کتابت کا زمانہ ۴۷۵ہجری یعنے بیرونی کی وفات سے ۳۵ سال بعد کا زمانہ ہے۔ اس نسخے کے کچھ اجزا کے فوٹو مدرسۃ العلوم کی لائبریری کے واسطے منگائے گئے ہین کتاب کا ابتدائی حصہ مفقود ہے اُس موقع پر جہان قانون کا اخیر مقالہ ختم ہوتا ہے کاتب نے لکھا ہے کہ مین مصنف کے اصل نسخہ سے فلان تاریخ کو مقابلہ کر کے فارغ ہوا۔ یہ نسخہ نہایت بیش بہا چیز ہے اور قانون مسعودی کی تصحیح اور اشاعت مین اس سے بہت کچھ مدد ملے گی۔

برٹش میوزیم کے نسخے کی تاریخ ۵۷۰ہجری ہے اور یہ بوڈلین کے نسخے سے سو سال بعد کا ہے مدرسۃ العلوم کی لائبریری مین اس وقت دو نسخے ہین۔ پہلا کچھ زیادہ پُرانا نہین ہے اور صحت وغیرہ کی حالت بہت ناقابل اطمینان ہے۔ تقطیع ۱۲+۸۔ انچ سے کچھ زیادہ ہے اور تقریباً ساڑھے چھ سو صفحے ہین۔

دوسرا نسخہ ایک بے نظیر نسخہ ہے جس کی صحت لائق اعتماد ہے۔ اس کی تقطیع پہلے نسخے سے چھوٹی اور خط گنجان اور باریک ہے، جیسا کہ بالعموم پانچوین صدی مین ممالک مشرق مین رائج تھا۔ کل اوراق کی تعداد ۲۳۹ ہے۔ اوراق ۹۱-۹۰-اور ۱۲۱-۱۳۱ کسی قدر بعد کے لکھے ہوئے ہین۔

نسخہ ہذا کے خاتمے پر عبارت ذیل مرقوم ہے۔

"تمت المقالۃ الحادیۃ عشر من قانون المسعودی وتم بتمامہا الکتاب والحمد للہ رب العالمین والصلوۃ علی محمد وآلہ اجمعین وفرغ من تسویدہ ابوالفتح نصر بن محمد بن ہبۃ اللہ فی سلخ ربیع الآخر سنۃ اثنتی وستین وخمس مائۃ والموافق بروز آبان من ماہ اسفندارمن سنۃ ست وخمسین مائۃ۔ حامد للہ سبحانہ تعالیٰ ومصلیا علی نبیہ محمد وآلہ"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب ہذا کو ابوالفتح نصر بن ہبۃ اللہ نے ربیع الآخر ۵۶۲ہجری مین تحریر کیا تھا۔ اس طرح پر یہ نسخہ بیرونی کی وفات سے سوا سو بعد کا لکھا ہوا ہے۔ علاوہ برین کتاب ہذا کے صفحہ اولین کی طرف سادہ پر خوشخط خط نسخ مین مطلا طغری[۳] کے نیچے مرقومۂ ذیل عبارت تحریر ہے۔

"من عواری الزمان دخل فی نوبۃ العبد الجانی افقر خلق اللہ تعالیٰ الیہ اوحد بن اسعد بن بہرام المستوفی البیہقی ختم اللہ لہ بالخیر"

---

۲ یہ نسخہ دراصل کلکتہ کی امپیریل لائبریری کی ملکیت ہے لیکن فی الحال مدرسۃ العلوم کی لائبریری مین موجود ہے اور جس وقت تک ضرورت سمجھی جائے گی یہین رہے گا ۔۱۲

۳ یہ نہایت عمدہ طغری ہے اور اس مین "کتاب المسعودی" لکھا ہوا ہے۔ ۱۲

والحسنی ویسر آمالہ فی الاولی والاخریٰ بحق اصوب بلنہم استخرج من کنان
کنانہ وابہی تاج توج بہامہ تہامہ فی شہر شعبان المعظم من شہور سنہ
ثمان عشرہ وثمان مائۃ من الہجرۃ النبویہ المصطفویہ والحمد للہ اول وآخر"

یہ عبارت ظاہر کرتی ہے کہ ۸۱۸ ہجری مین یہ نسخہ ایک صاحب اوحد بن اسعد بہرام البیہقی کے پاس پہونچا۔ دو مہرین بھی اسی جانب لگی ہوئی ہین جس مین "فاضل خان بندہ شاہجہان لکھا ہے" اس کے علاوہ دو چھوٹی مہرون کے نشان اور مختلف خطون مین کچھ عبارتون کے علامات بھی ہین جو اس بری طرح مٹ گئی ہین کہ پڑھی نہین جا سکتین۔ قانون مسعودی ہیئت مین بے نظیر تالیف ہے اہل عرب نے اس فن مین جو حیرت انگیز ترقی کی تھی اُس کا غالباً بہترین ثبوت قانون مسعودی کو سمجھنا چاہیے۔ کہا جاتا ہے کہ اس مین بعض ایسے مسائل پائے گئے ہین جن کا انکشاف سترھوین صدی مین اہل یورپ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے[۹۴]۔

ڈاکٹر جوزف ہارووڈلٹس صاحب، جو عربی کے مشہور جرمن اسکالر اور چندے پیشتر مدرسۃ العلوم علی گڈھ کے پروفیسر تھے قانون مسعودی کی اشاعت کا اہتمام کر رہے تھے۔ افسوس ہے کہ پروفیسر موصوف کے کالج سے علیحدہ ہو جانے کے بعد سے یہ سارا منصوبہ ہی درہم برہم ہو گیا۔ اب دیکھیے کب تک اہل علم کو اس کتاب کی اشاعت کا انتظار کرنا پڑے۔

---

۹۴ (دیکھو کامریڈ مورخہ ۱۷ مئی ۱۹۱۳ء صفحہ ۳۷۱)۔

(۴)

جب ہم بیرونی کی تالیفات کے تذکرے مین مصروف تھے، تو معلوم ہوتا تھا کہ گویا ہماری متخیلہ نے ہمین کسی پرانے بیت الحکمت کے کتب خانے مین لا کھڑا کیا ہے، جہان ہر کتاب کا نام ہمین چونکا دینے والا ثابت ہوتا ہے اور بیساختہ دل چاہتا ہے کہ ان دلفریب کتابون مین سے ایک ایک کو نکال کر گرد و غبار سے پاک و صاف کیا جائے اور روز روشن مین ایک ایک ورق لوٹ کر دیکھا جائے کہ لکھنے والے نے ان مین کیا لکھا ہے، لیکن دستِ تمنا دراز ہو کر جس کتاب پر پڑتا ہے وہ خاک ہو کر ہاتھ مین رہجاتی ہے اور آرزومند دل کو کفِ افسوس ملنے کے سوا کوئی چارہ نظر نہین آتا۔

اللہ رے گردش زمانہ! بیرونی کی ساری عمر کی جمع کی ہوئی دولت کا دسوان حصہ بھی باقی نہ رہ سکا۔ کیا اس کی ہفتاد سالہ جد و جہد کا یہی انجام ہونا چاہیے تھا کہ حرف غلط کی طرح دنیا سے اُس کا نام مٹانے کی کوشش کی جاتی۔ کیا وہ رات دن اپنی دُھن مین مٹ جانے والا ایک آن کے لیے بھی یہ سوچتا تھا کہ ابنائے دہر کی ناقدر شناسی سے اُس کے ثبت کیے ہوئے نقوش پر اسطرح پانی پھر جائے گا۔ شہرزوری نے لکھا ہے کہ "بجز نوروز اور مہرجان کے دو دن کے سال بھر مین کسی وقت بیرونی کا ہاتھ قلم سے، اُس کی آنکھین دیکھنے سے اور اُس کا دماغ غور و فکر سے جدا نہ ہوتا تھا،" آخر یہ انہماک کس لیے تھا؟ اے بیرونی زنگ دہر سے تو ناواقف نہ تھا۔ آثار عتیقہ کی جستجو کے وقت تو نے سب سے

پہلا سبق یہی لیا ہوگا کہ تیرے قائم کیے ہوئے آثار دست برد زمانہ سے محفوظ نہ رہ سکیں گے اور ایک زمانہ آئے گا، جب قدامت پرستوں کا گروہ تیرے باقی ماندہ آثار کو سمیٹنے کے لیے سارے زمانے کی خاک چھانتا پھرے گا۔

اگر متلاشیان آثار عتیقہ کی کوششیں کبھی شکر گذاری کی مستحق ہو سکتی ہیں، تو بلاشبہ جرمن مستشرق ایڈورڈ زاخو کا ہمیں احسانمند ہونا چاہیے کہ اُس نے مدتوں کی تلاش اور برسوں کی دماغ سوزی کے بعد بیرونی کی دو معرکۃ الآرا تصانیف آثار الباقیہ اور کتاب الہند کو اس اہتمام کے ساتھ شائع کرادیا ہے اور اُن کے انگریزی اور جرمن ترجمے بھی طبع کرائے ہیں، تاکہ وہ لوگ جو اصل تصانیف کو نہیں پڑھ سکتے، ترجموں ہی کے ذریعہ سے بیرونی سے تعارف حاصل کرلیں۔ چونکہ یہ دونوں کتابیں ہر شخص کو دستیاب ہو سکتی ہیں اور ہم بھی اُن کے متعلق پوری معلومات رکھتے ہیں، غالباً یہ نامناسب نہ ہوگا کہ یہاں اِن کتابوں پر مفصل تبصرہ و تقریظ لکھی جائے تاکہ ناظرین اپنے مطالعہ سے پہلے ان کی قدر وقیمت کا اندازہ کرسکیں۔

کتاب آثار الباقیہ، بیرونی کے قیام جرجان کی یادگار ہے۔ اس بیش بہا کتاب کا پورا نام "الآثار الباقیہ عن القرون الخالیہ" ہے جیسا کہ نام سے ظاہر ہوتا ہے اس میں ازمنۂ گذشتہ کے علمی آثار سے بحث کی گئی ہے۔ دیباچے میں کتاب کے مضامین اور طریق تحقیق کا ذکر کیا ہے۔ چونکہ یہ مقام کئی لحاظ سے اہمیت خاص رکھتا ہے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اُسے بجنسہ بیرونی کے الفاظ میں نقل کردیا جائے۔

اما بعد، دوستوں میں سے ایک صاحب نے مختلف قوموں کی تواریخ وسنین کی کیفیت

اُن کے اصول مین اختلاف کی وجہ مجھ سے دریافت کی، یعنے تاریخین کہان سے شروع ہوتی ہین، اور اُن کے حصے، یعنے سال اور مہینے جن پر وہ بنی ہین، کیا ہن۔ علاوہ برین وہ کیا اسباب تھے جن کی وجہ سے یہ اختلاف پیش آیا۔ نیز کون کون سے مشہور تیوہار اور میلے اور یادگار روز مخصوص اوقات اور رسوم وغیرہ ہین، جو مختلف قومون مین رائج ہین۔ صاحب مذکور نے اصرار کیا کہ ان امور کی تشریح ایسی وضاحت کے ساتھ کردو کہ یہ باتین پڑھنے والے کی بخوبی ذہن نشین ہوجائین اور اُسے متفرق کتابون اور گذشتہ مصنفین کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت نہ رہے۔ مجھے معلوم تھا کہ یہ ایک نہایت دشوار اور مشکل الحصول کام ہے، بالخصوص اُس شخص کے لیے جو ان باتون کو اس پیرایہ مین لکھنا چاہیے کہ پڑھنے والے کے دل مین کسی قسم کا شک و شبہہ نہ رہے۔ لیکن مولانا امیر سید الاجل منصور ولی النعم شمس المعالی ادام اللہ قدرتہ کی علو دولت کے طفیل مین مجھے محنت اور کوشش کرنے کی توفیق ہوئی اور مین نے اس پورے مبحث کو اپنی اُن معلومات کی مدد سے جو سماع، عیان یا قیاس سے حاصل ہوئی تھین تحریر کرنا چاہا ....

ان مسائل کی بہترین تشریح کے لیے گذشتہ قومون کے اخبار و روایات جاننے کی ضرورت ہے، اس لیے کہ اُن مین سے اکثر اُن کی باقی ماندہ دینی و دنیوی رسوم پر روشنی ڈالتے ہین۔ یہ مقصد محض عقلی استدلال (استدلال بالمعقولات) یا مشاہدۂ محسوسات پر قیاس کرنے سے حاصل نہین ہوسکتا۔ بلکہ اہل کتب و ملل اور اصحاب الآرا اور ارباب ملل کے جن مین وہ رائج ہین صحیح خیالات سے مطلع ہونے اور ان معلومات کی بنا پر بجاے خود غور کرنے سے یہ گوہر مقصود حاصل ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ اس بارے مین خود ان کے مختلف اقوال اور خیالات کا باہمی مقابلہ ضروری ہے۔

لیکن سب سے پہلے واجب ہے کہ اپنے نفس کو ان عوارض اور اسباب سے خالی

کر لیا جائے جو اکثر لوگوں کو سچائی کے دیکھنے سے اندھا کر دیتی ہیں مثلاً عادت مالوفہ، تعصب، جوش، فیشن، خودغرضی، خیال مقصد برآری وغیرہ وغیرہ - جس طریقے کا میں ذکر کر رہا ہوں یہی گوہر مقصود کے پانے اور شوائب شبہہ و شکوک کے رفع کرنے کا بہترین طریقہ ہے، اس کے بغیر چاہیئے کتنے ہی سخت اعتنا اور کوشش کیجائے ناممکن ہے کہ یہ غرض پوری ہو جائے۔

لیکن اس کو میں مانتا ہوں کہ جو اصول اور طریقے ہم نے مقرر کیے ہیں اُن پر عمل پیرا ہونا سہل نہیں ہے بلکہ بُعد اور صعوبت کی وجہ سے شبہہ ہوتا ہے کہ اُس تک پہونچنا ناممکن ہے۔ وجہ یہ ہے کہ تمام اخبار اور روایات میں بکثرت جھوٹی باتیں داخل ہو گئی ہیں اور ظاہرا یہہ باتیں ناممکنات سے بھی نہیں معلوم ہوتیں کہ انھیں آسانی سے پہچان کر نکال دیا جائے۔ بہر حال ہم نے روایات اور اخبار کو ممکن الوقوع تصور کر لیا اور بطور صحیح روایات کے مان لیا ہے، بشرطیکہ دوسرے شواہد سے اُن کا بطلان نہوتا ہو۔ اس لیے کہ ہم احوال طبیعی میں خود ایسی باتیں دیکھتے ہیں اور ہم سے پہلے بھی لوگوں نے بارہا ایسی باتیں دیکھی ہیں کہ اگر اُن کے مثل پچھلے زمانے کی کوئی روایت ہوتی تو ہم کہہ اُٹھتے کہ یہ تو ناممکن ہیں۔ اس کے سوا عمر انسانی ایک ہی قوم کے اخبار جاننے کے لیے کافی نہیں ہو سکتی پس یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ بے شمار قوموں میں تمام قوموں کے پورے اخبار معلوم ہو جائیں۔ یہ قطعاً ناممکن ہے۔

جب معاملات کی یہ کیفیت ٹھیری تو ہم پر واجب ہے کہ زیادہ قریب کی باتوں سے کم قریب کی باتیں اور زیادہ معلوم شدہ باتوں سے کم معلوم شدہ باتیں اخذ کریں اور جہاں تک ہو سکے انھیں صحیح کر دیں روایات کو ان لوگوں سے ہم پہونچائیں، جن کا تعلق ان روایات سے ہے جہاں تک ہو سکے اِنکی اصلاح اور درستی کی کوشش کریں اور باقی کو اس کے حال پر

چھوڑ دین، تاکہ ہمارے اِس عمل سے طالب حق اور محب حکمت کو دوسرے مضامین کی تحقیقات اور اُن امور کے دریافت کرنے کا موقع ملے، جو ہمین معلوم نہین ہو سکے ہم نے خدا کی مدد سے اسی پر عمل کیا ہے“

تحقیق و تفحص کا جو طریقہ بیرونی نے بتایا ہے اُس پر عمل پیرا ہونے کی اُس نے ہمیشہ کوشش کی ہے اور اُس کی ہر تصنیف کے مطالعہ سے بخوبی ثابت ہو سکتا ہے کہ کس قدر کامیابی کے ساتھ وہ اُس پر کاربند ہوا ہے۔ ہمارے زمانے مین، جو مشاہدۂ تحقیق اور تفحص کا زمانہ کہلاتا ہے، لوگون کا عام طور پر یہ گمان ہے کہ متقدمین کا دارومدار محض ”استدلال بالمعقولات“ پر تھا، اور وہ اصول مشاہدہ و تدقیق سے قطعاً نابلد تھے۔ سولھوین صدی کے اواخر مین لارڈ بیکن (Lord Bacon) نے جدید فلسفۂ تحقیق کا سنگ بنیاد رکھا اور اُس کے زمانے سے بتدریج لوگ تحقیقات علمی کی طرف متوجہ ہوئے بیشک ہمین ماننا پڑیگا کہ یورپ مین بیکن سے پہلے لوگون مین اتنی استعداد نہ تھی کہ وہ اُن اصول کا تصور کر سکتے یا اُن پر کاربند ہو سکتے، لیکن بیکن سے چھ سات سو برس پہلے مسلمان اتنی علمی ترقی کر چکے تھے کہ وہ نہ صرف ان اصول ہی سے پورے طور پر واقف تھے، بلکہ اُن پر چلنے اور عمل کرنے کی بھی کامل صلاحیت اُن مین موجود تھی ہمین کوئی بتائے کہ منطق استقرا جس کے اصول کی تدوین زمانۂ حال کا عظیم الشان کارنامہ سمجھا جاتا ہے۔ بیرونی کو تحقیق و تفحص کے کون سے نئے طریقے بتا سکتی تھی جن سے وہ نابلد تھا۔ اس سے ہمارا یہ منشا نہین ہے کہ ہم زمانۂ حال کی بلند پایہ علمی کوششون پر پانی پھیرنا چاہتے ہین بلکہ مقصود صرف اتنا بتا دینا ہے کہ ہمارے

زمانے کے لوگ، بالخصوص یورپ کے محقق اور اُن کے مقلد، اپنے یہان کے علمی کارگذاریون کو تو فلک الافلاک تک پہونچا دیتے ہین، اور دوسرون کی کوششون کا ذکر کرنے مین اکثر سرد مہری اور بے اعتنائی سے کام لیتے ہین۔ یہی عوارض ہین جن سے بچنے کی بیرونی نصیحت کرتا ہے اور اس نصیحت پر عمل کرنے کی آج بھی ایسی ہی ضرورت ہے جیسی نو سو سال پہلے تھی۔

آثار الباقیہ کے مضامین کی وسعت معلوم کرنے کے لیے ہم ذیل مین اُس کے مباحث کا خلاصہ درج کرتے ہین اور آگے چل کر چند دلچسپ اقتباسات بھی دین گے جن سے بیرونی کے انداز تحقیق کا حال معلوم ہو سکے گا۔

دیباچہ، سبب تالیف اور کتاب کا طریق تحقیق

(۱) ۔ دن اور رات کی ماہیت، ان کی مجموعی حیثیت اور آغاز و ابتداے یوم کا ذکر دن رات (الیوم بلیلہ) کی تعریف، مختلف قومون مین ابتداے روز غروب آفتاب طلوع آفتاب، دوپہر یا آدھی رات سے ہوتا ہے۔ کن کن قومون مین کس وقت سے دن کا شروع سمجھا جاتا ہے۔ رات اور دن اور یوم الصوم (روزے کے دن کا طول)

(۲) ۔ سالون اور مہینون کا ذکر، پورے سال کی درازی، شمسی سال کا ذکر قمری سال کا ذکر۔

(۳) ۔ تواریخ (سنین) کی ماہیت اور اس بارے مین قومون کے اختلافات تاریخ (سنہ) کی تعریف، آغاز کے اسباب، وہ سنہ جو انسان کی پیدایش سے شروع ہوتا ہے

انسان کی پیدائش کے متعلق اہل فارس، یہود، اور عیسائیون کے خیالات۔ یہود اور عیسائیون کی روایات کی علمی تنقید۔ تورات اور اناجیل کے مختلف نسخون اور اُن مین اختلافات کا ذکر۔ طوفان نوح کی تاریخ کے متعلق بحث جس مین طوفان کی تاریخ بروایات یہود، عیسائی، اور منجمین بیان کرکے سب کو قطعاً ناقابل اعتبار قرار دیا ہے اور دکھایا ہے کہ ان روایات کی بنا پر نہ طوفان کی حقیقت پر کچھ روشنی پڑ سکتی ہے اور نہ اُس کی تاریخ پر۔

تواریخ بختنصر، فیلفس، اسکندر، قیصر اغسطس، انطونینس، دقلطیانوس ہجرت یزدجرد معتضد، اور تواریخ قدماے عرب و قدماے خوارزم کا تذکرہ۔

ب۴ ذی القرنین کے متعلق مختلف اقوال و روایات۔

ب۵ تواریخ مذکورہ مین کیا کیا مہینے استعمال ہوتے ہین اور اُن مہینون اور ان کے دنون کے کیا نام ہین۔ فارسیون، سغدیون، خوارزمیون، قدیم مصریون، مغربیون اور یونانیون کے مہینون کا ذکر۔ عبرانی تقویم اور مہینون کے بارے مین طولانی اور دقیق بحث، ہلال کے طلوع کے متعلق یہود کے خیالات، اہل شام، قدماے عرب قدماے مصر، اہل ثمود کے مہینے اور دنون کے عربی نام۔ ماہ رمضان کی مقدار اور المعتضد کے اصلاح شدہ تقویم کے مہینے۔ خلاصہ جدول الشہور۔

ب۶ ایک تاریخ کو دوسری تاریخ سے کیسے نکالا جائے۔ ملوک اور اُن کی مدت حکومت کے حالات باختلاف آرا۔ جدول اولاد حضرت آدم بہ اختلاف یہود و نصاریٰ تبصرہ و تنقید۔ جداول مدبرین، ولاۃ، کاہنین، قضاۃ قبل و بعد عمارت بیت المقدس انسان کی مدت عمر کے متعلق منطقی بحث اور عجائب طبیعی کا ذکر آشوری بابلی، کالدی

قبطی، مقدونی، رومی بادشاہون کی تاریخی جدولین۔ ملوک نصرانیہ قسطنطنیہ کی جدولین، اہل فارس کی تواریخ ملوک۔ پیشدادیون، کیانیون اور ساسانیون کے متعلق متعدد جدولین حسب اختلاف روایات۔ مختلف تواریخ کا مقابلہ بر سے حساب ایام۔۔ حساب شطرنج، اور ایک تاریخ کا دوسری تاریخ سے برآمد کرنا۔

ب ادوار اور تقوفات[1] (یعنے سال کا وہ مقام جہان سے آغاز سال شمار کیا جاتا ہے) موالید سنین و شہور، اُن کی کیفیتون اور یہودی اور دیگر سنین کے کبائس[2] کا ذکر سیارون، کواکب، سبعہ اور بروج کے نام عربی، رومی، فارسی، سُریانی، عبرانی، ہندی اور خوارزمی زبانون مین۔ کس طرح کسی تاریخ کے آغاز کا پتہ لگایا جاتا ہے۔

یہ باب آثار کا نہایت دشوار باب ہے۔

ب مدعیان نبوت اور اُن کی است کی تاریخین۔ بُدھ، مانی، مزوک بن ہمداد، مسیلمہ، بھافریذ بن ماہ فرودذین، ہاشم بن حکیم المعروف بہ ابن المقنع، حسین بن منصور حلاّج، ابن ابی زکریا الطمّامی اور ابن ابی الغراقر کے حالات۔

افسوس ہے کہ یہ قیمتی باب موجودہ نسخون مین ناکمل ہے۔ زردشت کے حالات اس مین نہین پائے جاتے اور ابن ابی الغراقر کے حال مین صرف ایک دو فقرے باقی رہ گئے ہین۔ اگلے یعنے نوین باب کے ابتدائی مضامین نہین ہین اور اس طرح یہ باب بھی غیر مکمل ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیچ کے اوراق دیا ابواب) گم ہوگئے اور نقل کرنے والون نے مجبوراً جتنا موجود تھا بتمام و کمال نقل کر لیا۔

[1] انگریزی مین (year point) کہتے ہین

[2] انگریزی مین (Leap year) کہتے ہین۔

ب۹ اہل فارس کے عید تیوہارون کا ذکر۔

ب۱۰ اہل سغد کی عیدون وغیرہ کا ذکر۔ منازل قمر کی جدول بلغت سغد وخوارزم

ب۱۱ اہل خوارزم کی عیدون کا ذکر۔

ب۱۲ خوارزم شاہ کی تقویم خوارزم کی اصلاح کا ذکر۔

ب۱۳ تقویم یونانی کے ایام کا تذکرہ، جیسا کہ یونانی اور دوسری قومون کے بیانات سے ظاہر ہوتا ہے۔

ب۱۴ یہود کے مشہور دنون اور عیدون کا بیان۔

ب۱۵ سُریانی مہینون کے مشہور عیدون، تیوہارون کا ذکر جو عیسائیون کے فرقہ ملکیہ مین رائج ہین۔

ب۱۶ عیسائیون کے اُن روزون، عید تیوہارون وغیرہ کا ذکر جن کے متعلق تمام عیسائی فرقے اتفاق رکھتے ہین۔

ب۱۷ نصارائے نسطوریہ کی عیدون، روزون اور دوسرے مشہور دنون کا ذکر

ب۱۸ قدیم مجوسیون کی عیدون اور صابئین کے روزون اور عیدون کا بیان۔

ب۱۹ عربون کی اُن عیدون کا ذکر جو ایام جاہلیت مین رائج تھین۔ فصلون (یعنے موسمون) کی جدول باختلاف آراء۔

ب۲۰ مسلمانون کی عیدون اور مشہور ایام کا ذکر۔

ب۲۱ منازل قمر طلوع وغروب اور چاند کی مختلف صورتون کا ذکر۔ اسی باب مین مختلف موسمی ہواؤن، اُن کی تعداد اور اختلاف سے بحث کی گئی ہے اور منازل قمر کے احوال کی جدول دی ہے اور اُن ۴۸۔ کواکب کے مقامات کی فہرست

بیان کی ہے جہان سے ہو کر چاند گذرتا ہے۔ اخیر مین تسطیح اور ستارون کے نقشے بنانے کا حال بیان کیا ہے اور لکھا ہے کہ اس بارے مین اس وقت تک کوئی کتاب موجود نہ تھی۔

غرض یہ فہرست ہے بیرونی کی آثار الباقیہ کے مضامین کی۔ لیکن محض اس فہرست کے اوپر سرسری نظر ڈال لینے سے کتاب کی خوبیون کا پورا اندازہ ہونا دشوار ہے۔ اس کتاب کو دیکھ کر ایک مبصر کو حیرت ہوتی ہے کہ سوا نو سو سال پہلے کس طرح کوئی مصنف ایسے عالمانہ اور محققانہ طور پر اس پایہ کی تصنیف کر سکتا تھا کسی مضمون کے متعلق تمام روایات کو جمع کرنا تنقیدی نظر سے اُس کے ہر پہلو کو جانچنا، ہر ایک کی صحت و عدم صحت کی پوری تحقیقات کے بعد صحیح فیصلہ صادر کرنا بیرونی کے آثار کے ایسے عام خصائص ہین جو اُس کی تصنیف کو دیگر تصانیف سے ممتاز کرتے ہین۔ جابجا ریاضی و حساب کی مدد سے معاملات کو پرکھا ہے اور موشگافی کے عجیب عجیب طریقون سے کام لیا ہے۔

اس مین شبہہ نہین کہ الیسی کتاب کی تالیف کی غرض سے بیرونی کو بیشمار کتابین دیکھنی پڑی ہون گی، لیکن جو باتین بیرونی نے آثار مین جمع کی ہین اُن کے تفحص کے لیے محض کتابون سے کام نہین چل سکتا تھا۔ جابجا ہم دیکھتے ہین کہ آثار کے مصنف نے اپنی ذاتی معلومات سے بہت سے نئے امور جمع کیے ہین مثال کے طور پر اہل فارس، اہل خوارزم اور اہل سغد کو لیجیے، جن کے قومی اور مذہبی قوانین مراسم اور عقائد کے متعلق آثار مین بیش بہا معلومات جمع کی گئی ہین۔ بیرونی کے زمانے مین

عجمیون کے متعلق اسلامی علم ادب مین کافی تالیفات موجود تھین، لیکن کتاب کے دیکھنے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اکثر مسالا خود بیرونی کا جمع کیا ہوا ہے۔ ایران وخوارزم مین اُس وقت تک مجوسی کافی تعداد مین موجود تھے۔ یہ لوگ اکثر دیہات مین رہتے تھے اور دہقان کہلاتے تھے۔ ان لوگون کا ملکی اقتدار تو مدتون سے جا چکا تھا لیکن اب اُن مین علمیت بھی مفقود تھی۔ مذہب اور رسم ورواج کی محض کورانہ تقلید کرتے تھے اور اُن سے کسی معاملے کی حقیقت جاننے کی امید کرنا فضول تھا۔ بیرونی کی محققانہ کوششون کا شکرگذار ہونا چاہیے کہ اُس کی بدولت ہمین آج سے ہزار سال پہلے کے ایک ایسے فرقے کے مستند حالات معلوم ہوسکتے ہین جن کا نام و نشان بہت جلد اُن ملکون سے ہمیشہ کے لیے مٹنے والا تھا۔ بیرونی نے آتش پرستون کی نہایت عمدہ تقویم، عید نوروز اور تیوہارون کی فہرست اور کیفیت آثار مین تحریر کی ہے جو فی زمانا نہایت قابل قدر چیز ہے۔

کچھ مجوسیون ہی پر موقوف نہین ہے، یہودی تقویم کے متعلق بھی ایسی ہی مکمل معلومات کا ذخیرہ آثار مین موجود ہے۔ نسطوری وغیرہ عیسائی فرقون کے متعلق بھی جو کچھ لکھا ہے، قابل قدر ہے، خوارزمی، یونانی اور اسلامی تقویمون پر محققانہ ابواب لکھے ہین۔ علاوہ ازین شاہان قدیم کی فہرستین بڑی جانفشانی سے جمع کی ہین۔ غرض جس پہلو سے دیکھیے ایک بے نظیر دماغ کی کاوشون کے آثار ظاہر ہوتے ہین۔

اگرچہ ہین تو خاص دلچسپی کے مقامات بھی "آثار" مین سے کثیر تعداد مین جمع ہوسکتے ہین لیکن بنظر اختصار یہان پر صرف چند غور طلب اقتباسات درج کیے جاتے ہین۔

جن سے بیرونی کی ذہنی حالت پر گہری روشنی پڑتی ہے۔
فی زماننا قدامت انسان کا مسئلہ دنیائے علم کا ایک مسلم مسئلہ ہے، اور حکمائے عہد نسل انسان کے آغاز کو اب سے لاکھوں برس پہلے ثابت کرتے ہیں۔ لیکن یاد رکھنا چاہیے کہ ہمارے زمانے میں اس قسم کے خیالات کی ابتدا ہوئے سو برس بھی نہیں گذرے۔ چند سال پیشتر تک علمائے مغرب بالعموم پیدایش انسان کو مسیح کی ولادت سے صرف چار ہزار چار سال پہلے تصور کرتے تھے اور اس وقت بھی بیشمار لوگ ایسے موجود ہوں گے جو کتب مقدسہ (یعنے اناجیل و تورات) کی بنا پر اس تاریخ کو ناقابل تردید تصور کرتے ہونگے۔ آج سے ہزار سال پہلے مسلمانوں میں بھی (ہمارے زمانے کے مسلمانوں کی طرح) یہود و نصاریٰ اور مجوسیوں کے عقائد اور تاریخی روایتیں نہایت کثیر تعداد میں مسلم تھیں اور منجملہ دیگر امور کے نسل انسان کے آغاز کو صرف چند ہزار برس پہلے مانا جاتا تھا۔ لیکن بیرونی نے اس بارے میں جو کچھ لکھا ہے وہ موجودہ زمانہ تحقیق میں خاص دلچسپی سے پڑھا جائے گا۔

"امور قدیمی میں سب سے زیادہ مشہور بات انسان کا عالم وجود میں آنا ہے، لیکن اہل کتاب یعنے یہود و نصاریٰ اور مجوس وغیرہ میں اس کی کیفیت اور ابتدا کے متعلق ایسا اختلاف ہے کہ تواریخ میں اس قسم کے اختلاف کو کبھی روا نہیں رکھ سکتے، ابتدائے خلق اور قرون سابقہ کے علم کے متعلق جتنی باتیں ہیں وہ بُعد وقت اور امتداد زمانہ کے باعث غلط امور سے بھری ہوئی ہیں اور محتاط سے محتاط شخص بھی اُس عہد کے امور کے حفظ اور ضبط سے عاجز ہے۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے الم یاتھم نبا الذین من قبلھم لایعلمھم الا اللہ یعنے کیا ان لوگوں کے پاس اُن لوگوں کی جو ان سے پہلے ہوئے ہیں کہانیاں نہیں ہیں۔ سوائے خدا کے انھیں کوئی نہیں جانتا۔ لہذا

اولےیہی ہے کہ ایسے امور مین کسی قول کو قبول نہ کیا جائے تاوقتیکہ اُس کی صحت کتاب معتمد یا خبر صحیح سے جس کی تصدیق شرائطِ ثقہ او رظن اغلب سے ہوتی ہو، نہ ہو جائے " (آثار صفحہ ۱۳-۱۴)

آگے چل کر یہود کی تاریخی روایات کی ناقابل اعتماد حالت نہایت شرح وبسط کے ساتھ دکھا کر بیرونی لکھتا ہے۔

"یہ کچھ تعجب کی بات نہین ہے کہ ایسا اختلاف ایک ایسی قوم کی روایات مین پایا جاتا ہے جو کئی مرتبہ قید اور جنگ کی مصیبتین اُٹھا چکی ہے۔ اقرب واولی قیاس یہی ہے کہ بنی اسرائیل دوسرے معاملات مین پھنس گئے اور اپنی تاریخی روایات کو برقرار نہ رکھ سکے خصوصاً ایسی مصیبت کی حالت مین "جب ہر ایک عورت جو اپنے بچے کو دودھ پلاتی تھی اپنے بچے کو بھول گئی اور حاملہ عورتون کے حمل گر گئے" (سورہ ۲۲- آیت ۲) اس کے علاوہ حکومت اور ریاست ایک قبیلے مین نہین رہی تیسرے حکومت اور ریاست ایک قبیلے سے دوسرے قبیلے کو ایسی ترتیب کے ساتھ نہین پہونچی کہ اُن کے حکمرانون کی تاریخین وغیرہ صحیح طور پر محفوظ رہ سکتین الخ (آثار صفحہ ۸۲)

جو لوگ عہد عتیق کے متعلق موجودہ تنقیدِ تاریخی سے آگاہ ہین وہ بلاشبہ بیرونی کی ژرف نگاہی کی داد دین گے۔

چوتھے باب مین بیرونی نے ذی القرنین کے متعلق مختلف روایات بیان کی ہین۔ اُس کے بعد لکھتا ہے۔

"عمر بن الخطاب رضؓ نے جس وقت لوگون کو ذوالقرنین کی بابت بحث کرتے دیکھا تو کہا، کیا تمھارے لیے یہ کافی نہ تھا کہ انسانون کے حالات مین غور کرتے کہ تم دوسری بحث مین پڑ گئے اور (انسانون سے گذر کر) فرشتون کے حدود مین جا داخل ہوئے" (آثار صفحہ ۴۰-۴۱)

عجیب وغریب اور فوق العقل روایات کو اس طرح مسترد کرنے کے بعد بیرونی نے بعض

لوگون کی اس رائے کی تائید کی ہے کہ ذوالقرنین یمن کے قدیم بادشاہون مین سے ایک بادشاہ کا نام ہے اور ثبوت مین یہ دلیلین پیش کی ہین کہ یمن کے قدیم بادشاہون کے اکثر نام لفظ "ذو" سے شروع ہوتے ہین مثلاً ذوالمنار، ذوالاذار وغیرہ اور نیز یمن کی بعض روایات ذوالقرنین کی حکایات سے ملتی جلتی ہین۔ آگے چل کر سد سکندری کے متعلق جو روایات مشہور ہین اُن کی عدم صحت کو ظاہر کیا ہے۔ الغرض یہ باب غور سے مطالعہ کرنے کے قابل ہے۔

اسی طرح اور بہت موقعون پر مافوق الفطرۃ اور ناممکن الوقوع امور کی محققانہ تردید کی ہے۔ مثلاً ذیل مین کس ظرافت اور لطف کے ساتھ اس قسم کے بیانات کا خاکہ اُڑایا ہے۔

"کعب الاحبار نے بیان کیا ہے کہ تاریخ ۱۷ کانون یوشع بن نون کے لیے ایک روز جب کہ آسمان پر بادل گھرا ہوا تھا، سورج پورے تین گھنٹے حرکت سے رُکا رہا۔ اسی طرح شیعون مین جہلا امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کے بارے مین ایک روایت بیان کرتے ہین۔ اب اگر سوال کیا جائے کہ یہ حکایات صحیح ہین یا غلط تو ہم یہ کہین گے کہ جن پر کوئی مصیبت نازل ہوتی ہے اُنھین گھڑیان بہت لمبی معلوم ہوتی ہین اور خیال ہوتا ہے کہ رہائی کا وقت نہایت آہستہ آہستہ آتا ہے۔ مثلاً علی بن الجہم نے جب وہ غزوۃ الروم مین گیا تھا ایک رات جس وقت زخمون اور تکان سے چور چور تھا کہا تھا۔

اُسال بالصُّبحِ سَیلُ	ام زید فی اللّیل لیلُ
یعنے کیا کوئی سیلاب صبح کو بہا لے گیا	یا کوئی دوسری رات اس رات مین ملا دی گئی

بعد مین جس وقت رہا ہوا تو اس واقعہ کے متعلق برابر اُس کے دماغ مین اوہام باطلہ موجود رہے)

ایسا ہی واقعہ گاہے گاہے رمضان مین پیش آجاتا ہے جب دن کے اخیر حصے مین بادل اور اندھیرا ہوتا ہے۔ لوگ روزہ کھول ڈالتے ہین اور تھوڑی دیر بعد جب مطلع تھوڑا بہت کھلتا ہے تو سورج آسمان پر چمکتا ہوا نظر آتا ہے،، (آثار صفحہ ۲۴۸-۲۴۹)

بیرونی دُنیا کے اُن حکما مین سے ہے جو قوانین قدرت کے استحکام اور یکرنگی پر مضبوط اعتقاد رکھتے ہین۔ غیر واقعی اور ناممکن الوقوع اُمور اُس کی نظر مین کبھی قابل قبول ثابت نہین ہوتے۔ چنانچہ ایک جگہ لکھتا ہے۔

،، ۵ و ۶ کانون (دسمبر) لوگ کہتے ہین کہ ۶ تاریخ کو ایک وقت ہوتا ہے جب کھاری پانی تمام صفحۂ زمین پر میٹھا ہو جاتا ہے۔ پانی کی تمام خاصیتین اُس زمین پر منحصر ہوتی ہین جہان سے اُس کا گذر ہوتا ہے یا جہان وہ ٹھہرا رہتا ہے۔ یہ خاصیتین غیر متغیر ہین اور اُس وقت تک نہین بدلتین جب تک کوئی اور باعث حائل نہو جائے۔ لہذا یہ قول کہ اس وقت یہ پانی میٹھا ہو جاتا ہے بالکل بے بنیاد ہے۔ متواتر تجربہ و مشاہدہ سے اس کلام کی بے بنیادی کا پردہ فاش ہو جائے گا اس لیے کہ اگر پانی میٹھا ہے تو کچھ مدت تک میٹھا رہے گا۔ ہان اگر تم اس وقت یا کبھی کھاری پانی کے کنوئین مین چند سیر موم ڈال دو تو ممکن ہے کہ اُس کا کھار کچھ کم ہو جائے گا۔ اصحاب التجارب (اہل تجربہ) نے بیان کیا ہے کہ اگر تم ایک ہلکی سی شمع موم کی بنا کر سمندر کے پانی مین اس طرح رکھدو کہ اُس کا مُنھ (سطح آب سے) اوپر ہو تو برتن مین جو پانی ہوگا وہ میٹھا ہو جائے گا۔ اگر تمام کھاری پانی مین اتنا میٹھا پانی مِل جائے کہ کھار جاتا رہے تب ایسا وقوع مین آسکتا ہے۔ اس کی مثال تنیس نامی جھیل سے ظاہر ہوتی ہے اُس کا پانی خریف اور موسم سرما مین میٹھا ہوتا ہے لیکن اور موسمون مین کھاری ہو جاتا ہے اس لیے کہ دریاے نیل کا پانی اُس مین بہت کم داخل ہو سکتا ہے،،

(آثار صفحہ ۲۵۰)

لیکن جہان قوانین قدرت کی مضبوطی کا پورے طور پر معتقد ہے وہان اُس کی رنگارنگ کیفیتون اور پیچیدہ ولاینحل حالتون کا خیال بھی اس کے دماغ مین موجود رہتا ہے ۔ وہ بخوبی جانتا ہے کہ موجودات مین اکثر اوقات ایسی طبیعی کیفیتین ظہور پذیر ہوتی ہین جو بادی النظر مین ممکنات سے خارج معلوم ہوتی ہین اور جن کے اسباب وعلل کے معلوم کرنے سے اکثر انسانی عقل عاجز رہجاتی ہے ۔ بنا برین عجائب طبیعی کے حقایق پر غور کرنا ، اور اسباب وعلل کا نکالنا ایک ایسا کام ہے جس کی انجام دہی کے لیے بڑی ژرف نگاہی ۔ اور موشگافی درکار ہے عجائب طبیعی پر بیرونی جس تعمق کے ساتھ نگاہ ڈالتا اور اُن کے قدرتی اسباب وعلل کو نکالنے کی کوشش کرتا ہے اُسے دیکھ کر ہمین بے حد حیرت ہوتی ہے اور بمشکل یقین آتا ہے کہ اس کامیابی کے ساتھ متقدمین حکماے اسلام مسائل طبیعی کے حل کرنے کی استعداد رکھتے تھے ۔ ایک جگہ بیرونی نے دریاؤن اور پانی کے چشمون وغیرہ سے بحث کی ہے ، جہان قدرتی اسباب اور طبیعی وجوہ کا کھوج لگایا ہے ۔ یہ ایک نہایت دلچسپ بحث ہے اور میرے خیال مین غیر معمولی تاریخی اہمیت کی مستحق ہے ۔ جو لوگ مسائل طبیعیات مین دلچسپی لیتے ہین وہ خاص کر اس طویل بحث کو غور اور شوق کے ساتھ مطالعہ کرین گے ۔

۲۸ - نیسان - مصر مین تیز ہوا ، اذکس مین بارش ، سنان نے اپنے تجارب کی بنا پر اس تاریخ مین مینھ برسنے کا ذکر کیا ہے ۔ لوگ کہتے ہین کہ اس روز جنوبی ہوا چلتی ہے اور دریا اور چشمے چڑھنے شروع ہوتے ہین ۔ دریاؤن کا اس زمانے مین چڑھنا تمام دریاؤن کے حق مین درست نہین ہے ۔ بلکہ اس لحاظ سے دریاؤن کی کیفیت مین بڑا اختلاف ہے مثلاً

جیحون اُس وقت چڑھتا ہے، جب فرات و دجلہ مین بہت کم پانی ہوتا ہے حقیقت یہ ہے کہ اُن دریاؤن مین جن کے مخرج سرد ملکون مین واقع ہین گرمی مین جاڑے سے زیادہ پانی ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اکثر دریاؤن کا اصلی پانی چشمون سے آتا ہے اور چشمون کے پانی کی کمی زیادتی منحصر ہے اُس نمی پر جو پہاڑون پر، جہان سے دریا نکلتے یا ہو کر گذرتے ہین گرتی ہے۔ چشمون مین جب پانی زیادہ ہوتا ہے تو دریا مین بھی سیلاب آتا ہے۔

یہ ہر شخص جانتا ہے کہ موسم سرما اور اوائل ربیع مین بہ نسبت کسی دوسری موسم کے بخارات زیادہ گرتے ہین۔ شمالی ملکون مین جہان سردی کی شدت ہے، برف خوب جم جاتا ہے۔ لیکن جب ہوا گرم ہونے لگتی ہے اور برف پگھلتا ہے تو جیحون بھی چڑھتا ہے۔ رہے فرات و دجلہ اُن کے مخارج زیادہ شمال مین نہین ہین۔ اسی وجہ سے موسم سرما و ربیع مین اُن مین سیلاب آتا ہے اس لیے کہ جو بخارات نازل ہوتے ہین وہ فوراً دریا مین آجاتے ہین اور ربیع کے شروع مین پانی کا وہ حصہ جو منجمد ہوتا اس طرح پر دریا مین بہ آتا ہے۔

دریاے نیل کو لیجیے۔ جب فرات و دجلہ نہایت پایاب ہوتے ہین تو اُس مین طغیانی ہوتی ہے اس لیے کہ اس دریا کا مخرج جبل القمر مین بیان کیا جاتا ہے جو ملک حبش مین شہر اُسوان کے پرے جنوب مین واقع ہے۔ یہ مخرج یا تو بالکل خط استوا پر واقع ہے یا اُس سے کچھ جنوب کی طرف ہٹا ہوا ہے۔ یہ امر ہنوز مشتبہ ہے اس لیے کہ خط استوا کے حوالی جیسا کہ ہم نے اوپر بیان کیا ہے غیر مسکون ہین۔ ظاہر ہے کہ وہان پر نمی کا منجمد ہونا دشوار ہے لہذا اگر دریاے نیل کی طغیانی کا باعث بخارات کا گرنا ہے تو ظاہر ہے کہ یہ پانی جہان گرتا ہے وہان نہین ٹھہرتا بلکہ سیدھا نیل مین آجاتا ہے۔ لیکن اگر طغیانی کا باعث چشمے ہین تو ان چشمون مین ربیع مین پانی زیادہ ہو جاتا ہے، لہذا نیل موسم گرما مین چڑھتا ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ

جس وقت سورج ہم سے نہایت قریب اور ہمارے سر کے اوپر ہوتا ہے (یعنے موسم گرما مین)، تو وہ اُن مواضع سے جہان سے تیل نکلتا ہے بہت دور ہوتا ہے۔ لہذا وہان اُس وقت سردی ہوتی ہے (اور اس وجہ سے نمی جمع ہوتی ہے)۔

اب سوال یہ ہے کہ موسم سرما مین پانی اس قدر کثرت سے کیون پیدا ہوتا ہے حقیقت الامر یہ ہے کہ حکیم عزوجل نے پہاڑون کے پیدا کرنے مین بہت سے منافع رکھے ہین بعض کا بیان ثابت بن عرہ نے اپنی کتاب مین لکھا ہے، جہان پہاڑون کے پیدا کرنے مین خدا کی حکمت کا ذکر کیا ہے۔ اُس مین بھی ایسی ہی غرض ہے جیسی خدا نے سمندر کے پانی کو کھاری بنانے مین رکھی ہے۔

ظاہر ہے کہ پہاڑون مین گرمی سے زیادہ سردی مین نمی گرتی ہے اور بمقابلہ میدانون کے زیادہ گرتی ہے۔ جب نمی گرتی ہے تو اُس کا کچھ حصہ دریاؤن مین بہ آتا ہے، کچھ حصہ نالون اور پہاڑی گڑھون مین گرکر جمع ہوجاتا ہے۔ بعد مین یہ جوف اور عیون (چشمون) مین ہوکر بہتا ہے۔ چونکہ موسم سرما مین وہ چیز جن سے چشمون کا حجم بڑھتا ہے (یعنے نمی) زیادہ پیدا ہوتی ہے لہذا اس موسم مین پانی کی بھی کثرت ہوتی ہے۔ اب اگر جوف (پہاڑون کی چٹانون کے شگاف جن مین پانی موجود ہے) پاک صاف ہے تو اس مین سے پانی بھی صاف شفاف اور شیرین برآمد ہوگا۔ اور اگر ایسا نہین ہے تو پانی کی مختلف حالتین اور خاصیتین ہوجائین گی جن کے علل ہم سے مخفی ہین۔

اب رہا چشمون کا اُبلنا اور پانی کا چڑھنا سو اُس کی شرح یہ ہے کہ اُن کا خزانہ (ذخیرہ) اُن سے زیادہ بلندی پر واقع ہے۔ اس کی مثال بالکل ایسی سمجھنی چاہیے جیسی فوارے کی اس لیے کہ پانی کے اوپر چڑھنے کا بس یہی ایک سبب ہے۔

اکثر لوگون نے، جو علم طبیعیات سے ناواقف ہین اور اپنی جہالت کے لیے یہ بہانہ ڈھونڈ لیا کرتے ہین کہ خدا کی حکمت ہی ایسی ہے، اس بارے مین مجھ سے بحث کی۔ اپنے خیالات کی تائید مین وہ کہتے تھے کہ ہم نے نہرون اور نالون مین پانی چڑھتے دیکھا ہے۔ یعنے جتنا پانی اپنے مخرج سے ہٹتا جاتا ہے اُتنا ہی وہ (اپنے موج سے) اونچا ہوتا جاتا ہے۔ اصلیت یہ ہے کہ ان لوگون نے پہاڑی ندیون مین پانی بہتے دیکھا ہے، جن کی تہ فی میل تخمیناً پچاس سے لیکر سو گز تک نیچے کی طرف کو ڈھلوان ہوتی ہے۔ اگر کوئی کسان کہین پر اس ندی سے نالا کاٹ کر نکالے اور اُس کا ڈھال اوپر کی طرف کو ہو تو پہلے پانی بہت تھوڑا آتا ہے، لیکن بالآخر دریا کے پانی کی سطح سے کہین اونچا چڑھ جاتا ہے۔ اب اگر کوئی شخص ان امور مین بصیرت نہ رکھتا ہو تو وہ خیال کرے گا کہ دریا کا بہاو خط مستقیم مین یا اوپر کی طرف کو ڈھلوان ہے۔ ایسے شخص کو فوراً یقین ہوگا کہ دریا اوپر کی طرف چڑھ رہا ہے۔ اس شک کے دور کرنے کے لیے لابدی ہے کہ انھین اُن آلات کی حقیقت سے مطلع کر دیا جائے جن سے زمین تولی اور جانچی جاتی ہے اس لیے جس وقت وہ اُس زمین کا وزن کرین گے جس مین ہو کر پانی گذرتا ہے تو انھین اپنے خیالات کے خلاف یقین کرنا ہوگا۔ (اس قسم کے خیالات سے لوگ دست بردار نہین ہو سکتے) تاوقتیکہ وہ علوم طبیعیہ کا مطالعہ نہ کرین اور یہ نہ جانین کہ پانی مرکز اور مرکز کے قریب کے موقع کی طرف حرکت کرتا ہے۔

اس بات مین قطعاً شک و شبہ کی گنجایش نہین ہے کہ پانی کو جہان چاہین بلندی پر لیجا سکتے ہین، حتی کہ پہاڑ کی چوٹی تک، لیکن شرط یہ ہے کہ وہ مقام (جہان پانی پہونچانا مقصود ہے) اُس کے اصلی خزانے سے نیچا ہو (اس لیے کہ پانی اُس کی سطح تک پہونچ کر رہ جائے گا، اور کوئی چیز پانی کے اوپر چڑھنے مین حائل نہو۔ پانی اپنے فعل طبیعی مین کسی قوی چیز کا محتاج ہے جو بطور آلے کے کام دے۔ یہ چیز ہوا ہے۔ یہ عمل نہرون مین جن کے بیچ مین ایسے پہاڑ ہوتے ہیں

جو دور نہین ہو سکتے اکثر کام مین لایا گیا ہے۔

اس مسئلے کی مثال اُس آلے سے ظاہر ہو گی جس کا نام سارقۃ الماء (پانی چور) ہے۔ اس آلے مین پانی بھر دو اور اُس کے دونون سرون کو دو برتنون مین رکھ دو جن کے پانی کی سطح برابر ہو۔ سارقۃ الماء کا پانی دیر تک ٹھہرا رہے گا اور کسی برتن مین نہ گریگا اس لیے کہ ایک برتن بمقابلہ دوسرے کے پانی سے زیادہ قریب نہین ہے اور یہ ناممکن ہے کہ دونون برتنون مین گر پڑے اس لیے کہ آلہ مذکور خالی ہو جائے گا۔ خلا جیسا کہ بعض حکما کا خیال ہے یا محال ہے یا جیسا کہ بعض کا خیال ہے موجود ہے جو کہ اجسام کو کھینچتا ہے۔ اب اگر خلا محال ہے تو یہ بھی ناممکن ہے اور اگر خلا کوئی شے ممسکہ ہے تو وہ پانی کو ٹھہرائے رہتی ہے اور بہنے نہین دیتی تا وقتیکہ اُس کی جگہ کسی دوسری چیز سے نہ بھر جائے۔ لیکن اگر تم اس آلے کا ایک سرا دوسرے سے نیچا رکھو تو پانی اُسی طرف کو بہتا ہے اس لیے کہ اگر اُس کی جگہ نیچی ہو گئی ہے تو وہ مرکز ارض کے زیادہ قریب ہے اور اس لیے پانی اُس کی طرف بہتا ہے اور ا جوا کے اتصال کی وجہ سے مسلسل بہتا ہے یہ پانی اُس وقت تک اُس سمت مین بہتا ہے جب تک برتن کا پانی، جہان سے پانی آتا ہے ختم نہو جائے یا اُس برتن کے پانی کی سطح جہان پانی بہتا ہے اُس برتن کے پانی کی سطح کے برابر ہو جائے جہان سے پانی آتا ہے۔ غرض یہ مسئلہ پہلی حالت پر لوٹ آتا ہے۔

اسی اصول پر پہاڑون مین عمل کیا گیا ہے۔ کبھی کبھی پانی نلوون کے ذریعے سے کنوون سے اوپر آجاتا ہے بشرطیکہ اُن کا پانی اوپر چڑھنے والا ہو۔ اس لیے کہ وہ پانی جو چارون طرف سے گر کر کہین جمع ہو جائے اوپر نہین چڑھتا وجہ یہ ہے کہ اُس کا ماخذ قریب کا پانی ہے اور اس پانی کی سطح اُس پانی کے متوازی ہے جہان سے یہان پر پہونچتا ہے۔

برخلاف اس کے ایک قسم کا پانی ہوتا ہے جو زمین سے اُبلتا ہے۔ ایسے پانی کی بابت

لوگ خیال کرتے ہین کہ وہ شاید سطح زمین تک آپہونچے اور اُس پر پھیل جائے۔ اس قسم کا پانی اکثر اُن ملکون مین پایا جاتا ہے، جو کوہستان کے قریب ہین اور جہان جھیلین یا گہرے دریا موجود نہین ہین۔ اگر ایسے پانی کا خزانہ سطح زمین سے بہت بلند ہوتا ہے تو پانی اُبلتا ہوا نکلتا ہے بشرطیکہ شگاف (جس مین سے پانی اُبلتا ہے) تنگ ہو۔ لیکن اگر خزانہ نیچا ہے تو پانی سطح زمین تک پہونچ سکے گا۔ پہاڑون مین اکثر خزانہ ہزارون گز اونچا ہوتا ہے ایسی حالت مین پانی قلعون اور مینارون کی چوٹیون تک پہونچ سکتا ہے۔

مجھ سے بیان کیا گیا ہے کہ یمن کے لوگ اکثر یہان تک (کنوان) کھودتے ہین کہ وہ اُس چٹان تک پہونچ جاتے ہین جس کے نیچے اُن کے خیال مین پانی ہوتا ہے تب وہ چٹان کو بجاکر دیکھتے ہین اور پانی کی مقدار آواز سے معلوم کرتے ہین اور بالآخر ایک چھوٹا سا سوراخ کرکے پانی کا حال معلوم کرتے ہین۔ اگر ٹھیک ہوتا ہے تو پانی نکلنے اور بہنے دیتے ہین لیکن اگر خوف ہوتا ہے تو فوراً چونے اور گچھ سے بند کر دیتے ہین اس لیے کہ انھین یہ اندیشہ رہتا ہے کہ کہین "سیل العرم" کی طرح سیلاب پیدا نہو جائے۔

آبر شہر اور طوس کے درمیان پہاڑ کی چوٹی پر پانی کی ایک چھوٹی سی جھیل ہے جسکا دور ایک فرسنگ (یعنے قریب بیس ہزار فٹ انگریزی) ہوگا۔ اس جھیل کا نام سبز رود ہے (اور اس کا پانی ہمیشہ جُون کا تُون رہتا ہے) اس کے تین اسباب ہو سکتے ہین۔

(۱) یا تو اُس کا مادہ کسی ایسے خزانے سے، جو جھیل سے بہت اونچا ہے، آتا ہے، اگرچہ اس خزانے کا موقع وہان سے بہت دور ہو، اور اس مین اتنی مقدار مین برابر پانی آتا رہتا ہے جتنا آفتاب کی شعاعین اُس جھیل مین سے بخارات مین تبدیل کر دیتی ہین۔

(۲) یا اُس کا مادہ کسی ایسے خزانے سے پہونچتا ہے جس کی سطح اُس جھیل کی برابر ہے

اور اس وجہ سے اس جھیل کا پانی خزانے کی سطح سے پست و بلند نہین ہوتا۔

(۳) یا اُس کے مخارج کی کیفیت کسی طرح پر آلہ مسمّٰی " اللّٰہ نجّج " اور خود گدار لیمپ "سراج الخادم نفسہ" کے پانی سے مشابہ ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ تم ایک پانی کی صراحی ("جرّۃ الماء") یا دِیا ("دَبّۃ الدُّھن") لو۔ اور صراحی یا چراغ دان (یا دیا) کے کنارون مین باریک باریک چھید "ثُلمًا لطافًا" بناؤ پھر اُس مین ایک تنگ سوراخ (نُقبۃً ضَیّقۃً) بناؤ جو برتن کے دہانے سے اتنی دور پر ہو جتنی دور تک تم پانی صراحی مین یا تیل چراغ دان مین رکھنا چاہتے ہو (یعنے سوراخ وہ نشان ہے جہان تک ہمین پانی یا تیل رکھنا مقصود ہے) اُس کے بعد تم جرہ کو طشت مین اور دبّہ کو لمپ ("سراج") مین اُلٹ پلٹ کر ڈالو۔ تب پانی اور تیل باریک باریک سوراخون مین سے نکل آئے گا یہان تک کہ وہ اس سوراخ کی سطح تک آپہونچے گا۔ جب اتنی مقدار جتنی سوراخ مین سے نکلتی ہے خرچ ہو جائے گی تب وہ نکلیگی۔ جو سوراخ کے بعد مین ہے اس طرح اخیر تک پانی کی ایک سی حالت باقی رہے گی۔

اسی جھیل سے مشابہ میٹھے پانی کا ایک کنوان ضلع کیاک کوہستان مانکور مین ہے۔ یہ ڈھال کی برابر بڑا ہے اور اُس کے پانی کی سطح ہمیشہ کنوین کے کنارے کے متوازی ہوتی ہے اکثر فوج کی فوج اس کنوین کے پانی سے سیراب ہو جاتی ہے اور اُس مین اُنگلی برابر بھی فرق نہین ہوتا۔ اس کنوین کے قریب کسی انسان کے پیر کا نشان اس حیثیت سے بنا ہوا ہے جیسے گویا کوئی عبادت مین مشغول تھا۔ وہان ہاتھون، اُنگلیون اور گھٹنون کے نشان ہین نیز بچّے کے پیرون اور گدھون کے سمون کے نشانات بھی ہین۔ غزّی ترک اِن نشانات کو پوجتے ہین۔

اسی طرح کی ایک چھوٹی سی جھیل جو ایک میل مربع (ساڑھے چھ ہزار فٹ) ہے کوہ

بامیان پر واقع ہے۔ گاؤن جوڑھال پر واقع ہے اُس کا پانی اسی جھیل مین سے ایک چھوٹے سے سوراخ مین ہوکر آتا ہے اور وہان کے باشندون کی ضروریات کے لیے کفایت کرتا، لیکن اس سے زیادہ دستیاب نہین ہوتا۔

اکثر میدان مین بھی، جہان کے پانی کا خزانہ بلندی پر ہو، پانی اُبلنے لگتا ہے اگر پانی کے اُبلنے کی طاقت کسی سبب مانع کی وجہ سے رُکی رہتی ہے تو جس وقت یہ مانع دور ہوجاتا ہے فوراً پانی اُبلنے لگتا ہے۔ الجیحانی نے بخارا اور القریۃ الحدیثہ کے درمیان مین ایک قریہ کا ذکر کیا ہے، جہان کھودنے والون نے مال کے خزانے کی تلاش مین ایک پہاڑ کو کھودا۔ یکا یک اُن کی زد سے رُکے ہوئے پانی کو نکلنے کا موقع مل گیا۔ پھر تو کسی طرح وہ اُن کے روکے نہ رکا اور آج تک جاری ہے۔

اگر تمھین تعجب ہی کرنا ہے تو ایک عجیب موقع پر جس کا نام فیلوان ہے اور جو مہرجان کے قریب واقع ہے۔ اظہار تعجب کرسکتے ہو۔ یہ ایک برآمدے (صُفّہ) کی شکل کی چیز ہے جو پہاڑ مین کھدی ہوئی ہے۔ اس کی چھت پر سے پانی گرتا ہے، تو پانی جم کر لمبی شمائل کی صورت مین بن جاتا ہے۔ مہرجان کے اکثر لوگون کی زبانی مین نے سنا ہے کہ لوگون نے کدالون سے اُس پر ضربین مارین تو جس جگہ چوٹ پڑی وہ جگہ خشک ہوگئی اور پانی بالکل نہ بڑھا۔ حالانکہ قیاس چاہتا ہے کہ اگر بڑھا تھین تو حالت اصلی پر ضرور رہنا چاہیے تھا۔

اس سے بھی بڑھ کر عجیب جامع مسجد قیروان کے وہ دو ستون ہین جن کا ذکر جیحانی نے "کتاب الممالک والمسالک" مین کیا ہے۔ لوگون کا بیان ہے کہ ہر جمعہ کو طلوع آفتاب سے پہلے

۵ اسے انگریزی مین "Icicles" کہتے ہین اور یہ برف کی وہ خاص صورت ہوتی ہے جب وہ چھجے وغیرہ سے جم کر لٹک جاتا ہے۔

ان سے پانی ٹپکتا ہے۔ تعجب کہ عین جمعہ کے روز ایسا ہوتا ہے۔ اگر یہ واقعہ عموماً ہفتے کے روز پیش آتا تو فرض کیا جاتا کہ اس کا تعلق ماہتاب کے فلان موقع شمس پر پہونچنے کے باعث سے ہے۔ غرض یہ قابل قبول امر نہین ہے اس لئے کہ جمعہ کے روز کا ہونا ایک ایسی شرط ہے جس پر اسے محمول نہین کیا جا سکتا۔ کہتے ہین کہ بادشاہ روم نے اُن کے خریدنے کے لیے لوگ روانہ کیے تھے اور کہلا بھیجا تھا کہ مسلمانون کے لیے نقد قیمت اس سے بدرجہا افضل ہے کہ اُن کی مسجد مین دو پتھر موجود ہون۔ لیکن اہل قیروان نے انکار کر دیا اور کہلا بھیجا کہ ہم خدا کے گھر سے نکال کر انھین شیطان کے گھر نہ بھیجین گے۔

اس سے بھی بڑھ کر عجیب چیز قیروان کا متحرک ستون ہے۔ یہ ایک طرف کو جھکا ہوا ہے۔ جب یہ ستون جھکتا ہے تو لوگ اُس کے نیچے کوئی چیز رکھ دیتے ہین اور جب سیدھا ہوتا ہے تو وہ چیز اُس کے نیچے سے نکالی نہین جا سکتی۔ اگر شیشہ نیچے رکھ دیا جائے تو اُس کے کچلنے اور ٹوٹنے کی آواز آتی ہے۔ کوئی شبہہ نہین کہ یہ محض ایک صنعت کا کرشمہ ہے، جیسا کہ اس کے محل وقوع سے ظاہر ہوتا ہے" (آثار الباقیہ صفحہ ۲۶۱-۲۷۵-پ ۱۳)

ہم نے یہ مقام جو زیادہ طویل ہے تمام و کمال نقل کر دیا ہے تاکہ پورے طور پر ناظرین اندازہ کر سکین کہ مسائل طبیعی کی عقدہ کشائی مین بیرونی نے کیسی باریک بین طبیعت پائی تھی۔

تاریخی روایات کی چھان بین کی کیفیت مندرجۂ ذیل بحث سے ظاہر ہو گی جو بیرونی نے اہل اسلام کے قمری مہینون کے مشہور ایام کے تاریخی واقعات پر تبصرہ کرتے ہوے بذیل یوم عاشورۂ محرم تحریر کی ہے۔

"لوگ کہتے ہین کہ اس روز خدا نے آدم کی خطا معاف کی۔ نوح کی کشتی اس روز کوہ جودی پر

چوٹی پر ٹھہری۔ حضرت عیسیٰ اس دن پیدا ہوئے۔ حضرت موسیٰ نے اُس روز فرعون کے پنجے سے رہائی پائی۔ حضرت ابراہیم پر اس روز آتش نمرود سرد ہوئی۔ حضرت یعقوب کی آنکھون مین اس روز بصارت واپس آئی۔ یوسف اسی روز چاہ کنعان سے نکالے گئے۔ سلیمان اُس روز تخت نشین ہوے۔ قوم یونس نے اس روز عذاب آلہی سے نجات پائی۔ ایوب نے اس روز مرض سے صحت حاصل کی۔ حضرت زکریا کی دعا اُس دن قبول ہوئی۔ نیز یہ بھی مشہور ہے کہ اسی دن حضرت موسیٰ نے بعد دوپہر ساحران مصر پر فتح پائی۔ اگرچہ ممکن ہے کہ یہ تمام واقعات ایک ہی تاریخ مین پیش آئین لیکن یہ باتین محض اُن قصہ گویون کی بکواس ہین جو تحقیق علمی کے طریقون سے واقعات اخذ کرنے سے نابلد ہین اور روایات کو اہل کتاب کی روایات سے مطابق کرنے کی کوشش نہین کرتے۔

بعض لوگون کا خیال ہے کہ عاشورہ عبرانی لفظ "عاشور" سے معرب ہے جو یہودیون کے ماہ تشرین (یعنے یہودی سال کے پہلے مہینے) کی دسوین تاریخ ہے جس دن کپور کا روزہ ہوتا ہے یہ بھی کہتے ہین کہ اس روزے کی تاریخ کا عربی مہینون سے انطباق کیا گیا اور پہلے عربی مہینے کی دسوین تاریخ اسکے لیے مقرر کی گئی جس طرح کہ یہودیون کے پہلے مہینے کی دس تاریخ مقرر تھی۔ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے پہلے سال مین اسی تاریخ (دس محرم) کو روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ بعد مین یہ حکم منسوخ ہوگیا اور رمضان مین روزے مقرر ہوئے۔

لوگون مین یہ روایت بھی مشہور ہے کہ رسول مقبول نے مدینہ منورہ وارد ہونے کے دن یہودیون کو عاشور کا روزہ رکھے دیا۔ جب آپ نے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ اُس روز خدا نے فرعون کو غرق کیا تھا اور موسیٰ اور بنی اسرائیل کو اس کے پنجے سے نجات دلائی تھی۔ یہ سن کر حضرت نے فرمایا کہ

بہ نسبت یہود کے ہم موسیٰ سے زیادہ قریب ہین۔ پس اُسی روز آپ نے روزہ رکھا اور صحابہ کو بھی روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ جب رمضان کے روزے مقرر ہوئے تو عاشورہ کے روزے کا نہ آپ نے حکم دیا نہ اُس کی ممانعت کی۔

علمی تحقیقات سے یہ روایت صحیح ثابت نہین ہوتی۔ سال ہجرت مین محرم کی پہلی تاریخ جمعہ کا روز ۱۶۔ تموز ۹۳۳ سکندری تھی۔ لیکن اس روز کا یہودی تقویم سے مقابلہ کیا جائے تو ثابت ہوگا کہ یہودی سال کا پہلا دن یک شنبہ ۱۲۔ ایلول مطابق ۲۹ صفر تھا۔ لہذا عاشورے کا روزہ سہ شنبہ ۹۔ ربیع الاول کو واقع ہوا اور رسول مقبول کی ہجرت ربیع الاول کے نصف اول مین پیش آئی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دوشنبہ کو روزہ رکھنے کا جب سبب دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا تھا "اس دن مین پیدا ہوا، اس دن نبوت ملی، اس دن ہجرت ہوئی"۔ اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کون سے دوشنبہ کو ہجرت وقوع مین آئی۔ بقول بعض ۲۔ ربیع الاول بقول بعض ۸۔ ربیع الاول اور بقول بعض ۱۲۔ ربیع الاول کو ہجرت پیش آئی۔ بہرحال تاریخ ہجرت ۸۔ ربیع الاول مسلم ہے اس لیے کہ ۲۔ اور ۱۲۔ ربیع الاول دوشنبہ کو آکر نہین پڑتین اس سال کے ۱۔ ربیع الاول کو دوشنبہ کا دن تھا، دوسری کو سہ شنبہ کا اور ۱۲۔ کو جمعہ تھا۔ اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وارد مدینہ ہونا تاریخ ۸۔ ربیع الاول یہودی مہینے کی دس تاریخ (مطابق ۹۔ ربیع الاول) سے ایک دن پہلے وقوع مین آیا اور عاشور کسی طرح محرم مین واقع نہین ہوا۔ ہان ہجرت سے دس اور تیس سال پہلے اور بیس اور تیس سال بعد جا کر ضرور ایسا ہوا۔

اس لیے یہ دعویٰ باطل ہے کہ رسول اللہ نے عاشور کے دن اس وجہ سے روزہ رکھا کہ وہ اس سال (قمری) کے پہلے ماہ کی دس تاریخ تھی اور دونون تاریخین (یعنے دس تشرین اور دس محرم) ایک دن واقع ہوئی تھین۔

صورت ہو سکتی ہے کہ تم عاشورہ کو یہودی سال کے پہلے سال کے عربی سال کے پہلے ماہ میں منتقل کر دو، اسلیے کہ ہجرت کے پہلے سال میں محرم کی پہلی تاریخ جمعہ کا دن اور دس محرم دوشنبہ کا دن تھا۔ نیز ہجرت کے دوسرے سال یہودیوں کا عاشور اور رسول اللہ کے وارد مدینہ ہونے کی تاریخیں ایک نہیں ہو سکتیں اس لیے کہ اُس دن عاشور (یوم السبت (شنبہ) تھا۔

اب رہا یہودیوں کا یہ قول کہ اُس روز (یعنی عاشور کو) فرعون غرق ہوا تو یہ خود توراۃ سے غلط ثابت ہوتا ہے اس لیے کہ یہ واقعہ ۱۲ر نیسان کو پیش آیا جو ایام فطیر میں سے ساتوان دن تھا۔ رسول اللہ کے وارد مدینہ ہونے کے بعد یہودی یسوور کا شروع شنبہ کا دن ۲۲ر اذار ۹۳۳ سکندری مطابق ۱۷ر رمضان ہے اور جس دن فرعون غرق ہوا وہ ۲۳ر رمضان ہوئی۔ پس یہ روایت بھی سرتاسر غلط ثابت ہوتی ہے "

(آثار الباقیہ صفہ ۳۲۹۔ ۳۳۰)

اب ہم اخیر میں صرف ایک مقام اور نقل کرنا چاہتے ہیں۔ آثار کے آٹھوین باب میں جہان مدعیان نبوت کے حالات لکھے ہیں وہان منصور حلاج کے مختصر حالات بھی درج کیے ہیں۔ کتاب کی تصنیف کے وقت منصور کے قتل کے واقعہ کو کم و بیش نوے سال گزرے تھے۔ یہ خیال رکھتے ہوے کہ منصور کے سوانح پر اسوقت تک تاریکی کا پردہ پڑا ہوا ہے یہ حالات خاص دلچسپی سے پڑھے جانے کے قابل ہیں اور تاریخی حیثیت سے بھی کسی قدر نئی روشنی ڈالتے ہیں:-

" المقنع کے بعد ایک شخص صوفی منش فارسی النسل ابو الحسن بن منصور الحلاج پیدا ہوا۔ سب سے پہلے اُس نے مہدی ہونے کا دعوٰے کیا اور کہا کہ میں طالقان واقع دیلم سے آیا ہون۔ لوگ اُسے پکڑ کر بغداد لیگئے۔ یہان اُسے تشہیر کے بعد قید کر دیا گیا، لیکن قید سے نکل بھاگا۔ منصور ایک شعبدہ پرداز

اور متصنع شخص تھا اور ہر مذہب اور فرقے کے لوگون سے اُنکے اعتقادات سے اتفاق ظاہر کرکے میل جول پیدا کرتا تھا - بعد مین یہ دعوی کیا کہ روح القدس مجھ مین حلول کر گئی ہے اور اپنے آپ کو "اللہ" کے نام سے موسوم کیا - اُس کے ایک خط مین جو اپنے پیرودن کے نام لکھا تھا حسب ذیل الفاظ درج عنوان کیے تھے "مِنَ الھُو ھُو الاَزَلِی الاَوَّلِ النُّورِ السَّاطِعِ اللَّامِعِ وَالاَصْلِ الاَصْلِی وَحُجَّۃِ الحُجَجِ وَرَبِّ الاَرْبَابِ وَمُنْشِی السَّحَابِ وَمِشْکٰوۃِ النُّورِ وَرَبِّ الطُّورِ المُتَصَوِّرِ فِی کُلِّ صُورَۃٍ اِلٰی عَبْدِہٖ فُلَانٍ" یعنی یہ خط ہے اُس کی طرف سے جو کہ ازلی اور ابدی ہے جو چمکتا ہوا نور، تمام اصلون کی اصل، تمام حجتون کی حجت، خداؤن کا خدا، بادل کا بنانے والا، نور کا دریچہ، طور کا خدا ہے اور تمام صورتون مین پنہان ہے، فلان بندہ کا نام - اُس کے پیرو اپنے خطوط کو جو اُسکے نام بھیجتے تھے اس طرح شروع کرتے تھے "سُبْحَانَکَ یَا ذَاتَ الذَّاتِ وَمُنْتَہِی غَایَۃِ اللَّذَّاتِ یَا عَظِیْمُ یَا کَبِیْرُ اَشْھَدُ اَنَّکَ البَارِئُ القَدِیْمُ المُنِیْرُ المُتَصَوِّرُ فِی کُلِّ زَمَانٍ وَفِی زَمَانِنَا فِی صُورَۃِ الحُسَیْنِ بْنِ مَنْصُورٍ عُبَیْدُکَ وَمِسْکِیْنُکَ وَفَقِیْرُکَ وَالمُسْتَجِیْرُ بِکَ وَالمُنِیْبُ اِلَیْکَ الرَّاجِی رَحْمَتَکَ یَا عَلَّامَ الغُیُوبِ یَقُولُ کَذَا وَکَذَا" یعنی شروع تیری تعریف کے ساتھ اے تمام ہستیون کی ہستی، تمام خوشیون کی انتہا، اے عظیم اے کبیر، مین گواہی دیتا ہون کہ تو باری اور قدیم ہے اور روشنی کا پیدا کرنیوالا اور تمام زمانون مین ظاہر ہونے والا ہے اور ہمارے زمانے مین حسین بن منصور کی شکل مین ظاہر ہوا ہے - تیرا غلام مسکین فقیر، تیری مدد کا محتاج، تیری پناہ کا طلبگار اور تیری رحمت کا امیدوار اے پوشیدہ باتون کے جاننے والے یہ اور یہ عرض کرتا ہے -

منصور نے اپنے دعوے مین بہت سی کتابین لکھی ہین مثلاً "کتاب نور الاصل" "کتاب جمع الاکبر" اور "کتاب جمع الاصغر"

سنہ ۳۰۱ھ میں خلیفہ المقتدر باللہ نے گرفتار کر لیا۔ ایک ہزار تازیانے لگوائے اور ہاتھ پیر کٹوا کر قتل کرا دیا۔ بعد اسکے بدن روغن نفتہ ڈلوا کر جلوا دیا اور خاک دریائے دجلہ میں ڈالدی۔ دوران قتل میں اُس نے منھ سے ایک لفظ نہ نکالا بلکہ پیشانی پر بل بھی نہ پڑا اور لب تک نے جنبش نہ کی۔

منصور کے مذہب کے پیرو کچھ لوگ اس وقت تک موجود ہیں جن کا عقیدہ ہے کہ مہدی طالقان سے پھر ظاہر ہوگا۔ اس مہدی کے متعلق کتاب الملاحم میں مذکور ہے کہ وہ دنیا کو انصاف سے بھر دیگا۔ جیسے کہ اسوقت جور و تعدی سے بھری ہوئی ہے۔ اس کتاب میں کہیں لکھا ہے کہ وہ محمد بن عبداللہ ہوگا، کہیں ہے کہ وہ محمد بن علی ہوگا۔ چنانچہ جب مختار بن ابی عبید الثقفی نے لوگوں سے محمد الحنفیہ کے گرد جمع ہونے کا اعلان کیا تو یہی دعوی کیا کہ یہ مہدی موعود ہے۔

ہمارے زمانہ میں بھی لوگ مہدی کے آنے کے منتظر ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ جبل رضوی میں اُس کا قیام ہے۔ بنو امیہ السفیانی کے ظہور کے منتظر ہیں، جس کا کتاب الملاحم میں ذکر آیا ہے۔ اس کتاب میں یہ بھی لکھا ہے کہ دجال جو لوگوں کو گمراہ کریگا ناحیۂ اصفہان سے اُٹھے گا۔ منجمین کا خیال ہے کہ وہ جزیرۂ برطانیہ سے یزدجرد بن شہریار کے ۴۶۶ سال بعد ظاہر ہوگا۔ انجیل میں دجال کے ظہور کے علامات مذکور ہیں۔ یونانی اور مسیحی کتابوں میں جیسا کہ مار اثاودس اسقف مصیصہ نے تفسیر انجیل میں بیان کیا ہے، اُس کا نام انطیخرسطوس ہے۔" (آثار صفحہ ۲۱۱-۲۱۲)

(۵)

اب ہم بیرونی کی اُس تصنیف کی طرف متوجہ ہوتے ہین جو اُس نے ہند کے متعلق لکھی ہے۔ اس کتاب کا پورا نام "کتاب ابی الریحان محمد بن احمد البیرونی فی تحقیق ما للهند من مقولة مقبولة فی العقل او مرذولة" ہے۔ اس کتاب کا منشأ اُس کے نام سے ظاہر ہے۔ اس مین ہندوون کے متعلق ہر قسم کی معلومات خواہ وہ عقلاً قابل قبول ہون یا نہ ہون، جمع کی گئی ہین۔ ہم بلحاظ اختصار اسے "کتاب الهند" کے نام سے موسوم کرتے آئے ہین، اور آیندہ بھی اسی نام سے اس کا ذکر کرین گے۔

اوپر بیرونی کے حالات مین یہ لکھا جا چکا ہے کہ افغانستان پہونچنے کے بعد بیرونی نے ہندو علوم پڑھنے کا اہتمام کیا اور اسی غرض سے مغربی ہندوستان کی طالب علمانہ سیاحت بھی کی۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ حصول مرام مین بیرونی کہان تک کامیاب رہا۔

ہندو علوم کا مخزن سنسکرت زبان تھی۔ ہمارے زمانے مین اس قدیم زبان کے سیکھنے کے واسطے جو آسانیان مہیا ہین وہ پانچوین صدی ہجری کے اوائل مین موجود نہ تھین۔ لیکن آج بھی جو شخص سنسکرت زبان سیکھنے اور اُس مین ادبی اور علمی مہارت حاصل کرنے کے لیے مستعد ہو، وہ بخوبی اندازہ کر سکتا ہے کہ اس کے لیے اُسے کتنی جان توڑ محنت اور کتنا عزیز وقت صرف کرنا ہوگا۔

بیرونی فتح خوارزم کے بعد (۴۰۸ھ) جب غزنی پہونچا اُسکی عمر

پنتالیس سال سے متجاوز ہو چکی تھی، اور جس وقت اُس نے کتاب الہند ختم کی، (سنہ ۴۲۳ھ) اُسکی عمر ساٹھ سے اوپر تھی۔ پنتالیس اور ساٹھ سال کی عمر کے درمیان مین جو مدت ہے وہی بیرونی کی اُس طالب علمی کا زمانہ ہے۔ نہایت غیر معمولی شوق، اعتماد، ہمت اور استقلال درکار ہین کہ عمر کے اس حصے مین کوئی شخص ایسی شدید دماغی محنت کے لیے کمربستہ ہو جائے۔

بیرونی کے لیے اس امر مین صرف عمر ہی کا ایک سوال نہ تھا، جس کے لیے مردانہ عزم درکار تھا۔ سنسکرت زبان خود بیرونی کے لیے ایک ایسی زبان تھی جس کی غیر معمولی دشواری دوسرے کی ہمت توڑ دینے کو کافی ہوتی۔ کیونکر یہ سمجھ مین آسکتا ہے کہ ایک خوارزمی مسلمان، جس کے چالیس سال سخت دماغی کاوشون مین گزر چکے ہون، ایک غیر مانوس، مشکل الحصول، غیر ملکی غیر مذہبی زبان کو، جو حدودِ اسلام سے باہر ہو، سیکھنے کی کوشش کرے، اور یہ سب نہ کسی معاوضہ کی امید پر اور نہ کسی کی ہمت افزائی سے، بلکہ محض بہ نیتِ تحقیقاتِ علمی۔ خود تاریخ اسلام مین، جہان شائقینِ علوم کی تعداد شمار اور اندازے سے باہر ہے، یہ واقعہ اپنی نظیر آپ ہے۔ یہ امر بالکل یقینی ہے کہ ابن رشد اور ابن سینا۔ ارسطو اور جالینوس کی زبان سے بالکل ناواقف تھے۔ گو انھون نے علوم یونان سے بہت کچھ فیض اُٹھایا اور دنیا کو پہونچایا، لیکن کبھی اُنھین اصلی سرچشمے پر پہونچنے کا خیال بھی نہین آیا، بلکہ اُنکا دارومدار کلیتہً ان عربی تراجم پر رہا جو دوسرون نے یونانی کتابون سے کیے تھے۔ ایک طرف یہ صورت ہے، دوسری طرف بیرونی کی مثال ہے، جس نے علوم ہند اور اہل ہند کے حقیقی

اور واقعی حالات پر مطلع ہونے اور دنیا کو واقف کرنے کی نیت سے اُنکے ملک کی سیاحت کی اُن میں رہ سہ کے خود اُنکی زبان سیکھی اور اُنکی مذہبی اور علمی تصانیف بہم پہونچا کر خود مطالعہ کیا - اس امر کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا کسی کو اس سے انکار ہوگا کہ "حکمائے اسلام بلکہ حکمائے عالم میں بیرونی ایک غیر معمولی امتیاز کا واقعی مستحق ہے" معلوم ہوتا ہے کہ حکیم مطلق نے اس بے نظیر حکیم کے جسم میں طلب علم کی وہ روح بھر دی تھی، جو بہت کم جسموں میں پائی گئی ہے - وہ کوشش کرتا ہے کہ تباین السنہ کی جو سد راہ اقوام عالم میں حائل ہے اور ایک قوم کو دوسری قوم کی علم و دانش سے محروم رکھنے کے لیے ایک عمیق خلیج ہے دور ہو جائے اور بلا واسطہ غیرے آپس کے میل جول سے وہ فائدہ اُٹھایا جائے جو نسل انسان کی ترقی تمدن اور عقل و دانش کا راز اعظم رہا ہے -

بغیر سنسکرت کے دشوار و پیچیدہ صرف و نحو اور لغات پر کامل دسترس حاصل کیے ناممکن تھا کہ بیرونی اہل ہند کے مذہب، فلسفہ، ہیئت، نجوم اور ریاضی کے ادق مسائل کو اس خوبی، صحت اور وسعت کے ساتھ سمجھ سکتا - زمانے کے سامنے اس وقت کتاب الہند موجود ہے اور اُس کے ہوتے ہوئے بیرونی کے تبحر کی دوسری شہادت پیش کرنا غیر ضروری ہے محض کتاب کے مضامین کی فہرست پر ایک سرسری نظر ڈال لینے سے بھی اتنا معلوم ہو سکتا ہے کہ بیرونی اپنی غرض و غایت کے حاصل کرنے میں کس حد تک کامیاب ہوا، اگرچہ صحیح اندازہ کرنے کے لیے لازمی ہے کہ اس کتاب کا ایک ایک لفظ خود پڑھا جائے - مضامین ملاحظہ ہوں :-

(۱) ہندوؤں کے عام حالات بطور مقدمہ (۲) خدائے تعالیٰ کے بارے میں

ہندوؤن کا اعتقاد (۳) موجوداتِ عقلیہ و حسیہ کے بارے مین ہندوؤن کے خیالات (۴) فعل کا سبب کیا ہے، اور نفس (روح) کا مادہ سے کیا تعلق ہے (۵) ارواح کا حال اور تناسخ ارواح کا مسئلہ (۶) سزا و جزا اور جنت و دوزخ (۷) دنیا سے خلاص کی کیفیت اور کس طرح خلاص حاصل کیا جائے (۸) خلائق کی مختلف جنسون کے نام۔ (۹) مختلف طبقوں (ذاتون) کا ذکر (۱۰) سُنن (قوانین مذہبی اور نوامیس (قوانین عدالت) اور پیغمبرون اور نسخ شرائع کے بارے مین (۱۱) بُت پرستی کا آغاز کیسے ہوا اور مخصوص بتون کا ذکر (۱۲) وید، پران اور مذہبی کتابون کا ذکر (۱۳) کتب نحو و شعر کا ذکر (۱۴) کتب علوم کا ذکر (۱۵) اوزان و پیمایش کی تفصیل (۱۶) ہندو رسوم الخط اور حساب غیرہ کا ذکر اور چند بدیع امور متعلقہ کی توضیح (۱۷) وہ علوم جو جہلا مین شائع ہین (۱۸) مختلف معارف مثلاً ہندوؤن کے بلاد، انہار اور دریاؤن اور انکے ممالک اور حدود کے مابین مسافات کا ذکر (یہ باب گویا ہندوستان کا جغرافیہ ہے) (۱۹) کواکب و بروج کے نامون اور منازل قمر اور اسی طرح کی دوسری باتون کا ذکر (۲۰) برھمانڈ کا ذکر (۲۱) ارض و سما کی صورت انکی مذہبی روایات کے موافق (۲۲) قطب کے متعلق روایات (۲۳) اصحاب پرانات وغیرہ کے اعتقاد کے موافق کوہ میرو کا ذکر (۲۴) پرانون کے روسے سات دویپ کا ذکر (۲۵) دریاؤن اور انکے مخرجون اور گذرگاہون کا ذکر (۲۶) ہندو منجمین کے خیال کے موافق زمین و آسمان کی صورت (۲۷) ہندو منجمین اور اہل پران کے خیالات متعلق حرکتین الاولین (۲۸) دس سمتون کی تصریح (۲۹) لنکا المعروف بقبتہ الارض کا ذکر (۳۰) ممالک ارض کی تقسیم حسب خیالات اہل ہند (۳۱) مختلف مقامات کے اطوال البلاد (۳۲) مدت اور زمان اور عالم کی پیدایش اور فنا کا ذکر (۳۳) دن کی مختلف قسمون اور رات اور دن کا ذکر۔

(۳۴) دن کی تقسیم چھوٹے چھوٹے حصوں مین (۳۵) سالون اور مہینوں کی قسمین - (۳۶) اُن چار مقدارون کا ذکر جنھین "مان" کہتے ہین (۳۷) - دنون اور مہینون کی تقسیم حصون مین (۳۸) اوقات کی مختلف مقدارین برہمن کی عمر کا ذکر (۳۹) ان اوقات کا ذکر جو برہمن کی عمر سے زیادہ ہین (۴۰) سیندھ یعنے زمانون کے درمیان فصل مشترک کا ذکر (۴۱) کلپ اور چترجوگ کی تشریح اور ایک کی تعریف دوسرے کی مدد سے (۴۲) چترجوگ کی تقسیم جوگون مین اور ہر ایک کے اختلاف کا ذکر (۴۳) چارون جوگون کے خواص اور اخیر جگ کی کیفیت (۴۴) منونتمرون کا ذکر (۴۵) نبات النعش کا ذکر (۴۶) نارائن مختلف اوقات مین اس کا ظہور اور اُس کے نام (۴۷) واسدیو اور جنگ مہابھارت (۴۸) مقدار اکشوہنی کی توضیح (۴۹) تواریخ وسنین مروجہ کا ذکر بالاجمال (۵۰) کلپ اور چترجوگ مین ستارون کی گردش (۵۱) ادھیماس، اونراترا، اہرگن کی، جو مختلف ایام کی مقدار ظاہر کرتے ہین تشریح (۵۲) مطلق اہرگن کا حساب یعنے سالون کے مہینون کو دنون مین بدلنا اور دنون کے سالون اور مہینے بنانا (۵۳) اہرگن یعنے سالون کا مہینون مین (اُن خاص قواعد کے موافق جو تقویم مین خاص تاریخون اور خاص وقتون کے معلوم کرنے مین استعمال ہوتے ہین) تبدیل کرنا (۵۴) ستارون کے اوساط معلوم کرنا (۵۵) ستارون کی ترتیب، بعد اور جسامت کا ذکر (۵۶) چاند کی منزلین (۵۷) ستارون کے ظاہر ہونے اور ہندوون کی ایسے موقعون پر خاص رسمون کا ذکر (۵۸) سمندر کے پانی مد وجذر کا ذکر (۵۹) کسوف شمس و قمر کا ذکر (۶۰) پَرون کا ذکر (۶۱) از روے مذہب و نجوم ہند "ارباب الازمنہ" اور اسی قسم کے دوسرے امور کا بیان (۶۲) سنبجر

یعنی ساٹھ سال کا جسے شنڈیہ بھی کہتے ہین، ذکر (۶۳) برہمنوں کے متعلق مخصوص امور اور اُن فرائض کا جو انھین اپنی زندگی مین انجام دینے ہوتے ہین، ذکر (۶۴) برہمنون کے سوا دوسرے ذات کے لوگ جو رسوم برتتے ہین اُن کا ذکر (۶۵) قربانیون کا ذکر (۶۶) حج اور مقامات متبرکہ کی زیارت کا بیان (۶۷) صدقات اور کدنی کے اخراجات کا ذکر (۶۸) کھانے پینے مین کونسی چیزین جائز اور ممنوع ہین (۶۹) نکاح حیض نفاس اور حمل کا ذکر (۷۰) دعاوی (مقدمات) کا ذکر (۷۱) سزا اور جرمانے کا ذکر (۷۲) تورث اور حقوق المیت کا ذکر (۷۳) میت کے جسد کے حقوق (۷۴) روزون اور اُن کی مختلف قسمون کا ذکر (۷۵) روزون کی تعیین (۷۶) عیدون اور میلون کا ذکر (۷۷) متبرک ایام سعد اور نحس اوقات، اور حصول ثواب کی مخصوص ساعتون کا بیان (۷۸) کرنون کا ذکر (۷۹) یگون کا ذکر (۸۰) ہندوون کے احکام نجوم کا ذکر اور اصول و قواعد نجوم بقاعدۂ اہل ہند۔

اس طرح کتاب الہند کل اسی بابون پر تقسیم ہے۔ مضامین کی گوناگونی اور طرز تحریر کے حیرت انگیز ایجاز کو دیکھ کر بے ساختہ کہنا پڑتا ہے کہ واقعی بیرونی نے دریا کو کوزے مین بھر دیا ہے۔

کتاب الہند کے پہلے ہی باب مین بیرونی نے ہندو علوم کے تحصیل کی دشواریون پر بحث کرتے ہوئے ثابت کیا ہے کہ اہل ہند اور اہل اسلام آپس مین بالکل مختلف ہین اور کوئی بات ایک کی دوسرے سے نہین ملتی۔ زبان، مذہب، رسم و رواج طریق معاشرت و تمدن غرض ہر چیز ان کی اُن سے مختلف ہے۔ ہندوون کی علمی زبان سنسکرت کی مشکلات کا وہ شاکی ہے، اور کہتا ہے کہ

ربی کی طرح یہ بھی ادق ہے۔ ایک ایک لفظ کے لیے بہت سے ہم معنی الفاظ ہین
ور اکثر الفاظ کثیر المعانی ہین جسکی وجہ سے تاوقتیکہ محل استعمال کو ملحوظ نہ رکھا جائے
اُس کے سمجھنے یا ترجمہ کرنے مین کامیابی نہین ہو سکتی۔ نیز مسلمانون کے لیے
یہ بھی ایک بڑی دشواری ہے کہ وہ سنسکرت حروف کے صحیح تلفظ سے قاصر ہین
اور اُن کا لب و لہجہ ٹھیک طور پر حروف کے مخارج کو ادا کرنے کی قدرت نہین رکھتا

ہزار آفرین ہے علامۂ ممدوح پر کہ کسی دشواری سے اُس کی ہمت پست
نہ ہوئی اور کسی دقت کو دھیان مین نہ لایا۔ اُس زمانے کے ہندوون سے دوستانہ
تعلقات پیدا کرنا اور اُن مین رہ سہ کر اس طرح علم سیکھنا نہایت مشکل کام تھا۔ ہندو
"ملیچھ" حملہ آور قوم کے لوگون سے بچتے تھے اور بیرونی نے صاف لکھا ہے
کہ اجنبیون خصوصاً مسلمانون کے ساتھ، اُن کا علمی بخل بہت سخت تھا، واللہ اعلم
کن ترکیبون سے بیرونی نے علماے ہند کو رام کیا۔ فی الحقیقت سب سے پہلی اور
ضروری بات زبان دانی تھی۔ زبان آجانے پر بیرونی جیسے متبحر کے لیے ہندو علوم
کی کتابون کا سمجھ لینا ایسا دشوار نہ تھا اور چندان تعجب نہین کہ کچھ مدت بعد بیرونی
پنڈتون کی مدد سے مستغنی ہو گیا کہ اُس کے تبحر کو دیکھ کر خود اُس کے اُستاد پانگل رہ
جاتے تھے۔ چنانچہ بیرونی خود لکھتا ہے۔

"ہندو ہیئت دانون سے (ابتداءً) میرا تعلق بوجہ اجنبی ہونے کے شاگردانہ رہا،
لیکن تھوڑے زمانے مین جب کچھ واقفیت ہو گئی تو میری حیثیت اُستاد کی ہو گئی چونکہ مجھے
ہیئت اور ریاضی مین پوری مہارت تھی مین انھین خود درس دینے لگا۔ پنڈتون کو میری معلومات
سے بڑا تعجب ہوا اور حیران ہو کر پوچھنے لگے کہ تم نے کس ہندو پنڈت سے یہ معلومات حاصل کی ہیں

انھین کسی طرح یقین نہ آتا تھا کہ کوئی اجنبی اُن کے ملک مین آکر ہمسری کا دعوی کر سکتا ہے۔ وہ لوگ مجھے ساحر سمجھتے اور اپنی زبان مین "بجر" (ساگر) پکارتے تھے" (الہند باب اول)

کتاب الہند ہندو علوم کے متعلق پہلی کتاب نہ تھی۔ عہدِ عباسیہ مین دربار بغداد کی ہنر پروری کا شہرہ سُن کر چند علماے ہند اسلامی ممالک کی حدود مین جا پہونچے تھے اُس عہد کے مسلمانون کا علمی شوق ایسا نہ تھا کہ ان لوگون سے بغیر فائدہ اُٹھائے رہتا۔

خلافت عباسیہ کے ابتدائی زمانے مین ہی بعض کتابین علوم ہند کے متعلق شائع ہو چکی تھین اور اہل عرب طب ہند اور ہیئت ہند سے یونانی طب و ہیئت سے پہلے روشناس ہو چکے تھے۔ منکا اور صالح نے عہد ہارونی مین اور سیکا اور ابن داہان نے عہد مامونی مین کئی طبی کتابون کے ترجمے مسلمانون مین شائع کر دیے تھے اور چرک و سسترا کی طبی تالیفات تو اس زمانے سے بھی پہلے مطبوع عوام ہو چکی تھین۔ ہندو ہیئت کی کتاب "سدھانت" جو عربی ادب کی تاریخ مین سند ہند[1] کے نام سے مشہور ہے المنصور کے زمانے مین ۱۶۲ہجری (۷۷۸ء) مین عربی زبان کے اندر ترجمہ ہو چکی تھی اور بطلیموس کی کتاب المجسطی سے پہلے عربون مین

[1] سدہند کا مصنف برہم گپت تھا مشرقی تاریخ علمی مین اس ہندو عالم کا نہایت اعلی پایہ ہے۔ برہم سدھانت (یعنی سدہند) کو مصنف نے تیس برس کی عمر مین تیار کیا تھا۔ بطلیموس اور فیثاغورث کی کتابون کی اشاعت سے پہلے اہل عرب نے برہم گپت ہی کی کتاب سے ہیئت کے مسائل سیکھے تھے۔ اس کو الفزاری نے ہندو پنڈتون کی مدد سے عربی مین نقل کیا تھا۔ اس کے علاوہ برہم گپت کی کتاب (کرن کھنڈ کھاندیک) کا بھی ترجمہ ہوا تھا جس کا نام "الارکند" مشہور ہے سند ہند جس کا عربی تصانیف مین اس کثرت سے ذکر آیا ہے ابھی تک دستیاب نہین ہوا۔

مطالعۂ افلاک کا مذاق اس کتاب نے پیدا کر دیا تھا۔ محمد ابراہیم انفرازی[۵۲]، یعقوب بن طارق[۵۳] الخوارزمی[۵۴]، ابوالحسن اہوازی[۵۵] اور ابومعشر بلخی[۵۶] نے ہیئت مین جو کتابین لکھین وہ بیشتر اسی کتاب کے نقش قدم پر تھین۔ علاوہ ہندو ہیئت و طب کے نجوم کے احکام، خوابون کی تعبیر، قیافہ شناسی، زراعت اور موسیقی وغیرہ کے بارے مین بھی بہت سی تالیفات عربی ادب مین منتقل ہو گئی تھین۔ غرض بیرونی سے پہلے مسلمان ہندو علوم سے روشناس تھے اور اس قسم کی تمام تصانیف غالباً بیرونی کے کتب خانے مین موجود تھین اور نیز اُس کے مطالعہ مین آئی تھین۔ لیکن اس قسم کی معدودے چند ابتدائی تصانیف سے جو امتداد زمانہ اور نقل در نقل کی وجہ سے قطعاً مسخ اور ناکارہ ہو گئی تھین، بیرونی جیسے متجسس اور محقق کی کیا تشفی ہو سکتی تھی۔ اُسکا تو یہ عقیدہ تھا کہ علوم ہند کا راز سربستہ اُس وقت تک کبھی نہ کھلے گا جب تک وہ

---

۵۲ محمد بن ابراہیم بن حبیب الفزاری وہ شخص ہے جسنے سدھانت کا ترجمہ جسے بیرونی "قانون الفزاری" کے نام سے موسوم کرتا ہے، شائع کر کے اہل عرب مین ہیئت ہند کو رواج دیا تھا۔ الفزاری کا باپ ایک مشہور مہندس تھا۔ اُسنے اہل عرب مین سب سے پہلا اصطرلاب بنایا تھا اور بنا سے بغداد کے وقت پیمائش وغیرہ کا کام انجام دیا تھا۔ محمد ابراہیم کی کتابین مفقود ہین ۱۲

۵۳ یعقوب بن طارق بیرونی سے پہلے ہیئت، ریاضی، علم السنین اور جغرافیۂ ہنود سے واقف تھا۔ اُسکا زمانہ علی التحقیق ۱۶۱ھ سے ۱۷۱ھ ہجری تک ہے۔ بیرونی نے فزاری سے زیادہ اس کا ذکر کیا ہے۔ اس کی تصانیف مین زیادہ مشہور ہے

۵۴ الخوارزمی کے حالات اوپر لکھے جا چکے ہین ۱۲ —

۵۵ ابوالحسن اہوازی غالباً فزاری اور ابن طارق کا معاصر تھا۔ ساروں کی حرکات کی جدولین آریا بھٹ کے اصول پر ارجابا داور یا الوپدھا لکھی تھی کی کتاب ہیئت سے تیار کی تھین اریا بھٹ کی کتاب سدھانت کے بعد شائع ہوتی تھی ۱۲

۵۶ ابومعشر صاحب تصانیف کثیرہ ہے۔ جن مین سے اکثر نجوم پر ہین۔ بیرونی ابومعشر کے تصانیف کے متعلق عمدہ رائے نہین رکھتا۔ ۲۷۲ھ ہجری (۸۸۵ عیسوی) مین اُس نے وفات پائی۔ یورپ مین عہد وسطی مین ابومعشر منجملہ اُن مسلمان حکما کے تھا جن پر اہل یورپ کے علم و حکمت کا مدار تھا۔ اس زمانے مین یورپ مین وہ ابومیسر کے نام سے مشہور تھا ۱۲

خود اصلی کتب کے مطالعہ کی قابلیت پیدا کرلے۔ کتاب الہند کے شروع مین بیرونی نے کتاب الہند کی تالیف کا سبب بیان کیا ہے اُس سے اس امر پر کافی روشنی پڑتی ہے۔ اس نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ اُستاد ابو سہل عبدالمنعم بن نوح الطفلسی کی مجلس مین ایک دوست سے (جس کا نام اور حال کچھ نہ معلوم ہوسکا) بیرونی کی ادب، تاریخ مذہب اور فلسفے پر گفتگو ہوئی۔ شدہ شدہ جب فلسفہ ومذہب ہند کا ذکر آیا تو بیرونی نے کہا کہ بالعموم مسلمانون کی ہندوون کے متعلق جو کچھ معلومات ہین وہ غلطیون اور نقایص سے مملو ہین اس لیے کہ یہ معلومات ایسے تراجم وغیرہ پر مبنی ہین جن کی صحت مین کلام ہے اور جن مین سے بعض قطعاً پایۂ تحقیق سے گری ہوئی ہین۔ ابو سہل نے جب خود ہند کے متعلق عربی لٹریچر کا مطالعہ کیا تو بیرونی کی رائے سے اتفاق کیا اور درخواست کی کہ بیرونی اس کمی کو پورا کردے۔ غرض ابو سہل کی فرمایش پر یہ کتاب لکھی گئی۔

اس سے یہ سمجھ لینا چاہیے کہ اس سے پہلے بیرونی نے ہندوون کے متعلق کوئی کتاب نہ لکھی تھی۔ خاص مباحث پر وہ کئی تصانیف حوالۂ قلم کرچکا تھا، لیکن بلا شبہ اس جامعیت کے ساتھ اہل ہند کے بارے مین اُس کی بھی کوئی کتاب موجود نہ تھی۔ کتاب الہند سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے پیشتر حسب ذیل سنسکرت کتابون کے ترجمے اُسنے عربی مین کیے تھے۔

(۱) کپل کی سانکھ اور (۲) پاتنجل (۳) پانی ساسی دھانت مصنفہ برہم گپت (۴) برہم سدھانت (سندھند) مصنفہ برہم گپت۔ (۳) اور (۴) کا ترجمہ کتاب الہند کی

ــــــــــــــــ

ﻋﮧ نام سے معلوم ہوتا ہے کہ ابو سہل غالباً دربار غزنی کا کوئی سول عہدہ دار تھا ۱۲

تصنیف کے وقت تک نامکمل تھا۔ (۵) برہی ہم ہتیا اور (۶) لگھوجاتم مصنفہ وراہمہیر

اسی دوران میں وہ حسب ذیل کتابوں کو سنسکرت زبان میں ترجمہ کر رہا تھا (۱) مقالات اقلیدس (۲) کتاب المجسطی (۳) اصطرلاب بنانے کے قواعد میں خود بیرونی کی لکھی ہوئی کتاب۔ علاوہ ان تراجم کے زیچ الارکند کے ترجمے کا بھی خیال ظاہر کیا ہے اور بعد میں اس خیال کو پورا بھی کیا جسکا مروجہ ترجمہ ناقابل اطمینان تھا، ہند کے متعلق پانچ چھ اور کتابیں خاص بیرونی کی تالیفات سے کتاب الہند میں بہ سبیل التذکرہ مذکور ہیں۔

کتاب الہند کے مضامین پر مطلع ہو جانے کے بعد بیرونی کا طریق تحریر معلوم کرنا از بس ضروری ہے۔ بیرونی کتاب الہند میں وہ امور بیان کرتا ہے جو اُس نے خود دیکھے، سنے یا دبالا سے ہم پڑھے ہیں۔ ہر مضمون کو نہایت بے تعصبی اور کشادہ دلی سے بیان کیا ہے اور کتاب کا پڑھنے والا صفحے کے صفحے پڑھتا چلا جائے تو بھی اکثر اُسے پتا نہ چلے گا کہ اس کا لکھنے والا کوئی غیر مذہب کا شخص ہے انداز تحقیق اور طرز تحریر سے مشکل سے خیال ہو سکتا ہے کہ اس کتاب کا مصنف آج سے نو سو سال پہلے زمانے سے تعلق رکھتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے زمانے کا کوئی بے تعصب اور استباز محقق نہایت کامیابی کے ساتھ ہندو تہذیب و تمدن کی داستان سنا رہا ہے۔ جنبہ داری اور ناروا داری کا نام و نشان بھی نہیں مل سکتا اگرچہ وہ مسلمان ہے، لیکن ہندو حکما کے خیالات سے جابجا اتفاق رکھتا اور اُن کے بعض علمی مسائل کو فراخ دلی کے ساتھ قبول کرتا ہے۔ سب سے بڑھ کر

وہ سچائی کا شیدا اور ناراستی اور ریا سے سخت متنفر ہے۔

بیرونی کا اس تصنیف سے ہرگز یہ منشا نہین ہے کہ اس کے ذریعہ ہندوون کے خیالات کی تردید کی جائے اُن کے مذہب کی بُرائیان دکھائی جائین اور اس طرح انھین اپنے اعتقادات سے برگشتہ کیا جائے، اُس نے جو کچھ لکھا ہے وہ اپنے قلم سے خود اُنھین کے صحیح خیالات کا اظہار ہے۔ ہندو تہذیب و عقل کی کہانی خود اہل ہند کی زبانی سُنائی اور تمدن ہند کی تصویر خود ہندو مصور کے قلم سے کھینچی ہے۔ وہ بار بار اعادہ کر دیتا ہے کہ مین کسی امر کے کذب و صدق کا ذمہ دار نہین۔

کتاب الہند کے ابواب کا التزام اس طرح پر کیا گیا ہے کہ ہر باب ایک مختصر عام تمہید سے شروع ہوتا ہے۔ تمہید کے بعد باب تین اجزا پر منقسم معلوم ہوتا ہے۔ اول مسئلۂ زیر بحث کی تشریح کی جاتی ہے، پھر اُس پر بوضاحت بحث کرتا ہے اور بعدہ مستند مصنفین ہند کی کتابون سے مناسب موقع اور موزون اقتباسات اپنی بیان کی تائید مین پیش کرتا ہے۔ علاوہ ازین جا بجا مقابلہ اور نقد سے بھی کام لیتا ہے۔ غرض درایت، شہادت، ذاتی معلومات اور روایات ہر قسم کے معلومات سے مدد لینے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ التزام تمام ابواب مین مشترک ہے۔ ساری کتاب مین ایک لفظ بھی فضول اور لاحاصل استعمال نہین کیا گیا۔ جامعیت کے ساتھ اختصار بھی ملحوظ خاطر رکھا ہے لیکن جہان توضیح درکار ہے، یا بغیر تفصیل کے دشواری لاینحل معلوم ہوتی ہے وہان ایجاز کی خاطر وضاحت کو بالائے طاق نہین رکھا۔ چھوٹی بڑی عام و خاص کسی قسم کی تحقیق ہو، اُس کے سامنے محنت

اور وقت کی کچھ پرواہ نہین کی ہے۔

بیرونی کے خیال مین ہندو اعلیٰ پایہ کے فلسفی، نہایت عمدہ ریاضی دان اور ماہر ہیئت تھے۔ فلسفہ ہند سے اُسے ایک خاص دلچسپی ہے اور اُس کی جانب اُس کا قوی رجحان ہے اور اسکے متعلق بیرونی کی معلومات بھی بہت وسیع معلوم ہوتی ہین۔ ہند کے مسائل فلسفہ کو ناظرین کے ذہن نشین کرنے کی غرض سے بیرونی ہر جگہ فلسفۂ یونان سے جس مین اُسے دستگاہ کامل ہے، مقابلہ کرتا ہے۔ بلاشبہ اُس کے کتب خانے مین یونانی کتب کے تراجم کا مکمل ذخیرہ موجود تھا اور اُس کا یونانی کتب حکمت کا مطالعہ نہایت وسیع اور غائر تھا۔ اعلیٰ حکماے یونان کی تصانیف سے کثیر اقتباسات لیکر اہل ہند اور اہل یونان کے خیالات کا مقابلہ کیا ہے۔ جس قابلیت سے بیرونی نے اس کام کو انجام دیا ہے تعریف نہین کی جا سکتی۔ یونانیون کے سوا، مجوسیون، یہودیون، عیسائیون، صوفیون اور مانویون کے خیالات بھی مقابلے مین پیش کیے ہین۔

بیرونی کا عقیدہ ہے کہ قدیم حکماے یونان وہند، جنھین وہ طبقہ عوام سے جدا سمجھتا ہے خود اُس کی طرح پکّے موحد تھے۔ شاذ ہی اُس نے اس بات کی کوشش کی ہے کہ مذہب اسلام کو مذہب ہنود سے برتر ثابت کرے۔ یہ اُس کے انداز تحقیق کے خلاف بات ہے اور وہ اس کا روادار نہین ہو سکتا کہ مباحث علمی مین مذہبی مناظرے کا دروازہ کھولا جائے۔ یہ سچ ہے کہ بیرونی نے اہل ہند کے بعض خیالات سے اختلاف کیا ہے لیکن یہ اختلاف محض عالمانہ اختلاف ہے اور منصفانہ تنقید کے دائرے مین داخل ہے۔ ہندؤن کی

عقل و دانش کا وہ مداح ہے اور جہاں ممکن ہوتا ہے اُن کے خیالات سے اپنے خیالات کو مطابق کرنے میں نہایت عرق ریزی اور دقت نظری سے کام لیتا ہے بیرونی نے ہندوون کی صنعت دستکاری کی تعریف کی ہے چنانچہ ایک جگہ ہندوون کے نہانے کے تالابون کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے۔

"اس فن مین ہندوون کو کمال چابک دستی ہے۔ مسلمان جب ان تالابون کو دیکھتے ہین تو دنگ رہ جاتے ہین اور ویسے تالاب بنانا تو درکنار اُن کے بیان سے بھی عاجز رہ جاتے ہین"

بیرونی نے جہان سنسکرت لٹریچر سے بحث کی ہے وہان بہت سی کتابون کے نام لکھے ہین۔ اُن کثیر التعداد سنسکرت تصانیف کی فہرست کا تحریر کرنا جن کے نام کتاب الہند مین مذکور ہین، شاید مشکل ناظرین کی دلچسپی کا باعث ہو سکتا ہے۔ اس لیے ہم اُن کے بیان سے قطع نظر کرتے ہین، البتہ اتنا بتا دینا یہان ضروری ہے کہ مسلمانون مین بیرونی پہلا شخص ہے جسنے پرانون کو پڑھ کر اہل اسلام کو اُن سے مطلع کیا۔ کتاب الہند مین جابجا مناسب انتخابات بھی دیے ہین۔ اس سے پہلے کوئی مسلمان پرانون کے نام تک سے واقف نہ تھا۔ بھگوت گیتا کے پاکیزہ خیالات سے بیرونی خاص طور پر متاثر معلوم ہوتا ہے اور اس لعل بے بہا کو بیرونی ہی نے سب سے پہلے اہل اسلام مین شہرت دی۔ کثرت سے اس کتاب کے اقتباسات کتاب الہند مین پائے جاتے ہین۔ رامائن، مہابھارت اور منو کی دھرم شاستر سے بھی ضروری مقامات نقل کیے ہین۔

بیرونی کے زمانے مین وسط ایشیا، خراسان، افغانستان اور شمال مغربی ہند سے

بودھ مذہب کا نام ونشان مٹ چکا تھا۔ اس وجہ سے بیرونی جیسے متلاشی کو اس مذہب کے متعلق بہت کم معلومات دستیاب ہوئین۔ اُس نے حسب معمول کوشش ضرور کی لیکن کسی ذریعہ سے وہ معلومات بہم نہ پہونچا سکا۔ بودھون کے بارے مین اُس نے جو کچھ لکھا ہے وہ زرقان نامی ایک مصنف سے، جسپر اُسکو خود اعتماد نہین، ماخوذ ہے۔ بدھ کو سدھودن کا، جو بدھ کا باپ تھا، ہم قافیہ سمجھ کر بدھودن لکھا ہے، بودھ نجومیون مین صرف گنڈرا اور سگریو کے نام لکھے ہین اور بودھون کے متعلق صرف ایک یہ روایت بیان کی ہے کہ وہ اپنے مردے دریا کے پانی مین بہا دیتے ہین۔ ایک موقع پر بیرونی نے پشاور کی ایک عمارت کا ذکر کیا ہے جو کنشک کا گنبد کہلاتی تھی اور جس کی بابت یہ روایت مشہور تھی کہ راجہ کنشک کی بنوائی ہوئی ہے۔ کتاب الہند کے سولھوین باب مین ہند کے مختلف رسم الخطون کا ذکر کرتے ہوے لکھا ہے کہ "اودن پور مین، جو پورب ویش مین ہے، بھیکشکی خط مروج ہے جو بودھون کا خط ہے"۔ تیئیسوین باب مین، جہان کوہ میرو کے متعلق بودھون کا خیال بیان کیا ہے، صاف لکھا ہے:-

"چونکہ مجھے بودھ مذہب کی کوئی کتاب نہین ملی اور نہ کسی بودھ سے ملاقات ہوسکی جس سے بدھ مذہب کا پتا چلتا، مین نے جو کچھ لکھا ہے ایران شہری[۱] کے بیان پر لکھا ہے"

---

[۱] کتاب الہند مین بیرونی نے ہندوون کے متعلق کسی مسلمان عالم کی تصنیف سے اقتباس نہین کیا ہے بلکہ ہمیشہ ہندوون کی کتابون یا اپنی ذاتی معلومات سے کام لیا ہے، لیکن ایران شہری ایک ایسا شخص ہے، جس کی کتاب سے کہین کہین انتخاب کیا ہے۔ یہ کتاب مذاہب وملل کی تواریخ تھی۔ الآثار کی تالیف کے وقت بھی یہ کتاب بیرونی کے پیش نظر تھی اور اس سے ایک مقام اہل ایران اور دوسرا اہل ارمن کی روایات کے متعلق نقل کیا ہے۔ بیرونی نے ایران شہری کی اس کتاب کی تعریف کی ہے اور لکھا ہے کہ مذہب یہود ونصاریٰ اور مانی کا جو بیان ابوالعباس ایران شہری نے لکھا ہے وہ بہت عمدہ ہے۔ اس کتاب کے ساتھ ایک رسالہ مصنفہ زرقان بودھ سے ہے۔

میرے خیال میں ایران شہری کو خود بھی اس کی تحقیق نہ تھی"

بلاشبہ اگر بیرونی کو ملک میں زیادہ سیر و سیاحت کا موقع ملتا تو مذہب بودھ کے متعلق معقول سرمایہ جمع کر لیتا۔

جس طرح یونانی مورخ ہیرودوطس ؎ نے مصر اور مغربی ایشیا کے تمدن کو چراغ سحری پایا تھا، اسی طرح بیرونی نے ہند کے قدیم تہذیب و تمدن کو، جب قائم ہوئے اور معراج کمال کو پہونچے صدیاں ہو چکی تھیں، آفتاب لب بام پایا بیرونی سے پہلے جن غیر ملکی سیاحوں نے حالات ہند لکھے ہیں اُن میں سب سے اول بادشاہ سلیوقس کا (جو اسکندر اعظم کا جنرل تھا اور اُس کی وفات کے بعد وسط ایشیا کا بادشاہ بن گیا) سفیر میگستانیز ؎ تھا۔

یہ مشہور یونانی سفیر ہند کے نامور راجہ چندر گپت موریا کے (جو ہند کے مشہور راجہ اشوک کا دادا تھا) دربار میں کئی سال تک رہا۔ اس کے ہم وطنوں کی ناقدری اور مابعد کی جہالت کی وجہ سے میگستانیز کے لکھے ہوئے حالات سب نیست و نابود ہو گئے البتہ کچھ بچے کھچے اوراق ہم تک پہونچے ہیں۔ اس کے بعد پانچویں صدی عیسوی کی ابتدا میں چینی سیاح فاہیان اور چھٹی صدی عیسوی کے

؎ سب سے قدیم یونانی مورخ قریب (۴۸۴) سال قبل مسیح پیدا ہوا تھا اپنی تاریخ لکھنے سے پہلے بغرض سیاحت کی تھی مصر اور مغربی ایشیا کی قدیم سلطنتوں کے متعلق ہیرودوطس کی تاریخ ایک نہایت قیمتی اور پر از معلومات کتاب سمجھی جاتی ہے ۱۲

؎ یہ یونانی سفارت جو میگستانیز کی سرکردگی میں پاٹلی پتر (پٹنہ) کے بادشاہ چندر گپت کے دربار میں بھیجی گئی تھی ۳۰۵ سال قبل ولادت مسیح وارد ہند ہوئی تھی۔ میگستانیز نے تمام شمالی ہند کا دورہ کیا تھا اور معلومات بہم پہونچانے کے واسطے اُس کے پاس عمدہ وسائل اور ذرائع موجود تھے۔ چند باقی ماندہ اوراق جو اس وقت ہمارے پاس موجود ہیں، قدیم تاریخ ہند پر نہایت قیمتی روشنی ڈالتے ہیں اور اس کتاب کی بربادی بڑا علمی نقصان ہے ۱۲

اوائل مین اُس کا ہموطن سنگ ین ہند کی سیاحت کے متعلق تحریرین شایع کر چکے تھے۔ بیرونی سے ایک صدی قبل چین کے نامور سیاح ہیون ٹرنگ نے بھی سیاحت ہند پر ایک سفرنامہ لکھا تھا۔ یہ تمام کتابین اور نپچے کھیچے ہو رقے اس لحاظ سے نہایت قابل قدر ہین کہ قدیم جغرافیہ اور تاریخ کے تیار کرنے مین ان سے بڑی قیمتی مدد ملتی ہے۔ بیرونی نے ان سیاحون کے بہت بعد مین سفر کیا اور مگستانیز اور ہیون ٹرنگ کے مقابلے مین ملک کا بہت تھوڑا حصہ دیکھا۔ لیکن (بقول ایک جرمن محقق کے) یونانیون اور چینی جاتریون کے نوشتہ حالات بیرونی کی تحریر کے سامنے بچون کی لکھی ہوئی کتابین ہین۔ یا یون کہنا چاہیے کہ اُن توہمات پرست اور تنگ خیال لوگون کی تصانیف ہین جو ہند کی نئی دنیا مین آکر اور اُسے دیکھ کر حواس باختہ ہو گئے اور کوائف واقعات و حقائق اشیا کو خاک بھی نہ سمجھے۔ بیرونی کا دل توہمات سے پاک ہے وہ ہر واقعہ کی حکیمانہ تحقیق و تفتیش کرتا ہے اور معمولی سے معمولی اور ادنے سے ادنے بات کی ماہیت جاننے کی غرض سے بڑی سے بڑی تکلیف کی پروا نہین کرتا اور کوئی دقیقہ محنت کا نہین اُٹھا رکھتا۔

زاخو صاحب نے کتاب الہند سے متعلق ایک جملہ ایسا عمدہ لکھا ہے، جسے مین بغیر نقل کیے نہین رہ سکتا مستشرق موصوف کہتا ہے کہ ''اگر مسلمان اس تصنیف پر بجا طور پر فخر کر سکتے، اور اُسے عربی ادب کے آسمان مین اول درجے کا چمکتا ہوا تارا سمجھ سکتے ہین، تو ہندوون کو بھی حق ہے کہ اسے خاص خوش نصیبی سمجھین کہ ایک حق پرست علامۂ عصر نے اُن کے اجداد کے تمدن کی تصویر جیسی اُسے اپنے زمانے مین

پائی تھی، اُن کے واسطے چھوڑی ہے۔ بہت سے جزئی مورین غالبًا ہندوون کو اختلاف ہو، اور شاید بعض نکتہ چینیان انھین گران گذرین، لیکن انھین اس بات کا اعتراف کرنا ہوگا کہ بیرونی کی غرض و غایت محض مورخانہ صدق و صحت تک پہونچنا اور اُسے بالکل بے تعصبی اور غیر جانبداری کے ساتھ پیش کر دینا ہے۔ نیز وہ اس امر کو نظر انداز نہین کر سکتے کہ جا بجا بیرونی نے اُن کے تہذیب و تمدن کا ذکر بیحد مدح و ستایش کے ساتھ کیا ہے۔"

افسوس ہے کہ بیرونی کے بعد کسی نے اُس کی تحقیقات کو جاری نہین رکھا البتہ بہت سے علما نے کتاب الہند سے خوشہ چینی کی[ئلہ] ہمارے علم مین بیرونی کے بعد کوئی شخص نہ علماے اسلام مین اُس کی قابلیت اور اُس کے خیالات کا پیدا ہوا اور نہ اُس کے مہتم بالشان کارنامون کی تقلید کی ہمت کر سکا۔ یہ سچ ہے کہ بیرونی کے بعد عہد افغانیہ و عہد مغلیہ مین ایسے لوگ ہوئے جنھون نے بعض سنسکرت کتابون سے ترجمے کیے، لیکن اُنھون نے جو کچھ کیا ہے، خواہ اُن کا تعلق تاریخ اسلامی کے کسی زمانے سے ہو، وہ بیرونی کے کارنامون سے کچھ نسبت نہین رکھتا۔

ئلہ یہان پر ہم دو مصنفین کا ذکر کرتے ہین جو بیرونی کے بعد غزنوی حکومت ہی مین پیدا ہوئے تھے اور جنھون نے بیرونی کی کتاب سے خوشہ چینی کی ہے۔ اول غاردیزی جس کا زمانہ اعلیٰ ۴۶۶ ہجری (۱۰۷۴ء) تک ہے اور دوسرا محمد بن عقیل جس نے ۴۸۱ ہجری (۱۰۸۹ء) سے ۵۲۳ ہجری (۱۱۲۹ء) تک تصانیف لکھین۔ متاخرین مین رشید الدین مولف جامع التواریخ نے اپنی ضخیم تاریخ مین کتاب الہند سے اب کے باب نقل کیے ہین ۱۲

(۶)

کہا جاتا ہے کہ ازمنۂ ماضیہ مین تمام علوم و فنون مین دستگاہ حاصل کر لینا چندان دشوار نہ تھا۔ اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ عہد گذشتہ مین علوم کی تعداد محدود تھی اور جو علوم موجود تھے اُن مین زیادہ وُسعت پیدا نہ ہوئی تھی برخلاف اس کے موجودہ زمانے مین ناممکن ہے کہ کوئی شخص تمام علوم و فنون مین دستگاہ حاصل کرنے کا خیال کر سکے، اس لیے کہ علاوہ کثرت علوم و فنون کے ہر علم اتنا ترقی پا گیا ہے کہ کسی علم مین تبحر حاصل کرنے کے لیے پوری عمر کفایت کرتی ہے۔ جو شخص موجودہ زمانے کی علمی ترقی کا معمولی تصور بھی اپنے دماغ مین رکھتا ہوگا اُسے اس بات کے تسلیم کرنے مین پس و پیش نہ ہوگا کہ فی زماننا علوم و فنون مین جامعیت پیدا کرنا قوت بشری سے قطعًا بالا ہے۔ البتہ متقدمین کے بارے مین بہت کچھ اختلاف کی گنجایش ہے اور کہا جا سکتا ہے کہ علوم قدیمہ مین کثیر المذاقی پیدا کرنا اور جامعیت حاصل کرنا اتنا سہل نہ تھا، جتنا ہمارے زمانے کے لوگ فرض کر لیتے ہین۔

مسلمانون کی گذشتہ علمی تاریخ پر عبور حاصل کرنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ علماے اسلام مین بے شمار ایسے فضلا گذرے ہین جو مذاقہاے گوناگون کے ساتھ جامعیت اور ہمہ گیری کا ادعا بھی کر سکتے تھے۔ بیرونی کی سوانح عمری پر نظر ڈالنے سے ظاہر ہو گیا ہوگا کہ ابو ریحان بیرونی بھی اُسی زمرۂ متبحرین مین داخل ہے، لیکن اُس کے حالات اور تصانیف پر غور کرتے ہوئے تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ جہان تک

ہماری معلومات دستگیری کرتی ہین۔ اور ہم اعتراف کرتے ہین کہ ہماری معلومات نہایت محدود ہین بیرونی نہ صرف عجوبہ دہر اور فقید النظیر فرد ہے۔ دیگر متقدمین کی ہمہ گیری اور جامعیت کے متعلق کوئی شخص خواہ کچھ ہی کیون نہ کہے لیکن بیرونی ایک ایسا شخص ہے جس کی عجیب و غریب مذاق کی رنگا رنگی، جامعیت اور جودت ہمیشہ انسانی فطرت، ذہنی تربیت اور علمی تشنگی کی مستثنےٰ اور مخصوص مثال سمجھی جائے گی۔

علم و حکمت، مشاہدہ و تجربہ کا وہ کونسا شعبہ ہے جس سے بیرونی کو دلچسپی نہین اور جس مین اُس کی نمایان اور ممتاز قابلیتون کے آثار تابان نہین پائے جاتے اس کے تمام کمالون سے قطع نظر کرکے اگر تھوڑی دیر کے لیے اُسے محض ایک محقق السنہ کی حیثیت سے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ مبدا فیض سے بیرونی کو زبانون کے سیکھنے کے لیے غیر معمولی استعداد عطا ہوئی تھی۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے بیرونی کی مادری زبان خوارزمی فارسی تھی۔ لیکن بغیر عربی زبان مین دستگاہ کامل حاصل کیے ممکن نہ تھا کہ اُس زمانے مین کوئی شخص اعلیٰ مدارج تعلیم تک رسائی حاصل کر سکتا۔ اگرچہ فارسی زبان کی ادبی ترقیون کے لحاظ سے یہ دور فارسی کا زمانہ شباب تھا اور شعراے عصر کی کوششین فارسی زبان کی تکمیل و آراستگی مین ہمہ تن مصروف تھین لیکن عربی زبان علوم حکمت اور اعلیٰ مذاق علمی کے لیے مخصوص تھی۔ اسی وجہ سے بیرونی نے سب سے پہلے عربی زبان مین کمال حاصل کیا۔ لیکن علم و حکمت کے جس شوق نے اُسے عربی زبان سیکھنے پر مجبور کیا تھا اُسی شوق نے اُسے اور بہت سی زبانین سیکھنے پر مجبور کیا۔ قدیم فارسی سغدی اور خوارزمی غیرہ

جو فارسی کی مختلف تاریخی اور مقامی صورتین تھین، اُن کے سیکھنے مین بھی کافی وقت اُٹھانی پڑی ہوگی لیکن عبرانی اور سُریانی زبانون سے واقفیت پیدا کرنے کے لیے بلاشبہہ بیرونی بڑی محنت کا متحمل ہوا ہوگا۔

آثار الباقیہ کے دیکھنے سے کامل یقین ہوجاتا ہے کہ بیرونی ان زبانون سے کافی طور پر آشنا تھا، چنانچہ کئی جگہ پر ان زبانون کی اصل عبارات کتاب ہذا مین منقول ہین[1]۔ ان سب سے بڑھ کر دشواری اور صعوبت اُسے سنسکرت زبان کے سیکھنے مین برداشت کرنا پڑی۔ ایسی اجنبی اور مشکل الحصول زبان مین دستگاہ حاصل کرنے کے واسطے، علاوہ اور قوتون کے غیر معمولی حافظے کی قوت درکار تھی، اور جو شخص پچاس سال کے بعد اس قدر قوی حافظے کا مالک ہوسکتا تھا لاریب جوانی اور لڑکپن مین اُس کا حافظہ اپنی نظیر آپ ہی ہوگا۔ سنسکرت ہند کی علمی زبان تھی لیکن بیرونی ہندوستان کی متعدد مقامی زبانین بھی پورے طور پر جانتا تھا۔ یہ سب امور بیّن طور پر ثابت کرتے ہین کہ اُس مین زباندانی کا بے نظیر ملکہ ودیعت ہوا تھا، اور یہ اُسی کا دماغ تھا کہ اتنی مختلف زبانون مین مہارت تامہ رکھنے کے ساتھ علوم حکمت کے ہر شعبے مین حیرت انگیز تبحر رکھتا تھا۔

علوم حکمت کی یہ حالت ہے کہ جس طرف نظر دوڑائی جاتی ہے بیرونی کی شخصیت امتیازی حیثیت سے نمایان نظر آتی ہے۔ طبیعیات، مابعد الطبیعیات، منطق، ریاضی، ہیئت، نجوم، علم آثار عتیقہ، تاریخ تمدن، علم السنین، علم المذاہب، علم الکیمیا اور جغرافیہ ان تمام شعبہاے حکمت مین مساوی طور پر اُس کی جودت طبع

[1] مثلاً دیکھو صفحہ ۱۵ و ۱۶ و ۱۹۔

اور تبحر کا ثبوت ملتا ہے - بلکہ علم الحیوانات، علم النباتات اور علم طبقات الارض کے ماہرین بھی نہایت تپاک کے ساتھ بیرونی کا اپنے زمرہ مین خیر مقدم کرنے کا حق رکھتے ہین - درختون کے قد و قامت وغیرہ کے متعلق حکیمانہ بحث کرنے والا اور حیوانات کے متعلق عجائب و غرائب مین فلسفیانہ تحقیقات کی خدمت انجام دینے والا تاریخی حیثیت سے بلا شبہہ محققین کے اس گروہ مین شمار کیا جا سکتا ہے - ذیل مین ہم کتاب الہند سے ایک مقام نقل کرتے ہین جو ارض ہند کے متعلق ہے اور امید کرتے ہین کہ وہ لوگ جو علم طبقات الارض کی تحقیقات جدیدہ سے واقفیت رکھتے ہین بے اختیار بیرونی کی دقت نظری کی داد دین گے -

"اگر تم ہند کی زمین کو دیکھ کر اُس کی اصلیت پر فکر و غور کرو گے یا اُن مدور پتھرون کو جو زمین کے کھودنے پر نکلتے ہین جانچو گے تو نہایت غور اور فکر کے بعد تم کو ماننا پڑے گا کہ ارض ہند کسی زمانے مین زیر سطح آب تھی، اس لیے کہ یہ مدور پتھر پہاڑون کے قریب جہان دریا کی رَو تیز ہوتی ہے بڑے ہوتے ہین اور جیون جیون پہاڑون سے دوری بڑھتی جاتی ہے اور رفتہ رفتہ دریا کی روانی ہلکی پڑتی جاتی ہے یہ پتھر بھی چھوٹے ہوتے جاتے ہین حتی کہ دریا کے دہانے پر بہت ہی چھوٹے ریگ کے ذرون کی طرح ہو جاتے ہین - پس معلوم ہوتا ہے کہ وہ سمندر دریا بُرد اور مٹی سے بھر کر ارض ہند بن گیا" (کتاب الہند باب ۱۸)

بیرونی کی فلسفہ دانی کا ذرا خیال کیجیے اس شعبے مین اُس کی معلومات اکثر متقدمین کی طرح محض افلاطون وارسطو کے خیالات تک محدود نہین ہین بلکہ ہندوون کے پیچیدہ مسائل فلسفہ مین بھی وہ کامل بصیرت رکھتا ہے - علاوہ برین دنیا کے مختلف مذاہب اور اقوام کے خیالاتِ فلسفہ سے آگاہ ہونے کی وجہ سے

اُس کے فلسفیانہ معلومات کے حدود اندازے سے بڑھ کر وسیع پائے جاتے ہین
صفائے ذہن اور حسن تعقل یعنے منطقی فضل کی یہ حالت ہے کہ قبولیت عامہ
نے معاصرین مین "محقق" کے خطاب کا سہرا بیرونی ہی کے سر باندھا ہے علوم
ریاضی مین بیرونی کی اعلی تربیت ذہنی اور جودت طبع کی حالت محتاج بیان نہین
یہ وہ شعبہ علم ہے، جو اُس کے فضل و کمال کا مرکز ثقل معلوم ہوتا ہے۔ بیرونی نے
ان علوم کی تکمیل کے لیے محض یونانی خزینہ معلومات پر اکتفا نہ کیا تھا، بلکہ ہند کے
علمی سرچشمے سے بھی پورا فیض اُٹھایا تھا۔ اپنے زمانے کے علمائے ریاضی مین
وہی ایک شخص تھا جو اس بات کا دعوی کر سکتا تھا کہ وہ دنیا کے ہر ریاضی دان
کو کچھ نہ کچھ نیا سبق دے سکتا تھا۔

ہندسہ و حساب مین اتنا کمال حاصل کیے بغیر کس طرح ممکن تھا کہ بیرونی
ہیئت کے آسمان مین مہر منیر ہو کر چمکتا۔ قانون مسعودی کا مصنف مسلمانون
کے اُس علمی دور سے تعلق رکھتا ہے، جب علم ہیئت کا شوق بیحد عروج کی
حالت مین تھا، اور اس میدان مین ایک دوسرے پر سبقت لیجانے کی ہر طرف
کوششین کیجاتی تھین۔ یہ ناممکن تھا کہ بیرونی جیسا محب حکمت ہیئت کے
دلچسپ مشاغل سے بے اعتنائی روا رکھتا۔ ابتدائے عمر سے لیکر اخیر تک
بیرونی کو ہیئت اور متعلقات ہیئت سے جو غیر معمولی لگاؤ رہا اُس کا اظہار اُسکی
تصانیف کی فہرست سے ہوتا ہے، لیکن صحیح اندازہ کرنے کے لیے لازمی ہے
کہ قانون مسعودی پر، جو فن ہیئت مین اسلامی ترقی کی بفضل خدا زندہ یادگار اور
بیرونی کی تصانیف مین (باتفاق رائے متقدمین و متاخرین) سب سے ممتاز تصنیف ہے

تعمق اور تفحص کی نظرین ڈالی جائین۔ بیرونی کے فضل و کمال کا کامل اندازہ کبھی اُس وقت تک نہو سکے گا جب تک اُس کی صبر آزما تحقیقاتِ ہیئت کو روز روشن مین لاکر نہ دکھایا جائے۔ قانون مین علاوہ اس کے کہ بیرونی نے متقدمین کی بہت سی غلطیون کو درست کیا ہے، بہت سے ایسے طریقے اور قاعدے دنیا کے سامنے پیش کیے ہین جن کے اختراع کا سہرا اُس کے سر ہے۔ یہ کتاب تحقیقات کے واسطے ایک نہایت بیش از قدر خزانہ ہے اور ہم افسوس کرتے ہین کہ فی الحال ہم صرف ایک مثال سے زیادہ پیش نہین کر سکتے، اگرچہ ہمین یقین ہے کہ اس مثال کے پیش کرنے کا بھی یہ سب سے پہلا موقع ہے[۱]

قانون مسعودی کے مقالۂ پنجم کے ساتوین باب مین[۲] بیرونی نے مساحت کرۂ ارض کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ متقدمین مین اراطاستہینس (۲۷۶-۱۹۶ قبل مسیح ق۔م) نے دور ارض معلوم کرنے کی کوشش کی تھی اور ایک پیمانہ معروف بہ استادیا (Stadia) مین اپنی مساحت کی مقدار نکالی تھی جب خلیفہ مامون الرشید کے زمانے مین کتب ہیئت کا عربی مین ترجمہ ہوا تو اس بات کا خیال ہوا کہ دور ارض وغیرہ معلوم کیا جائے۔ چونکہ استادیا کی مقدار معلوم نہ تھی خلیفہ موصوف نے حکم دیا کہ دشت سنجار مین دائرۂ ارض کے ایک دقیقے کی مقدار معلوم کیجائے چنانچہ ۳۶۰ اجزاے مفروضہ مین سے ایک جزو کی مقدار ۵۶ ⅔ میل معلوم ہوئی۔ ہر میل چار ہزار ذراع کا تھا اور ہر ذراع چوبیس انگشت کا۔ اور تین میل کا ایک فرسخ ہوتا تھا۔ اس طرح پر ایک جزو کے دو لاکھ چھبیس ہزار چھ سو چھیاسٹھ اور دو ثلث ذراع

---

[۱] اس کے متعلق اگر مفصل اور شرح بحث لکھنا مقصود ہو تو راقم کا مضمون "مسلمان اور مساحت کرۂ ارض" رسالہ الناظر لکھنؤ نمبر ۵، جلد ۳ بابت ماہ ستمبر ۱۹۱۵ء مین ملاحظہ ہو جہان یہ بحث نہایت وضاحت اور وضاحت کے ساتھ لکھی گئی ہے"

[۲] دیکھو قانون مسعودی نسخۂ امپیریل لائبریری کلکتہ ورق ۸۵ ب و نسخہ لنڈن لائبریری ورق ۱۳۵

اور ۱۸ فرسخ ۵۳ ½ دقیقہ ہوتے تھے اور پورے دور کے آٹھ کرور ۱۶ لاکھ ذراع یعنے بیس ہزار چار سو میل یا چھ ہزار آٹھ سو فرسخ۔

اس حساب کے لکھنے کے بعد بیرونی کہتا ہے کہ اپنی شدت حرص کی وجہ سے شمال دہستان مین جو ارض جرجان مین تھا اس نے اِس تحقیق کی صحت عملاً کرنی چاہی لیکن موقع کی دشواری اور معین صادق کے نہ ہونے کی وجہ سے کچھ کامیابی حاصل نہ ہوئی۔ جب بیرونی ارض ہند مین پہونچا تو وہان اُسنے ایک صحراے مستوی مین ایک پہاڑ دیکھا۔ یہ موقع جزو مذکور کی تحقیق کے لیے نہایت موزون معلوم ہوا۔ بیرونی نے ایک نئے قاعدے سے پیمایش شروع کی۔ اول پہاڑ کی اونچائی نکالی جو ½ ۶۵۲ ذراع تھی۔ پھر اُس زاویہ کی مقدار معلوم کی جو خط عمود جبل اور نقطہ افق و نقطہ قلہ جبل مین ہوکر گذرنے والے خط سے بنتا تھا۔ یہ زاویہ ۳۴ دقیقہ نکلا۔ پورا حساب درج کرنے کے بعد جو نتیجہ برآمد ہوا ہے وہ حسب ذیل ہے۔



از روے حساب ہذا نصف قطر ارض = ۱۲۸۵۱۳۶۹ ذراع

محیط ارض = ۸۰۷۸۰۰۳۹ ״

ایک درجہ منجملہ ۳۶۰ اجزاے مفروضہ کے

= ۲۲۴۳۸۸ ذراع

= ۵۶ میل ۵ دقیقہ ۶۵ ثانیہ ۶ ثالثہ

اس طرح بیرونی نے اپنا اطمینان کرلیا، لیکن چونکہ مامون الرشید کے زمانے مین

علماے ہیئت کے ایک جم غفیر نے نہایت سخت کوشش کے ساتھ حساب نکالا تھا، بیرونی نے اُس پہلے حساب کو مقدم رکھا، اور اپنے سے زیادہ قابل اعتماد تصور کیا[۱۴] لیکن آج ہمین یہ منصب حاصل ہے کہ ہم دونون حسابون کی جانچ کرین اور دیکھین کہ اِن دونون کوششون مین کونسی کوشش حقیقۃً زیادہ کامیاب رہی۔

تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ ایک عربی میل (۴۰۰۰ ذراع) چھ ہزار چار سو تھتر انگریزی فٹ کے برابر ہوتا ہے۔ انگریزی میل مین پانچ ہزار دو سو اسی فٹ ہوتے ہین ہم نے حساب لگا کر علماے مامونی اور بیرونی کے نتائج انگریزی فٹ اور میلون مین حسب ذیل معلوم کیے ہین۔

ایک جزو یا درجہ = $\frac{2}{3}$ ۲۲۶۶۶ ذراع 〃 = $\frac{1}{3}$ ۳۶۶۸۰۳ فٹ	ایک جزو یا دقیقہ = ۲۲۴۳۸۸ ذراع 〃 = ۳۶۳۱۱۵ فٹ
محیط یا دور = ۸۱۶۰۰۰۰ ذراع 〃 = ۱۳۲۰۴۹۲۰۰ فٹ 〃 = $\frac{2}{3}$ ۲۵۰۰۹ میل انگریزی	محیط یا دور = ۸۰۷۸۰۳۹ ذراع 〃 = تقریباً ۱۳۰۷۲۲۲۹۸ فٹ 〃 = تقریباً ۲۴۷۷۹ میل انگریزی

ہمارے زمانے مین ایک جزو کی پیمایش بارہا مختلف ممالک مین کی گئی ہے اور مختلف طریقون سے کی گئی ہے مثلاً مساحت، تار برقی اور پینڈولم کے ذریعہ سے

[۱۴] مامون کے زمانے کی پیمایش کا حال کتاب التفہیم مین بھی موجود ہے (دیکھو صفحہ ۳۰ نسخہ نیر درخشان) "من نیز برین منہدستان آن حساب محیط ارض را بدیگر طریقہا آزمودم بسے خلاف نیافتم با این مقدار کہ حکایت کردم" ۱۲

کوئی ایک نتیجہ دوسرے نتیجے سے نہین ملتا اور ہرنئی پیمایش مین تھوڑا بہت اختلاف ہوتا ہے۔ بہرحال ان سب نتائج کو لیکر محققین نے ایک نتیجہ اوسط نکالا ہے جس کے روسے ایک جزو منجملہ ۳۶۰ اجزاے مفروضہ کے تین لاکھ تریسٹھ ہزار نوسو پینسٹھ فٹ کے برابر اور زمین کا پورا دور تقریباً چوبیس ہزار آٹھ سو چالیس میل کے برابر معلوم ہوا ہے۔

تحقیقات حال کو علماے مامونی اور بیرونی کی تحقیقاتون سے مقابلہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مامونی دور کے ہیئت دانون کا نکالا ہوا جزو موجودہ حساب سے دو ہزار آٹھ سو اڑتیس اور ایک ثلث فٹ زیادہ ہے اور کل دور اس زمانے کے محققین کے نکالے ہوے دور سے ۱۶۹ میل زیادہ ہے۔ برخلاف اس کے بیرونی کا نکالا ہوا جزو صرف آٹھ سو پچاس فٹ کم ہے اور محیط یعنے دور کل ۶۱ میل کم ہے۔ بلاشبہہ یہ نتائج حیرت اور استعجاب کی نظر سے دیکھے جانے کے قابل ہین اور موجودہ آلات کی باریکی اور تعدد تحقیقات کا خیال کرتے ہوے بیرونی کی کمال کوشش اور محنت کا ثبوت دیتے ہین۔ بیرونی کی تحقیقات اور علماے حال کی تحقیقات مین اتنا خفیف فرق پایا جاتا ہے، جس کا عدم وجود برابر ہے[ھ]۔

ھ انسائکلوپیڈیا برٹانکا مین ایک یورپین محقق نے مساحت زمین کا ذکر کرتے ہوے تحریر فرمایا ہے کہ مسلمان علماے ہیئت نے بھی دائرۂ مفروضہ کے ایک جزو کی مقدار معلوم کرنے کی کوشش کی تھی، لیکن انھین اس مین کچھ کامیابی نصیب نہین ہوئی۔ اس کے بعد محقق موصوف نے نہایت فخر و مباہات کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ ۱۶۳۵ء مین (یعنے بیرونی سے چھ سو برس بعد) رچرڈ نارووڈ نامی (Richard Norwood) ایک انگریز عالم ہیئت نے سب سے پہلے کامیابی کے ساتھ ایک جزو کی مقدار معلوم کی۔ ان صاحب نے ایک جزو کی مقدار تین لاکھ سرسٹھ ہزار ایک سو چھہتر فٹ نکالی تھی، جو مامون الرشید کے زمانے کے علماے ہیئت سے بھی تقریباً ساڑھے پانچ سو فٹ زیادہ ہے (بقیہ بر صفحہ ۱۵۲)

آلات ہیئت مین بھی بیرونی نے نہ صرف بہت سی جدت آمیز اصلاحین کی تھین، بلکہ اس فن مین اُسے ایجاد کا فخر بھی حاصل ہے۔ آلات اور ان کے استعمالات کے متعلق اُس کی مستقل تصنیفات ہین۔ ایک خاص اصطرلاب جس کا نام "الاسطوانی" ہے بیرونی کی ایجاد سے تھا۔ متقدمین اصطرلاب سے جو عجیب عجیب فائدے اُٹھاتے تھے اُس کا حال اس سے معلوم ہوسکتا ہے (جیسا کہ بیرونی نے نہایت شرح و بسط کے ساتھ کتاب التفہیم مین تحریر کیا ہے) کہ اُس کے ذریعہ سے اجرام سماوی کا ارتفاع، طلوع آفتاب سے قبل اوقات اور اوقات معلومہ کی مدد سے ارتفاع شمس، ساعات شب، کواکب ثابتہ کا ارتفاع اور ارتفاع کواکب سے اوقات وغیرہ وغیرہ مسائل ہیئت کے معلوم کرنے کے علاوہ دریا، یا زمین کی گہرائی معلوم کرسکتے تھے جہان رسی کام مین نہین آسکتی تھی اور پیمایش کسی طرح ممکن نہ ہوتی تھی۔ کنوئین کی گہرائی، کسی منارہ یا پہاڑ یا دیوار کی اونچائی، خواہ ہم اُن کی جڑ تک پہونچ سکین یا نہ پہونچ سکین اصطرلاب کے ذریعہ سے بغیر پیمایش وغیرہ کے معلوم ہوسکتی تھی۔

بیرونی اکثر حکماے متقدمین کی طرح سکون ارض کا قائل تھا اور حرکت شمس کے بارے مین اُس نے قانون مسعودی مین بحث کی ہے۔ اس کے علاوہ

(بقیہ حاشیہ از صفحہ ۱۵۱) اور بیرونی کے نتیجے سے تو گویا اُسے کوئی نسبت ہی نہین ہے۔ لیکن محققین یورپ ہمیشہ یہ ثابت کرنے مین کوشان رہے ہین ... نیا سے ... اوقفیت، اس بات کا ادعا کرتے ہین کہ مسلمانون نے جو کوشش کی وہ ناکام رہی۔ اُن کا ادعا تو نامناسب نہین ہے البتہ مسلمانون کا فرض ہے کہ وہ دنیا کو دکھائین کہ اُن کی کوششین کہان تک کامیاب رہین۔ ۱۲

ف ۱؎ دیکھو کتاب التفہیم نسخہ نواب نیر رخشان صفحہ ۲۲۴ - ۲۳۱ - اور نسخہ سید سعید - ورق ۹۰ تا ۹۷ جو مدرسۃ العلوم علی گڈھ کی لائبریری مین موجود ہین ۱۲

"التطبیق" نام کا ایک رسالہ تحقیق حرکت شمس میں لکھا تھا۔ جارج فاربس نے (G. Forbes) جو ہمارے زمانے کے مشہور ہیئت دانوں میں سے ہے اپنی تاریخ ہیئت میں اس بحث کے متعلق ایک نہایت عمدہ رائے لکھی ہے جس کا یہاں نقل کردینا مناسب ہے وہ لکھتا ہے کہ "ہمیں اس امر کا اعتراف کرنا ہوگا کہ واقعات کی ایسی حالت میں جبکہ ہنوز جذب وثقل کے ذریعہ سے نظام شمسی کے مختلف افراد میں ربط کا کوئی سوال پیدا نہ ہوا تھا، اُس کے (ٹائکو براہے (Tycho Brahe) نامی ہیئت دان متوفی سنہ ۱۶۰۱ء کے) دلائل متعلق سکون ارض جیسا کہ ہمیں ایسے شخص سے توقع کرنی چاہیے علمی اور بالکل صحیح ہیں کچھ تعجب نہیں کہ ماہرین ہیئت بالعموم کوپرنیکس (Copernicus) کی (جس نے یورپ میں سب سے پہلے حرکت ارض کے متعلق خیال ظاہر کیا تھا) رائے کو تسلیم نہیں کرتے تھے" [۶] فاربس نے جو قول براہی کی نسبت کہا ہے وہی بے کم وکاست بیرونی کے حق میں بلا خوف تردید کہا جاسکتا ہے۔ بلا شبہہ کپلر (Kepler) (متوفی سنہ ۱۶۳۱ء) اور نیوٹن (Newton) (متوفی سنہ ۱۷۲۷ء) سے پہلے جب تک حرکت اور کشش کے قوانین ضبط نہ ہوے تھے محال تھا کہ کوئی صائب الرائے حرکت ارض کے متعلق براہین قاطع پیش کرسکتا، لیکن پھر بھی بیرونی جیسے محتاط متبحر کی مندرجہ ذیل رائے اُس کے کمال احتیاط علمی کی واضح دلیل ہے۔ بیرونی اپنی تصنیف "استیعاب" میں اصطرلاب زورقی کے متعلق یوں لکھتا ہے کہ

۶ دیکھو ہسٹری آف اسٹرانومی (History of Astronomy) مصنفہ جارج فاربس ایم-اے- ایف آر-ایس (G. Forbes) (مطبوعہ واٹس اینڈ کو سنہ ۱۹۰۹ء) صفحہ ۳۸-

"ابوسعید سجزی نے ایک بڑا اصطرلاب بنایا تھا جس کا عمل مجھ کو بہت پسند آیا اور مین نے ابوسعید کی بہت تعریف کی، کیونکہ جن اصول پر اس کو قرار دیا تھا وہ کرۂ ارض کو متحرک تسلیم کرتے ہین۔ مین اپنی جان کی قسم کھاتا ہون کہ یہ عقیدہ ایسی شبہہ کی حالت مین ہے کہ اس کا حل کرنا نہایت دشوار اور اُس کا رد کرنا نہایت مشکل ہے۔ مھندسین اور علمائے ہیئت اس عقیدے کے رد مین بہت پریشان ہون گے اور ہرگز کوئی دلیل اُس کے باطل ثابت کرنے مین نہ لاسکین گے۔ میری تحریر پر انھین طعنہ زن ہونا چاہیے کیونکہ حرکت شبانہ روز کو خواہ وہ حرکت ارض کا باعث سمجھین خواہ حرکت سما کی وجہ قرار دین دونون صورتون مین اُن کی صناعت مین کسی قسم کا فرق نہین آسکتا[۱]"

ہیئت سے گذر کر جس وقت ماہرین فن بیرونی کی جغرافیائی تحقیقات پر نظر ڈالتے ہین تو نظری و عملی دونون حیثیتون سے اُس کے کمال فضل کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ ریمنڈ بیزلے (Reymond Beazley) (جس نے جغرافیہ جدید کی ایک مبسوط تاریخ تین ضخیم جلدون مین تحریر کی ہے، جس کے مطالعہ کرنے سے یورپ کی آج سے چند صدی پیشتر کی جغرافیہ دانی کی افسوسناک حالت کا نقشہ نظر کے سامنے پھر جاتا ہے) لکھتا ہے کہ "بیرونی اپنے زمانے کا سب سے بڑا جغرافیہ دان تھا"۔ "جغرافیہ کے اُس شعبے مین، جس مین متقدمین علمائے اسلام نے ایسی خدمات جلیلہ انجام دین، البیرونی شاید تاریخ اسلام کے ہر عہد اور ہر قوم مین سب سے بڑا نام ہے"۔ "مسعودی اور ابن حوقل کے بعد جن مسلمانان نے علم جغرافیہ مین قوی آثار یادگار چھوڑے ہین وہ غزنوی ارسطو ابوریحان سے ہے

[۱] دیکھو مولوی عنایت احمد صاحب بی اے (علیگ) کی "حالات ابوریحان بیرونی" صفحہ ۲۱-۲۲-

جو البیرونی کے نام سے شہرۂ آفاق ہے...... اس شخص نے جو علمائے اسلام مین حقیقۃً محقق کے خطاب کا مستحق ہے، اپنی دوران تصانیف مین جو تمام انسانی علم پر حاوی ہین، جیسا کہ اُس زمانے کے بہترین دماغ مین تصور ہو سکتا تھا، ایک کتاب جغرافیہ ہیئت و ریاضی پر لکھی جو زمانہ ما بعد مین ،،قانون مسعودی،، کے مبارک نام سے نامزد ہوئی ،،قانون مسعودی مین ایک نہایت طویل فہرست اطوال البلاد اور عرض البلاد کی درج ہے جو بیرونی کی ساری عمر کی سیاحت اور عملی کوششون کا ماحصل ہے [دیکھو مقالہ پنجم نمبر ،، فی اثبات اطوال البلدان و عروضہا فی جداول ،،] محض سمتِ قبلہ کی تحقیق مین بیرونی کے نصف درجن رسالے ہین، جو اُس کے مذہبی جذبات کی متعدد مثالون مین سے ایک مثال ہے نیز اطوال البلاد اور عروض البلاد کی تصحیح اور تحقیق مین بھی کئی رسالے ہین۔ اس کے علاوہ جغرافیائی نقشون کے متعلق مستقل تالیف چھوڑی ہے جس کا نام ہے ،، تحدید المعمورہ وتصحیحہا فی الصورہ،، اسی ضمن مین وہ تصانیف بھی شمار کرنی چاہئین جو تسطیح صور اور تبطیح کور (یعنے مجسمات کو مسطحات اور اجسام کروی کو سطحات مستوی مین بدلنے کے متعلق ہین۔ ان مین بیرونی نے یہ بتایا ہے کہ قواعد ریاضی کی مدد سے کس طرح کروی چیزون کو ایسا پھیلایا جائے کہ کچھ حسابی فرق نہ آئے۔ یہ ایک نہایت کارآمد چیز ہے اور جیسا کہ بیرونی نے لکھا ہے یہ قواعد سیارون اور کواکب اور نیز زمین کے نقشے تیار کرنے مین استعمال کیے جا سکتے ہین۔ بیرونی نے آثار مین

۵ دیکھو تاریخ آغاز جغرافیہ جدید (History of the Dawn of Modern Geography)
(مصنفہ ریمنڈ بیزلے جلد اول باب اول اور باب آخر)

یہ بھی لکھا ہے کہ اُس سے پہلے اس مبحث پر کسی نے قلم نہین اٹھایا تھا اور یہ پہلا موقع تھا کہ دنیا کے روبرو وہ اس مضمون کو پیش کر رہا تھا[۹]۔

ہیئت اور جغرافیۂ طبیعی کے ذیل مین بیرونی کی وہ تصانیف بھی داخل ہین جن مین مذنبات، ذوائب (دُمدار اور گیسودار) کواکب منقضہ (ٹوٹنے والے تارے) اور ہوا مین روشن ہونے والی چیزون کے متعلق بحث کی ہے یا جن مین آثار علوی (یعنے سحاب، مطر، رعد، برق، صاعقہ، برف، ژالہ وغیرہ کائنات جو[۱۰]) کے بارے مین تحقیقات تحریر کی ہین مثلاً "مقالۃ فی دلالۃ الآثار العلویۃ علی الاحداث السفلیہ"

کتاب الہند مین ہندوستان کے جغرافیہ پر جو باب تحریر کیا ہے، اور جسے رشید الدین نے جامع التواریخ مین تقریباً حرف بحرف نقل کیا ہے، وہ اپنی صحت اور وسعت معلومات کے لحاظ سے ایک عجیب و غریب تاریخی چیز سمجھا جاتا ہے[۱۱]

کچھ علوم ریاضی اور ہیئت پر ہی منحصر نہین ہے تاریخ تمدن، علم آثار اور علم المذاہب مین بیرونی کے علمی کارنامے آج بھی حیرت اور استعجاب سے دیکھے جاتے ہین۔ بڑی سے بڑی دشواریان بیرونی نے ان شعبہاے حکمت کے واسطے مواد جمع کرنے مین برداشت کین اور اسی وجہ سے اُس کی تصانیف مین تاریخی استقرا کے بیش از قدر ذخائر پائے جاتے ہین۔ کتاب الہند اور آثار الباقیہ (جن کی خوبیان ناظرین پر روشن ہین) اس قسم کے معلومات سے مالامال ہین۔

[۹] دیکھو آثار الباقیہ صفحہ ۳۵۷۔

[۱۰] جامع بہادرخانی صفحہ ۵۔

[۱۱] دیکھو ایلیٹ و ڈوسن کی تاریخ ہند جلد اول و جلد دوم۔

نہایت افسوس ہے کہ بیرونی کی تاریخ خوارزم اور قرامطہ اور ریضہ کی تاریخ مفقود ہین اور یہ ایک ایسا افسوسناک نقصان ہے جس کی تلافی کسی طرح ممکن نہین۔

الغرض بیرونی کے حالات پر نظر ڈالنے سے اول جو بات سب سے زیادہ بیّن ہے وہ بیرونی کا ہمہ گیر مذاق حکمت ہے، جو تمام شعبہاے حکمت کی تسخیر مین مصروف نظر آتا ہے اور دوسرے جو بات سب سے زیادہ حیرتناک ہے وہ اس قدر مختلف اور متعدد شعبون مین مہارت تامہ حاصل کرنا ہے۔ یہ ایک ایسا عظیم الشان کارنامہ ہے، جو فرد واحد کی بساط سے کہین بڑھ کر معلوم ہوتا ہے خیال ہوتا ہے کہ گویا اُس کی نظر کیمیا اثر کے ساتھ معلومات کے انبار کے انبار اُس کے سامنے جمع ہو جاتے ہین اور اُس کا نکتہ رس اور دقیقہ سنج دماغ نہایت سہولت اور خوبی کے ساتھ اُن مین سے نتائج اور مقاصد حاصل کر لیتا ہے لیکن یہ کبھی ممکن نہ تھا کہ بغیر شدید محنت کے محض ذہن اور حافظہ یہ خدمات جلیلہ انجام دے سکتے۔ شہرزوری نے اُس کی محنت اور شوق کا حال اس طرح بیان کیا ہے

"بیرونی ہمیشہ علوم کے حاصل کرنے مین محو رہتا تھا اور کتابون کی تصنیف پر جھکا ہوا تھا۔ اپنے ہاتھ سے قلم کو دیکھنے سے آنکھ کو اور فکر سے دل کو کبھی جدا نہین کرتا تھا مگر سال مین صرف دو روز یعنے نوروز اور مہرجان کے دن جب وہ اپنے کھانے وغیرہ کے سامان کو مہیا کرتا تھا"

اسد اکبر جس شخص کی محویت اور شوق کی یہ حالت ہو اور ساتھ ہی مبدر فیض سے ایسی طبیعت پائی ہو ظاہر ہے کہ وہ کس پایہ کا عالم ہوگا۔ تلاش اور وفور شوق کا اس سے اندازہ کیجیے کہ متواتر چالیس برس تک وہ ایک کتاب کی تلاش مین سرگرم رہا اور اسوقت تک

چین نہ آیا جب تک وہ کتاب دستیاب نہ ہو گئی۔ اس واقعہ کی تفصیل بیرونی نے اپنے خط مین اس طرح لکھی ہے:۔

"مین نے ابوبکر بن زکریا الرازی کی اُس کتاب کو جو علم الٰہی کے متعلق ہے مطالعہ کیا۔ اس مین اس نے مانی کی کتابون کی طرف رہنمائی کی ہے، بالخصوص اُس کتاب کی طرف جس کا نام سفر الاسرار ہے۔ مجھے اس کتاب کے نام سے ایسی فریفتگی ہوئی جیسے اور لوگون کو کیمیا کے متعلق سونے چاندی کی فریفتگی ہوتی ہے۔ میری نوعمری بلکہ حقیقت کی پردہ پوشی نے دل مین اس کتاب کی طلب کرنے کی کمال خواہش پیدا کی کہ کسی شہر یا ملک مین جہان اپنا شناسا ہو اسے تلاش کیا جائے۔ مین چالیس برس سے کچھ زیادہ اسی تپش کی بیتابیون مین رہا یہانتک کہ جندِ ہمدان سے ایک شخص آیا جس نے فضل ابن سہلان کے ذریعہ سے کچھ کتابین پائی تھین اور اُسے معلوم ہوا تھا کہ مجھے ان کا بہت اشتیاق تھا۔ شخص مذکور نے ان کتابون کو مجھ سے ملاقات حاصل کرنے کا وسیلہ بنایا۔ اُس کے پاس ایک مجموعہ تھا جس مین مانی کی حسب ذیل کتابین تھین، فرقماطیہ، سفر الجبابرہ، کنز الاحیاء ضح الیقین، تاسیس، انجیل اور شابورقان، اور مانی کے چند دوسرے رسالے تھے اور میری مطلوبہ کتاب سفر الاسفار بھی ان مین شامل تھی۔ مجھے اس قدر خوشی ہوئی جیسے پیاسے کو شربت کے دیکھنے سے ہوتی ہے، لیکن اخیر مین ایسا ملال ہوا جیسے ناگوار چیز کھانے سے ناگوار ڈکار آتی ہے۔ مین نے خدا کو اپنے قول مین سچا پایا کہ "جس کو خدا روشنی نہین دیتا اُس مین روشنی نہین ہوتی"، پھر مین نے اُس کتاب مین سے لغو اور بیہودہ باتون کو باختصار ایک جگہ جمع کر دیا تاکہ جو شخص میری طرح گرفتار مصیبت ہو اُسے پڑھ کر جلد شفا حاصل کرے جیسا میرا حال ہوا۔"

صرف اس ایک واقعہ سے ناظرین اندازہ کر سکتے ہین کہ بیرونی کی تلاش کتب کی کیا کیفیت تھی۔ لاریب بغیر اس شوق کے یہ جستجو نہین ہو سکتی تھی اور بغیر ایسی جستجو کے یہ تبحر حاصل ہونا ممکن نہ تھا۔

بیرونی کے تمام افعال اور اغراض کا منتہا محض علم و حکمت حاصل کرنا تھا اور اس غرض و غایت کے پورا کرنے کا جو موقع بھی اُسے ملتا تھا وہ اُس سے بغیر فائدہ اُٹھائے نہ رہتا تھا۔ ذرا اس واقعہ پر غور کیجیے کہ سرزمین ہند مین سنسکرت زبان سیکھنے کے لیے آپ سفر فرما رہے ہین، یکایک ایک میدان مستوی السطح اور جبل قائمہ نظر آتے ہین۔ فوراً ذہن منتقل ہوتا ہے کہ خط نصف النہار کے ایک درجے کی مقدار معلوم کرنے کے واسطے یہ ایک نہایت موزون موقع ہے۔ وہین ٹھہر جاتے ہین اور آلات ہیئت نکال کر مساحت کے عمل شروع کر دیتے ہین اور آخر جب تک درجۂ مذکور کی مقدار تحقیق نہین ہو لیتی اور آپ کا اطمینان نہین ہو جاتا، آگے نہین بڑھتے۔ بیرونی نے اپنی زندگی محض کنج عزلت مین نہین گذاری تھی بلکہ بہت کچھ سفر کیا تھا اور خوب دُنیا دیکھی بھالی تھی۔ میدان مشاہدہ اور میدان معلومات وسیع ہونے کی وجہ سے اُس مین اجتہاد اور جدت بہت زیادہ پائے جاتے ہین۔ مشاہدے کی قوت نہایت دوربین اور نکتہ رس ہے۔ ہر شے کی علمی تحقیقات اُس زمانے مین بیرونی ہی کا حصہ ہے۔ بڑی بات جو دماغی فضل اور حریت ذہن پر دلالت کرتی ہے، یہ ہے کہ اُس کا مدار صرف حکما کی تصانیف کی تقلید اور خیالات کی غلامی پر نہ تھا بلکہ وہ ہمیشہ نئی بات پیدا کرنے اور نئے علوم اختراع کرنے یا موجودہ علوم کے دائرۂ معلومات کو وسیع کرنے پر

مائل رہتا تھا۔ نیز تحقیقات علمی میں جن کا مدار مشاہدہ و تجربہ پر ہے یہ وہ کبھی مطمئن نہ ہوتا تھا تا وقتیکہ خود بھی عملی ثبوت بہم نہ پہونچا لیتا۔ یہی وجہ ہے کہ اُس کی معلومات اس قدر صحیح اور قابل قدر ہیں۔ جرمن محقق ڈی بور بیرونی کی بابت تاریخ فلسفۂ اسلام میں لکھتا ہے:-

"بیرونی بالخصوص ریاضی ہیئت جغرافیہ اور علم الآثار میں مصروف رہتا تھا۔ وہ ایک نہایت بالغ النظر اور دقیقہ رس محقق گذرا ہے۔ فلسفے پر جس سے اُسے مسائل مشکلہ کی عقدہ کشائی میں بہت کچھ مدد ملتی تھی اس کی توجہ ہمیشہ مبذول رہتی تھی اس لیے کہ (بخیال بیرونی) فلسفہ تہذیب و شائستگی کا جزو لاینفک ہے .... آریا بھاٹ کے مقلدین کے اس خیال کو بیرونی نے اپنی تائید سے کے ساتھ پیش کیا ہے کہ جو کچھ ضیائے خورشید سے منور ہے ہمیں اُس کی حقیقت جان لینا کافی ہے اور جو کچھ اُس سے علاوہ ہے وہ چاہے بیرون از قیاس وسیع کیوں نہو ہمارے واسطے لاحاصل محض ہے۔ اس لیے کہ جہاں شعاع آفتاب نہیں پہونچتیں وہ حواس کی رسائی سے باہر ہے اور جہاں حواس کو یارائی حاصل نہیں اس کی بابت ہم کچھ بھی نہیں جان سکتے" اس بات سے ہم پتہ لگا سکتے ہیں کہ بیرونی کا کیا فلسفہ تھا۔ اُس کا یہ فلسفہ تھا کہ حواس کی مدد سے اشیا کو معلوم کرنا اور عقل و فکر کی یاوری سے کام لینا یہی علم الیقین ہے۔ نیز یہ کہ ضروریات مدت حیات انسانی کے لیے ہم کو فلسفۂ عملی کی ضرورت ہے جس سے درست و نادرست کی تمیز کر سکیں[۱۱۵] ....."

تحقیقات کے لیے جو مضامین بیرونی کے دماغ میں گذرتے ہیں وہ بھی

---

[۱۱۵] دیکھو تاریخ فلسفۂ اسلام (History of Philosophy in Islam)
مصنفہ ڈی بور (T. J. De Boer) صفحہ ۱۲۵۔

بعض اوقات اپنی نوعیت کے لحاظ سے نئے رنگ کے ہوتے ہین۔ دیکھیے کہین درختون کے قد و قامت کی علمی تحقیقاتین ہو رہی ہین، کہین جواہرات اور فلزات کے حجم کی نسبت سے بحث کی جا رہی ہے، کہین ملمع سازی کے گُر بتائے جا رہے ہین، کہین جواہرات کی شناخت اور ماہیت کا حال لکھا جا رہا ہے کہین عید تیوہارون کی کیفیت لکھی جا رہی ہے، کہین گنڈے تعویذ جھاڑ پھونک نیرنجات اور طلسمات وغیرہ کے متعلق تحقیقات کی سرگرمی دکھائی جا رہی ہے[ف۱۳] کہین ثابت کیا جا رہا ہے کہ قطبین کے نیچے رات اور دن مل کر ایک سال کے ہوتے ہین۔ اور کہین پیمانون اور وزنون اور ترازو باٹون کا حال لکھا جا رہا ہے غرض تاریخ تمدن کی ادنیٰ سے ادنیٰ بات مین وہ دلچسپی رکھتا ہے اور اپنی موشگافی اور ہمہ دانی سے دوسرون کے سامنے اس طرح پیش کر سکتا ہے کہ جو باتین بادی النظر مین معمولی معلوم ہوتی تھین، بیرونی کی تحقیقات سے نہایت اعتنا اور توجہ کی مستحق قرار پا جاتی ہین۔

اوپر کہین ڈی بور کے اس قول کو ہم نے نقل کیا ہے کہ ابن سینا اپنے ہم عصر بیرونی سے علوم حکمت اور جودت طبع مین کمتر پایہ رکھتا تھا[ف۱۴]۔ بادی النظر مین تعجب ہوتا ہے کہ ابن سینا کو اس قدر شہرت نصیب ہوئی اور بیرونی کا جو اپنے معاصرین مین سب پر فوقیت رکھتا تھا، زمانے نے نام تک بھلا دیا۔ میرے

ف۱۳ جیسا کہ بیرونی نے آثار الباقیہ صفحہ ۲۳۰ مین اشارہ کیا ہے، "کتاب الصناعۃ الطبیعیۃ والغرائب الصناعیۃ" مین اسوا دیگر مباحث کے گنڈے تعویذ وغیرہ سے بھی بحث کی تھی ۱۲

ف۱۴ دیکھو تاریخ فلسفۂ اسلام صفحہ ۱۴۳ — ۱۲

خیال مین اس کی وجہ یہ ہے کہ ابن سینا نے طب مین معرکۃ الآرا تصانیف چھوڑین جن کی ہر وقت اور ہر زمانے مین ضرورت پڑتی اور قدر ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے ابن سینا کا نام زبان زدِ عوام رہا۔ بیرونی نے بھی چند کتابین طب مین لکھی تھین (اس شعبہ حکمت مین بھی بیرونی پوری مہارت رکھتا تھا) لیکن وہ عام دلچسپی سے قدرے بالا تھین۔ نیز اُس کی اکثر تصانیف ہیئت ریاضی تاریخ آثار وغیرہ جیسے علوم مین تھین جن کے سمجھنے اور قدر کرنے والے ہمیشہ کم ہوے ہین۔ بدیں وجہ بیرونی کے فضل و کمال کا شہرہ زیادہ مدت تک برقرار نہ رہا۔ عہد مابعد مین جب مسلمانون پر علمی جمود کا عالم چھایا اور اجتہادِ فکر کی جگہ تقلید محض نے لے لی تو متاخرین کی ناقدر شناسی اور مذاق علمی کی تبدیلی کی بدولت بیرونی کا کوئی نام لیوا نہ رہا۔ لیکن اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ جس دور سے بیرونی تعلق رکھتا تھا اُس مین بھی اُس کی شہرت کی یہی کیفیت تھی۔ نہین بلکہ اُس دور کے لوگ ایسے متبحر کی پوری قدر جانتے تھے۔ اس زمانے کی صدائے علمی (لٹریری ٹون) علمی ترقی تھی اور جو شخص ترقی علم مین اپنی سعی وجہد مبذول کرتا تھا، دنیا اُس کی قدر و منزلت کا کوئی دقیقہ نہ اُٹھا رکھتی تھی۔ بیرونی کی کتابون کی فہرست پر نظر ڈالیے تو معلوم ہوگا کہ مسائل حکمت مین وہ قریب و بعید کا مرجع بنا ہوا تھا۔ ممالک اسلام کا کیا ذکر ہند اور کاشمیر کے علما حل مسائل کے لیے اُس کی طرف رجوع کرتے تھے۔ ایسی بہت سی کتابین ہین جن کو مختلف فضلا کی فرمایش سے جو متفرق مقامات کے رہنے والے تھے تالیف کیا ہے۔ ان سب باتون سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُس دور ترقی مین اُس کی شہرت دنیاے تمدن مین چارسو پھیل گئی تھی۔

بیرونی کے شاگرد امام حکیم لبیبی سے ایک روایت منقول ہے جو بیرونی کے فاضلانہ طرز تحریر پر گہری روشنی ڈالتی ہے۔ یہ روایت لبیبی نے اپنے اُستاد کی کسی کتاب کے حاشیہ پر لکھدی تھی۔

"ہمارے اُستاد شیخ رئیس کی عادت یہ تھی کہ جب وہ اپنی کتابون مین کسی عملی چیز کا ذکر کرتا تھا تو اُس کی مثال نہین لاتا تھا اور اگر مثال دیتا بھی تھا تو ایسے مغلق اور فصیح الفاظ مین کہ اُس کا سمجھنا دشوار ہوتا تھا مین نے اس کا سبب دریافت کیا تو اُستاد نے کہا کہ مین اپنی تصنیفات کو مثالون سے اس لیے خالی رکھتا ہون تاکہ اُن امور مین غور کرنے والا، جو مین نے ان تصنیفات مین ودیعت کی ہین، خوب کوشش کرے اور اُس مین اجتہاد اور کوشش کا مادہ ہو اور علم دوست ہو جس شخص کی یہ شان نہ ہو مین اُس کی پروا نہین کرتا۔ وہ سمجھے یا نہ سمجھے میرے نزدیک برابر ہے"

اگرچہ یہ روایت بیرونی کی مخصوص معرکۃ الآرا تصانیف کے متعلق صحیح ہے (اور اعلیٰ علمی تصانیف کے متعلق یہ شکایت ہمیشہ کی گئی ہے) لیکن اس کا اطلاق اُس کی کل تصانیف پر نہین کیا جا سکتا۔ بہت سی کتابین (مثلاً "مبادی الہیئت" "کتاب التفہیم") اُس نے سہل پیرایہ مین مبتدیون کی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھی ہین اور دقیق مسائل کو نظرانداز کر کے اصلی اور ابتدائی باتون کو وضاحت اور مثالون کے ساتھ سمجھایا ہے۔ مثلاً کتاب التفہیم کو لیجیے۔ اُسے پڑھ کر یہ خیال کرنا دشوار ہے کہ اس کا لکھنے والا قانون مسعودی کا مولف ہے۔ اول الذکر کتاب مین اس کثرت سے شکلون اور نقشون سے کام لیا گیا ہے جیسا کہ آج کل ماننا

اعلیٰ درجے کی ابتدائی کتابون مین دستور ہے۔ برخلاف اس کے قانون مسعودی مین نہایت ضروری اشکال ہندسی کا استعمال کیا ہے۔ اسی طرح پر مضامین کا بھی قیاس کر لیجیے۔ قانون مین مجرد اصول بیان کیے گئے ہین اور وہ بھی نہایت ایجاز کے ساتھ۔ اس کتاب کے پڑھنے والے کے متعلق بیرونی یہ فرض کر لیتا ہے کہ وہ اس فن کا ماہر ہے۔ لیکن کتاب التفہیم مین محض اصول ہی نہین بتائے جاتے بلکہ اُن کو مثالون شکلون ہر طرح سے پڑھنے والے کے، جسے مصنف اس فن کا مبتدی فرض کرتا ہے، ذہن نشین کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

بلاشبہہ بیرونی کا رجحان طبع زیادہ تر علوم حکمت کی جانب ہے لیکن خالص ادبی دلچسپیان بھی اُس کے دائرۂ تبحر سے خارج نہین۔ ہزل و سخف مین اُس کی متعدد تصانیف ہین۔ فن شعر کے متعلق ایک مستقل تالیف ہے اور ناظرین کو خیال ہوگا کہ ابی تمام کے (جو شعرا مین بیرونی کا سب سے عزیز شاعر معلوم ہوتا ہے) اشعار کے متعلق بھی دو کتابین ہین۔ نیز خالص ادبی فضل کی کیفیت کا اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ جابجا عبارت مقفہ اور فقرے متوازن ہوتے ہین۔ الفاظ کی موزونیت کی (بقول مستشرق زاخو) یہ حالت ہے کہ جو لفظ جہان استعمال کیا ہے، وہان دوسرا لفظ اُس کی جگہ جوڑ نہین کھاتا۔ اختصار اور ایجاز کا حال اوپر لکھا جا چکا ہے۔ مناسب اشعار بھی کبھی کبھی دوران تحریر مین قلم سے نکل جاتے ہین اور برمحل کلام مجید کے حوالجات بھی بے تکلف شامل تحریر پائے جاتے ہین یہ تمام امور بیرونی کی عربی زبان کی انشاپردازی کا کمال ظاہر کرتے ہین۔ البتہ سخت ظلم ہوگا اگر انشاپردازی کا اندازہ ایسی علمی کتابون سے کیا جائے جیسے

قانون مسعودی، جہاں مضامین کی نوعیت خود انشا پردازی اور رنگینی تحریر کی مانع ہے
اب ہم بیرونی کے فضل و کمال کے مختصر بیان کو ختم کرکے اُس کے اخلاق وعادات کی طرف ناظرین کی توجہ مبذول کرتے ہین۔ بیرونی کی تصانیف سے ظاہر ہے کہ وہ ایک بے تعصب، صلح کل آزاد مشرب اور بالاے ہمہ حق پرست حکیم تھا۔ یہی وجہ تھی کہ اُس کے حلقۂ احباب مین مختلف مذاہب کے لوگ شامل تھے، جن کے میل جول سے وہ علمی فائدہ اُٹھاتا تھا۔ آثار اور الہند کے مطالعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ عیسائی، یہودی، زردشتی، صوفی، ہندو پنڈت غرض ہر قوم اور مذہب کے لوگ جن سے اُسے دوران سیاحت مین واسطہ پڑا، اُس کے دوست تھے اور اس کے کہنے کی ضرورت نہین کہ بیرونی کے مذاق فطری کو ملحوظ رکھتے ہوے یہ دوستی بالعموم بربناے علم و حکمت ہوتی تھی۔ بیرونی کی طبیعت مین ظرافت کا مادہ بھی پایا جاتا ہے، لیکن اُس کا مذاق سنجیدہ ہے اور ہجو ملیح ہوتی ہے۔

بیرونی بلاشبہہ آزاد مشرب اور روشن خیال حکیم تھا، لیکن حاشا وہ قیود مذہب سے آزاد یا عقائدِ ملت سے منحرف نہ تھا، بلکہ اس کے برخلاف جا بجا اس کی قوی مذہبیت اور حسن عقیدت کے علامات نظر آتے ہین۔ کلام مجید کے حوالجات جس سہولت سے وہ پیش کرتا ہے، اُس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ قرآن شریف پر وہ عبور رکھتا تھا۔ سمت قبلہ کی تحقیق کے متعلق نصف درجن رسائل کا تحریر کرنا دوسری دلیل اُس کے جوش ملی کی ہے۔

یہ ناممکن تھا کہ بیرونی جیسا ذکی الطبع اور عمیق النظر حکیم عقل انسانی کی حدود

اور مذہب الٰہی کی برتری سے نا آشنا رہتا۔ تاریخ اسلام مین بیرونی سے بہت پہلے عقل و مذہب کا معرکہ شروع ہو گیا تھا اور بہت سے ایسے اہل خیال پیدا ہو گئے تھے، جو عقل کو بے جا فضیلت دینے اور مذہب کو عقل انسانی کی ماتحتی پر مجبور کرنے پر مصر تھے۔ بیرونی اُن اہل خیال کے دائرہ سے خارج ہے۔ وہ سب سے پہلے اس بات کا قائل ہے کہ مذہب الٰہی عقل کا مخالف نہین ہو سکتا لیکن اُسے اس سے انکار ہے کہ انسانی عقل ہمیشہ صحیح مسلک اختیار کرتی اور تعقل و تخیل کی غلطیون سے مبرا رہتی ہے۔ لہذا اُس کا عقیدہ یہ ہے کہ مذہب الٰہی کو صحیح مان کر اپنی عقول کو مسائل الٰہی کا تابع رکھنا چاہیے اور اگر کبھی اتفاقاً ایسے امور نظر آئین جو ہماری عقل سے مطابق نہ ہون تو اُن کا انکار نہ کر دینا چاہیے بلکہ جہان تک ہو سکے فکر و غور سے کام لینا چاہیے۔ بنا برین خیالات بیرونی ابوبکر بن زکریا الرازی کی بیرون از حد روشن خیالی اور مذہبی آزادی کا مخالف ہے اور اُن تمام لوگون سے اختلاف رکھتا ہے جو مذہب کو اپنی محدود عقل کا غلام بنانا چاہتے ہین یا مذہب کو عقل کی مخالف شے تصور کرتے ہین۔ ایسے خیالات سے وہ پناہ مانگتا ہے۔ اسی طرح وہ اُن لوگون کا بھی مخالف ہے جو خواہ مخواہ محض جہالت اور تعصب کی وجہ سے عجیب و غریب مذہبی پہلو تراش کر فلسفہ و علوم طبیعی کی مخالفت کیا کرتے ہین۔ چنانچہ ایک جگہ وہ لکھتا ہے۔

"میرا اس ساری بحث سے یہان یہ مقصود ہے کہ اُن لوگون کے خیالات کی تردید کردون، جو یہ کہتے ہین، کہ فلسفیانہ اور طبیعی اسباب و تاریخ قرآن کے بیانات کے خلاف ہین؛

اور جو کسی فقیہ یا مفسر کے قول کی بنا پر کسی امر کی تائید کرنا ضروری جانتے ہین،،

قدیم تذکرہ نویسون کا دستور تھا کہ جب کسی عالم یا حکیم کے حالات لکھتے تو آخر مین اُس کے چند پند و نصائح اور حکیمانہ اقوال ضرور درج کر دیا کرتے تھے شہرزوری اور بیہقی نے بھی ابوریحان بیرونی کے مختصر تذکرے مین معمول کی موافق یہی اسلوب اختیار کیا ہے۔ ہم بھی تیمناً اُن اقوال کو درج کیے دیتے ہین جنھین مورخین مذکور نے اُس علامہ اجل کی طرف منسوب کیا ہے۔ اور اسی پر ہمارا ختم کلام سمجھ لینا چاہیے۔

بیرونی نے کہا ہے کہ بادشاہون کے لیے بڑی اندیشہ ناک چیز انتقام لے کر سزا دینا ہے۔

بادشاہ کو درویش ہو جانے کا سب لوگون سے کم خطرہ ہوتا ہے لیکن ہلاکی کا سب سے بڑھ کر اندیشہ ہوتا ہے، پس اُسے چاہیے کہ نہ بزدلی کرے نہ بخیلی جو چیز اُس کے پاس کم ہوتی ہے زیادہ نہین ہوتی اور جو چیز زیادہ ہوتی ہے کم نہین ہوتی۔

احسان جتانا محسن کے احسان کو باطل کر دیتا ہے۔

ہوشمند وہ شخص ہے جو کل کے امور کی تدبیر آج کر کے بے پروا ہو جائے۔

کسی چھوٹی چیز کو حقیر نہ سمجھنا چاہیے، اس لیے کہ چھوٹی چھوٹی چیزین

---

١٥ بیہقی نے لکھا ہے کہ "مین نے بیرونی کی تصانیف مین سے اکثر اُس کے ہاتھ کی لکھی ہوئی دیکھی ہین۔۔۔ اور اسکی تصانیف ایک بار شتر سے زیادہ ہین اور اس سعی مشکور مین خدا نے اُس کو توفیق بخشی تھی،، ١٢

بعض موقع پر مفید ہوتی ہین اور بعض موقع پر اُن کی سخت ضرورت پڑتی ہے۔

وہ امور جو اُنس اور عادت سے جمع ہو جائین اور عام لوگ اُنھین تسلیم کرلین اُن کی مخالفت نکرنا چاہیے۔

جو شخص ایسا ہو جو گفتگو سے مودب بن سکتا ہے اُسے تازیانے اور تلوار سے ادب نہ دینا چاہیئے۔

عادات صالحہ علاماتِ خیر ہین۔

ہر روز کے لیے سچائی امر حاضر ہے اور ہر کل کے لیے سچائی وہ ہے جو اُس مین پیدا ہوگی۔

حکما اور علما کے اخلاق کا مطالعہ عمدہ عادتون کو زندہ کرتا اور بدعت کو ہلاک کرتا ہے۔

ضمیمہ

میرے محترم اور شفیق بزرگ محمد الیاس صاحب برنی ایم اے (علیگ) نے مجھے مشورہ دیا کہ قانون مسعودی کے مضامین کی فہرست بطور ضمیمہ شامل رسالہ ہذا کر دیجائے تاکہ اہل فضل کتاب کے مضامین کی وسعت اور اُس کی خوبیوں سے مطلع ہو جائین - صاحب موصوف کے ارشاد پر کاربند ہو کر فہرست مذکور ذیل مین درج کی جاتی ہے -

فہرست مضامین قانون مسعودی

ابواب المقالۃ الاولی

۱ فی الاخبار عن ہیئۃ الموجودات الکلیہ فی العالم بالاجمال و ایجاز للتوطیہ -
۲ فی ذکر الدلائل عن مبادی الصناعۃ بالاختصار -
۳ فی اقتصاص دوائر السماویہ وصفۃ القابہا للتعریف فی الاستعمال -
۴ فی تحدید الایام واللیل منہا والنہار -
۵ فی ذکر الشہور والسنۃ الطبیعین والوضعین -
۶ فی ذکر سنی الامم وشہورہم مرسلہ ومعللہ -
۷ فی انواع الایام وما یحلل الیوم الیہ وضعًا -
۸ فی تحویل ہذہ الاجزاء من جنس الی جنس آخر -
۹ فی جماعات السنین المطلقۃ التی لسبب الکثرۃ وغیرہا -

۱۰ فی جماعات التی بسبب کبس السنین الشمسیہ۔
۱۱ فی جماعات التی بسبب کبس السنین القمریۃ۔
فذلک احد عشر باباً

ابواب المقالۃ الثانیہ

۱ فی نقل التواریخ الثلثہ بعضہا الی بعض۔
۲ فی تمییز بالفرض فی التواریخ مختلط الاجزاء۔
۳ فی ذکر تخالیط فی التواریخ الثلثہ المستعملہ (اے تاریخ اسکندر و تاریخ ہجرت و تاریخ یزدجرد) یحل منہا السنۃ العارضۃ فیہا۔
۴ فی تواریخ آخر غیر الثلثہ مستعملۃ فی ہذہ الصناعۃ۔
۵ فی سائر التواریخ المشہورہ۔
۶ فی تواریخ الہند و استخراجہا من التواریخ الثلثہ والثلاثۃ منہا۔
۷ فی سنی الیہود و شہورہم و اعیادہم و استخراجہا و التواریخ الثلثہ بعضہا من بعض۔
۸ فی استخراج صوم النصاری۔
۹ فی صیام النصاری و اعیادہم۔
۱۰ فی الایام المعظمہ فی الاسلام من شہور العرب۔
۱۱ فی اعیاد الفرس و ایامہم المشہورۃ فی المجوسیتہم۔
۱۲ فیما یغیرہم من اشاالہ الالٰہ تحقق تحقیق اشکالہ۔
فذلک اثنا عشر باباً

ابواب المقالۃ الثالثہ

۱ فی امہات الاوتار واستخراجہا۔
۲ فی توابع امہات الاوتار۔
۳ فی التحل الاستخراج وتر التسع۔
۴ فی التحل الاستخراج وتر الجزء الواحد من ثلثمائۃ وستین۔
۵ فی النسبۃ التی بین القطر وبین الدور۔
۶ فی اختیار عدد القطر یکون تقطیع الاوتار بحسبہ۔
۷ فی التجیب والتقویس۔
۸ فی اظلال الاشخاص فی الضیاء وتعریف انواع الظل واستعمالہ۔
۹ فی شکل القطاع الکری ونسبہ الواقعہ من جیوبہ۔
۱۰ فی النسب الواقعہ فی القطاع من الجیوب والاظلال۔
فذلک عشر باباً۔

ابواب المقالۃ الرابعہ

۱ فی مقدار تقاطع زاویہ معدل النہار مع منطقۃ البروج وہی المیل الاعظم۔
۲ فی تقطیع المیل الاعظم ومعرفۃ حصص درجات البروج منہ۔
۳ فی مطالع خط الاستواء مع فلک البروج وعکسہا بالجدول والحساب۔
۴ فی استخراج بعد الکواکب ذی العروض عن معدل النہار۔

۵ في معرفة الدرجة التي تمرّ مع الكواكب ذي العروض على خط وسط السماء۔
۶ في معرفة درجة الكواكب وعرضه من قبل بعده عن معدل النهار ودرجة ممره اذا عرف بالرصد۔
۷ في معرفة عروض البلدان بارتفاعات الاشخاص الطالعة الغاربة على فلك نصف النهار۔
۸ في معرفة عروض البلدان بارتفاعات الاشخاص الابدية الظهور فيها على فلك نصف النهار۔
۹ في معرفة عروض البلدان من ارتفاعات الاشخاص في فلك نصف نهارها وفلك نصف نهار بلد آخر معلوم العرض۔
۱۰ في معرفة الارتفاع في فلك نصف النهار
۱۱ في معرفة ظل نصف النهار۔
۱۲ في سعة المشارق والمغارب واستخراجها ومعرفة عرض البلد منها۔
۱۳ في معرفة السمت من قبل الارتفاع۔
۱۴ في معرفة الارتفاع من قبل السمت۔
۱۵ في معرفة خط نصف النهار بعدّة طرق وتصحيحه۔
۱۶ في معرفة عروض البلدان وميل الشمس من قبل ارتفاعين اما متواليين مع سمتيهما۔
۱۷ في تعديل النهار وقوس النهار والليل ومعرفة عرض البلد منه۔
۱۸ في مطالع البروج والمغارب بها في البلاد۔
۱۹ في درجتي طلوع الكوكب وغروبه۔

۲۰	فی معرفۃ الماضی من النہار من قبل ارتفاع الشمس وعکس ذلک۔
۲۱	فی معرفۃ الوقت من اللیل بقیاس الکواکب الثابتہ۔
۲۲	فی استخراج الاوتاد الاربعہ للوقت المعلوم بالمطالع۔
۲۳	فی استخراج الاوتاد لبعض اقلیم الرؤیۃ اذا عدمت مطالع البلد۔
۲۴	فی تحویل الوقت والمطالع من افق آخر۔
۲۵	فی صفۃ قبۃ الارض واستخراج طالعہا۔

فذلک ستۃ وعشرون باباً۔

ابواب المقالۃ الخامسہ

۱	فی تصحیح اطوال البلدان بالکسوفات۔
۲	فی تصحیح اطوال البلدان بما بینہما من المسافات۔
۳	فی استخراج المسافۃ بین بلدین معلومی الطول والعرض۔
۴	فی معرفۃ طول بلد وعرضہ من قبل المسافۃ بینہ وبین آخر من معلوم الطول والعرض۔
۵	فی معرفۃ سموت البلاد بعضہا من بعض۔
۶	فی طریق الصناعی لمعرفت سمت القبلہ وغیرہا۔
۷	فی معرفۃ دور الارض بالاجزاء الاصطلاحیہ۔
۸	فی ذکر خواص المدارات الموازنہ لخط الاستواء
۹	فی صفۃ المعمورۃ بالاجمال وتحدید اقالیمہا طولاً وعرضاً۔

۱۰	فی اثبات اطوال البلدان وعروضها فی جداول۔
۱۱	فی مسائل المطارح للتدریب۔
	فذلک احدی عشرہ باباً۔

ابواب المقالۃ السادسہ

۱	فی تحویل التاریخ من بلد الی آخر۔
۲	فی تصحیح طول غزنہ والاسکندریہ۔
۳	فی کیفیۃ الوقوف علی اوقات الاعتدال والانقلاب وسائر المواضع المفروضہ من فلک البروج۔
۴	فی الحاجۃ الی الافلاک الخارجۃ المراکز وکیفیۃ تصورہا فی کرہ الشمس۔
۵	فی تصور الحرکۃ فی الافلاک التی یظن فیہما انہما متقاطعاً۔
۶	فی حرکۃ الشمس الوسطی والطریق الذی استخرجہا بطلیموس۔
۷	فی ان اوج الشمس متحرکۃ۔
۸	فی مقدار حرکۃ الاوج۔
۹	فی تصحیح وسط الشمس واستخراج اصلہ۔
۱۰	فی تقطیع التعدیل وتقویم الشمس۔
۱۱	فی تعدیل الزمان ونقل الایام المختلفہ الی المستویۃ الوسطی۔
	فذلک احدی عشرہ باباً۔

ابواب المقالۃ السابعہ

۱ في ذكر حركات القمر و حكايت الآرأ في مسيره المستوى والمختلف۔

۲ في تقريب امر حركتي القمر بالحاق مالحق الشمس به۔

۳ في تصحيح حركتي القمر۔

۴ في حركة القمر في العرض (ا) في ذكر هذه الحركة و تصحيحها (ب) في موضع الرأس و تصحيح مسيره۔

۵ في عرض القمر۔

۶ في مأخذ العودات المتقدمه۔

۷ في اختلاف اختلاف القمر (ا) في النسب الموجب للقمر فلك اوج و معرفة ما بين مركزه و مركز العالم (ب) في انحراف قطر فلك التدوير و نقطة محاذاته

۸ في احوال تعاديل القمر (ا) في الابانة عما في كل جدول منها (ب) في عمل تقويم القمر بجداولنا۔

۹ في كيفية تصور الحركات المذكوره في الافلاك القمر التي في كرته۔

۱۰ في اختلاف منظر القمر طولاً و عرضاً من موضعه المحسوب والمرئي۔ (ا) في معرفة قطر النيرين و ظل الارض (ب) في انحراف قطر فلك التدوير و نقطة محاذاته۔

۱۱ في اختلاف منظر الشمس (ا) في معرفة بعد الشمس عن الارض۔

فذلك احدى عشر باباً۔

ابواب المقالة الثامنه

۱ في بهت الشمس والقمر و معرفة السبق والتراجع۔

٢ فی استقبال النیرین واجتماعهما وسائر الاوضاع الحاصلة من بعدبنهما۔

٣ فی صفة الکسوفین وتصویرهما والفرق بینهما وبین الاشکال فی نور قمر قبل الاستقبال وبعده۔

٤ فی ظل القمر وتحدید اوضاعه۔

٥ فی الحدود التی یمتنع الکسوف فیما عداها۔

٦ فی استخراج قطری النیرین فی المنظر وقطر الظل۔

٧ فی حساب کسوف القمر (ا) فی المقدار المنکسف وتکسیره (ب) فی اختلاف الوانه فی انخراقه وصورته۔

٨ فی اوقات کسوف القمر (ا) فی اوقاته بالاطلاق (ب) فی احواله القرب الطلوع والغروب۔

٩ فی حساب کسوف الشمس (ا) فی المقدار المنکسف وتکسیره (ب) فی انخراقه وتصویره

١٠ فی اوقات کسوف الشمس۔

١١ فی مایذکر من الوان کسوف الشمس۔

١٢ فی اشکال ضیاء القمر وساعات اضائته۔

١٣ فی اوقات طلوع الفجر ومغیب الشفق۔

١٤ فی رویت الهلال (ا) فی امکان الرویة وامتناعها ووجوهها (٢) فی سمت الهلال وتقریبه ونصب الترجح علیه۔

١٥ فی منازل القمر وموضعه منها والایام المنازله۔

١٦ فی الایام القمریه (ا) فی انصاف الایام القمریه (ب) فی تداخل الایام واشتراکاتها

۱۷ خیال الکسوفین (ا) فی اتحاد مداری النیرین (ب) فی تساوی مداری النیرین۔

فذلک سبعہ عشر باباً

ابواب المقالہ التاسعہ

۱ فی تنویع الاشخاص النیرہ (ا) فی الفرق من الکواکب الثابتہ وبین السیارہ (۲) فی علہ تسمیۃ الثابتہ بالثبات۔

۲ فی تقسیم الکواکب الثابتہ اقاماً ذاتیۃ (ا) فی ذکر تفاصلہا بالعظم (ب) فی السحابیات والمجرہ

۳ فی حرکۃ الکواکب الثابتہ (ا) فی ان حرکۃ جمیعہا علی قطبی فلک البروج (ب) فی الحال الکواکب الکائن علی قطر احدی الحرکتین (۳) فی تجدید حرکۃ الکوکب الثابتہ۔

۴ فی تقسیم الکواکب الثابتہ بحسب سکان بقاع الارض (ا) فی احوالہا و والقابہا فی عروض البلدان (ب) فیما تغیر من ہذہ الاحوال علی طول الازمنہ وتحدید ما یمکن فیہ قبول التغیر و ما لا یمکن فیہ۔

۵ فی اوضاع الکواکب الثابتہ من الشمس و احوالہا۔

۶ فی تشریق الکواکب و تغریبہا

۷ فی حصر الکواکب الثابتہ (ا) فی الصور التی تحویہا (ب) فی اثبات مواضع الکواکب الثابتہ فی الجداول

۸ فی منازل القمر وکواکبہا عند العرب و الہند

۹ فی الانوار والبوارج علیٰ مذہب العرب
فذلک تسعہ باباً

ابواب المقالۃ العاشرہ

۱ فی اقتصاص احوال الکواکب الخمسہ و حرکاتہا والقاب فلاکہا
۲ فی طریق الذی وقف بطلیموس منہ فی الکوکبین السفلیین احوال وجہیا و فلک تدویرہما والحرکات فیہما (ا) فی الاوج وانتقالہ (ب) فی مقدار خروج مرکز الحرکہ عن مرکز العالم (ج) فی معرفہ نصف قطر فلک التدویر و تصحیح الخاصیتہ فیہا
۳ فی طریق الذی منہ وصل بہ بطلیموس فی الکواکب العلویہ الی مثل ما کان وصل الیہ بطلیموس فی السفلیین (ا) فی الوجہ الذی تفرق منہ الی ہذہ المطالب (ب) فی تحصیل سعۃ فلک التدویر
۴ فی الموضوع فی الجداول (فی الکواکب) و تقویم الکواکب بہا
۵ فی تحییر الکواکب الخمسہ (ا) فی کیفیت الرجوع العارض الکوکب و استخراج المقامات (ب) فی معرفہ الاقامہ و الرجوع والاستقامہ و الرجوع والاستقامہ
۶ فی ابعاد الکواکب و اجرامہا (ا) فی ابعادہا عن الارض نحو العلو (ب) فی اقطار الکواکب فی المنظر و تکسیر اجرامہا
فی تصویر الہیئۃ التی علیہا یستقیم حرکات الثابتہ فی اکرہا
فی اقتصاص الحرکات التی بہا تمیل الکواکب الی الشمال والجنوب
فی حکایت طریق بطلیموس فی افراد صنفی الغرض

۱۰ فی جداول عروض الکواکب واستعمالہا۔
۱۱ فی ظہور الکواکب المتحیرہ واستخفایہا (ا) فی غایۃ تباعد الزہرہ وعطارد عن الشمس (ب) فی اول تشریق الکواکب وتغریبہا
۱۲ فی اقترانات الکواکب وستر بعضہا بعضاً
۱۳ فی ستر القمر الکواکب

فذلک ثلثہ عشر بابا

ابواب المقالہ الحادیہ عشر

۱ فی طریق تسویہ البیوت (ا) فی ذکر الطریق المشہور فیہا (ب) فی الطریق الذی آثرتہ
۲ فی اتفاقات المواضع (ا) فی تناظر الکواکب و البروج (ب) فی سائر الاتفاقات بینہا (ج) فی اتصال الکواکب طولاً وعرضاً
۳ فی الاستخراج البعد عن الاوتاد
۴ فی مطارح الشعاعات (ا) فی العمل المنسوب الی بطلیموس (ب) فی طریق المنہمین (ج) فی الطریق الذی آثرتہ
۵ فی اعمال التسییرات (ا) فی الطریق المشہور فی ذلک (ب) فی مزج الدرج والمطالع واستعمالہا (ج) فی الطریق الذی آثرتہ فی التسیرات (د) فی معرفہ مبالغ تسیرات (ھ) فی تقسیط القوی بحسب المواضع۔
۶ فی معرفہ وقت بلوغ الکواکب موضعاً مفروضاً من فلک البروج

۷ فی تحاویل سنی العالم والموالید وشهورہا

۸ فی انتہاآت الموالید وادارتہا بالسنین ومادونہا

۹ فی معرفۃ النطاقات والتدویر ولوازمہا

۱۰ فی صعود الکواکب وہبوطہا (ا) فی الممرات (ب) فی انواع الاستعلاء الثلثہ۔

۱۱ فی ذکر قرانات الکواکب العلویہ

۱۲ فی الالوف ونوب الازمنہ

فذلک اثنا عشر باباً

غلط نامہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
الف	۷	وجود	وجوہ
//	۱۱	روزیروز	روزبروز
۱	۱۰	پربیکار	پیکار
۳	۸	تباتی	بتاتی
۴	۱۴	خلیقہ	خلیفہ
۵	۳	کِند	کِندا
//	۱۰	بسط	بسط
۶	۸	رخصت ہوگئے تھے	رخصت ہوگئے تھے[۶ھ]
۱۱	۹	نظر آئے گی	نظر آئیں گی
//	۱۳	مذاقِ علمی ہے	مذاق علمی سے
۱۶	۶	اختلاف قمرا	اختلاف قمر
۲۱	۳	فارابی	فارابی[۱۲ھ]
//	۶	الرازی	الرازی[۲۳ھ]
۲۳	۶	مذاقِ طب میں روح	مذاق طب کی روح

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۲	۱۶	کتاب البا	کتاب الباہ
۲۴	۴	بنو امجور	بنو امجور ۲۵ھ
〃	۸	زمانۂ خلافت	زمانہ خلافتِ
۲۶	۱۷	اس نے	واسطے اس نے
۲۷	۱	ابن صائغ	ابن صائغ ۲۷ھ
۲۸	۲	علم پروزی	علم پروری
〃	۶	نہو اٹھا	نہو اٹھا ۳۱ھ
〃	۱۳	نہ کی جاتی	نہ کی جاتی ۳۲ھ
۳۴	۸	منسوب	منسوپ
۳۹	۹	مین .... عاقل	مین بھی مرد عاقل
۴۵	۱	جسد	حسد
〃	۳	ابو الخیر الحمار	ابو الخیر الخمّار
۴۹	۷	ستایش گے	ستایش کے
۵۰	۱۹	آننا	آشنا
۶۱	۱۸	شمس مین	شمسی مین
۶۲	۷	عمر موافق	عمر کے موافق
۷۱	۱۸	اعتذ	اعتذار
۷۵	۱۴	تحقیق ماللہند	تحقیق ماللہند

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۷۷	۲	من الادباد	من الابعاد
۷۸	۱۷	ماپی جعفر	ابی جعفر
۸۱	۶	۸۷-۶۶	۶۶۸۷
۸۲	۳	کرلینے	کردینے
"	۶	آنے ہین	آئے ہین
۸۳	۵	بتہ	پتہ
۸۶	۵	این الکاسی	ابن الکاشی
"	۱۹	"	"
۸۷	۱	باد	یاد
۸۹	۹	نبت وفضل	بمنت وفضل
۹۸	۴	چاہیے	چاہیے
۹۹	۶	مشاہدۂ تحقیق	مشاہدہ وتحقیق
۱۰۵	۳	لوگ جو اکثر	لوگ اکثر
۱۰۸	۱۰	کعب الاخبار	کعب الاحبار
۱۱۶	۱۶	گھنٹون	گھٹنون
۱۱۹	۱۸	روزہ رکھنے دیا	روزہ رکھتے دیکھا
۱۲۲	۸	بندہ کا نام	بندے کے نام
۱۲۳	۹	لتقفی	الثقفی

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۲۵	۳	مزدولہ	مزدولہ
۱۳۱	۱۴	مدو سے مستغنی ہوگیا	مدو سے یہاں تک مستغنی ہوگیا
〃	〃	پابگل رو	پابگل رہ
۱۳۳	۲	ابو معشر بلخی	ابو معشر بلخی
〃	۱۵	تصانیف میں زیادہ	تصانیف میں زیچ زیادہ
〃	۱۷	ساروں	ستاروں
〃	۱۷-۱۸	آریا بھاسا (جسے ارجاباد کہتے تھے)	آریا بھاٹ جسے عرب ازجاباد اور آریاباد کہتے تھے۔
۱۴۴	۲-۳	بیرونی نہ صرف عجوبہ دہر اور فقید النظیر ہے	بیرونی نہ صرف تاریخ اسلام میں عجوبہ دہر اور فقید النظیر فرد کی حیثیت رکھتا ہے بلکہ دنیا کی تاریخ میں اس پایہ کے بہت کم متبحر پیدا ہوئے ہیں۔
۱۶۷	۴	بیہقی	بیہقی ۵۲۵ھ
۱۷۰	۱۷	اشالہ وان تحقق	اشالہ وان لم تحقق
۱۷۴	۵	من بلہ	من بلہ الی آخرہ